★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Email:dailyquwat786@gmail.com Www.dailyquwat.com

جلد نمبر 15 | بدھ 16 ذیقعد 1446ھ، 14 مئی 2025ء، 31 بیساکھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 186

معرکہ حق پاک فوج کے 11 جوان اور 40 شہری شہید ہوئے

ترجمان پاک فوج

شہداء میں نائیک عبدالرحمان، لانس نائیک دلاور خان، لانس نائیک اکرام اللہ، اور نائیک وقار خالد، سپاہی عدیل اکبر اور نثار شامل، سکواڈرن لیڈر عثمان یوسف، چیف ٹیکنیشن اورنگزیب بھی معرکہ حق کے دوران شہید ہوئے، آئی ایس پی آر

مادر وطن پر قربان ہونے والوں میں آرمی کے 6 اور فضائیہ کے 5 اہلکار شامل ہیں، شہداء قوم کا فخر، شہداء کی قربانی جرات، جذبے اور محب الوطنی کی شاندار علامت ہے، ان کی عظیم قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جائیگا

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے معرکہ حق کے دوران شہدا اور زخمیوں کی تفصیلات جاری کر دیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق معرکہ حق کے دوران وطن کا تحفظ کرتے ہوئے 11 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا جبکہ عام شہریوں پر جارحیت کا جواب دیتے ہوئے 78 اہلکار زخمی بھی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مادر وطن پر قربان ہونے والوں میں آرمی کے 6 اور فضائیہ کے 5 اہلکار شامل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چوبرجی کے علاقے میں لاہور ڈویلپمنٹ پلان پراجیکٹ کے دورے کے دوران سبزی کی دوکان پر خریداری کے لئے آنے والی خاتون سے بات چیت کر رہی ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے لاہور شہر کے اچانک دورے

لاہور ڈویلپمنٹ پلان پراجیکٹس کا جائزہ، سبزیوں کے نرخ بھی چیک کئے

آپ یہاں آنے والی پہلی وزیراعلیٰ ہیں، ہماری گلیاں ٹوٹی ہوئی تھیں، شہری

لاہور (خبرنگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور کے مختلف علاقوں کے اچانک دورے کئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے تحت مختلف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

وزیراعظم کا 10 ارب کے ہتک عزت کے دعویٰ کا کیس، بانی پی ٹی آئی کی

درخواست خارج

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کا بانی پی ٹی آئی کے خلاف دس ارب روپے کے ہتک عزت کے دعوی کا کیس، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

نور مقدم قتل کیس ٹرائل کے دوران ملزم کے ذہنی مریض ہونے کا نکتہ اٹھایا گیا؟ جج سپریم کورٹ

جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے اپیلوں پر سماعت کی، مجرم ظاہر جعفر کے وکیل سلمان صفدر عدالت میں پیش ہوئے اور سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کی

ہماری عدالت میں کیس جج یا وکیل کے مرنے پر ہی ملتوی ہوتا ہے، جسٹس ہاشم کاکڑ کا ظاہر جعفر کے وکیل سلمان صفدر سے مکالمہ، ظاہر جعفر ذہنی مریض ہے، وکیل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں نور مقدم قتل کیس کی سماعت کے دوران جسٹس باقر نجفی نے ملزم کے وکیل سلمان صفدر سے سوال کیا کہ کیا ذہنی مریض ہونے کا نکتہ ٹرائل کورٹ اور ہائی کورٹ میں اٹھایا گیا تھا؟ جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے اپیلوں پر سماعت کی، مجرم ظاہر جعفر کے وکیل سلمان صفدر عدالت میں پیش ہوئے اور مزید دستاویزات جمع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

مودی ایک ہارے ہوئے جواری کی طرح تقریر کر رہے تھے جس کے پلے کچھ نہیں، وزیر دفاع

مودی نے اپنی ساکھ بچانے کے لیے بوکھلاہٹ میں یہ تقریر کی، جتنا بڑا سرٹیفائیڈ دہشتگرد مودی ہے دنیا میں ایسا کوئی نہیں، پہلے ان کے لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کی جائے، انٹرویو

مودی نے آج اپنی گفتگو میں کشمیر اور دہشتگردی کو قابل گفتگو مان لیا، مودی سے پہلے تو یہ کہا جائے جو تم نے ہم پر الزام لگائے اس کی تحقیقات کی جائے، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ نریندر مودی ایک ہارے ہوئے جواری کی طرح تقریر کر رہے تھے، جس کے پلے کچھ نہیں، مودی نے اپنی ساکھ بچانے کے لیے بوکھلاہٹ میں یہ تقریر کی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ مودی نے آج اپنی گفتگو میں کشمیر اور دہشتگردی کو قابل گفتگو مان لیا، مودی سے پہلے تو یہ کہا جائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف ایف بی آر سے متعلق میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

افواج پاکستان نے بھارتی غرور خاک میں ملا دیا، وزیراعظم

ہم نے نہ صرف ملک کا بھرپور دفاع کیا بلکہ پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری پر کوئی آنچ نہیں آنے دی۔ افواج پاکستان کے بہادر افسران و جوانوں نے وطن کی حفاظت کا اپنی قوم سے کیا ہوا عہد پورا کیا: محمد شہباز شریف

پاکستانی قوم اور مسلح افواج بھارتی جارحیت کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑے رہیں، آپریشن بنیان مرصوص سے ہماری بہادر افواج نے دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا، صدر مملکت آصف زرداری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا کہنا ہے کہ معرکہ حق میں افواج پاکستان نے بھارت کی عددی برتری کی خوش فہمی اور غرور کو خاک میں ملا دیا۔ وزیر اعظم نے معرکہ حق کے شہدا کو خراج عقیدت اور ملک کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کے اہل خانہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

پوری قوم کو اپنے شہدا اور ان کے اہل خانہ پر فخر ہے، وزیراعظم

اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو قوم کبھی فراموش نہیں کریگی، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے معرکہ حق کے شہدا کو خراج عقیدت، ملک کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کے اہل خانہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھ سمیت پوری قوم کو اپنے شہدا اور ان کے اہل خانہ پر فخر ہے، اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو قوم کبھی فراموش نہیں کریگی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم نے ارض وطن کے تحفظ کے دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

بھارت کی جانب سے کرتار پور راہداری نہ کھل سکی

سکھوں کی میزبانی کیلئے تیار، دربار انتظامیہ، بھارت راہداری فوری کھولے، رمیش سنگھ

نارووال (این این آئی) پاک بھارت سیز فائر کے بعد بھی بھارت کی جانب سے کرتار پور راہداری نہ کھل سکی، بھارت کی جانب سے راہداری 6 اور 7 مئی کے بھارتی حملے کے بعد سے بند ہے، پاکستان کی جانب سے کرتار پور ہداری معمول کے مطابق کھلی ہے، دربار انتظامیہ کا کہنا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

ججز کا اختلافی نوٹ بینچ سربراہ کی منظوری سے ہی اپ لوڈ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پالیسی کے طور پر یہ طے کیا ہے کہ اگر کوئی جج اختلافی نوٹ تحریر کرتا ہے تو اسے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اہم میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

کشیدگی کے باعث بڑا مالیاتی اثر متوقع نہیں، وزیر خزانہ

نیا بجٹ آنے میں ابھی تین چار ہفتے باقی ہیں، آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ پر بات چیت 14 سے 23 مئی تک جاری رہے گی، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے بیل آؤٹ فنڈز کی ادائیگی آج متوقع ہے، بھارت سے کشیدگی کی وجہ سے کسی بڑے مالیاتی اثر کی توقع نہیں۔ برطانوی خبرایجنسی سے گفتگو میں وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ کشیدگی کے باعث کسی نئے معاشی جائزے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال اور وفاقی وزیر سید عمران احمد ملاقات کر رہے ہیں

پاک بھارت فضائی جھڑپ میں پاکستان کو واضح فتح ملی، امریکی جریدہ

نئی دہلی (این این آئی) معروف امریکی دفاعی جریدے نے اپنی تازہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

پاکستان نے نہایت کٹھن جنگ میں فتح حاصل کی، صدر پاک فرانس بزنس فورم

پیرس (این این آئی) پاک فرانس بزنس فورم کے سرپرست اعلیٰ محمد ابراہیم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

نئی دہلی: پاکستان پر سیز فائر کی خلاف ورزی کا الزام

بھارتی فوج نے اپنے ہی میڈیا کا جھوٹ بے نقاب کر دیا: میڈیا رپورٹس

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فوج نے اپنے ہی میڈیا کا جھوٹ بے نقاب کر دیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت میں برکھادت جیسے صحافی اور میڈیا کئی گھنٹوں سے یہ جھوٹ پھیلا رہے تھے کہ پاکستانی ڈرونز بھارت میں گھوم رہے ہیں اور وہ پاکستان پر سیز فائر کی خلاف ورزی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

جنگ بندی ہوئی، پاکستان کا فلائٹ آپریشن معمول پر آ گیا

سعودی سمیت 15 ممالک نے پاکستان کے مختلف ایئرپورٹس کیلئے پروازیں شروع کر دیں

کراچی (این این آئی) ایئرپورٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک بھارت کشیدگی کے بعد پاکستان کا فلائٹ آپریشن معمول پر آ گیا، سعودی سمیت 15 ممالک نے پاکستان کے مختلف ایئر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے کامرس جام کمال خان بلوچستان بارڈر سے متعلق چیڈ ڈویلپمنٹ آفیسر آسیہ پروین سے بریفنگ لے رہے ہیں

پاکستان کی جوابی کارروائی کے بعد امریکا متحرک ہوا، اسحاق ڈار

بھارت کو پاک فوج کی جوابی کارروائی سے احساس ہوا اس کے تمام اندازے غلط تھے' نائب وزیراعظم، وزیر خارجہ' انٹرویو

امریکی وزیر خارجہ نے مجھے کال کر کے کہا بھارت سیز فائر کیلئے تیار ہے، عالمی برادری بھی ہمارے جوابی حملوں کے بعد حرکت میں آئی

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان کی بھارت کیخلاف جوابی کارروائی کے بعد امریکا متحرک ہوا۔ امریکی ٹی وی ''سی این این'' کو انٹرویو دیتے ہوئے اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے مجھے کال کر کے کہا بھارت سیز فائر کیلئے تیار ہے، عالمی برادری بھی ہمارے جوابی حملوں کے بعد حرکت میں آئی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو پاک فوج کی جوابی کارروائی سے احساس ہوا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ملک کے اندر بھی سیاسی جنگ ختم کی جائے، شاہ محمود قریشی کی اپیل

بھارت کے ساتھ سیز فائر ہو سکتا ہے تو پی ٹی آئی کے ساتھ بھی سیاسی سیز فائر ہونا چاہیے: وائس چیئرمین پی ٹی آئی

پی ٹی آئی کی قیادت، کارکنان اور پوری قوم اپنی افواج کے پیچھے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی رہی، خط جاری

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی نے بھارت سے جنگ بندی کے بعد ملک کے اندر بھی سیاسی جنگ بندی کرنے کی اپیل کر دی۔ کوٹ لکھپت جیل سے عوام کے نام ایک خط میں انہوں نے کہا کہ میں سنجیدہ قومی مکالمہ شروع کرنے کی درخواست کرتا ہوں۔ شاہ محمود قریشی نے اپنے خط میں کہا کہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران پی ٹی آئی کی قیادت، کارکنان اور پوری قوم اپنی افواج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

پاکستان مخالف مہم مودی کی ناکامی کا اعتراف ہے، شیری رحمان

مودی دہشتگردی کو جنگ سے جوڑ کر عالمی رائے عامہ کو گمراہ کرنا چاہتے ہیں، بیان جاری

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ مودی کی پاکستان مخالف مہم اس کی سیاسی ناکامیوں کا اعتراف ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مودی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

مودی کی تقریر ہارے ہوئے شخص کی تھی، عرفان صدیقی

بھارتی وزیراعظم کامیابی کا کوئی ثبوت پیش نہ کر سکے، رہنما مسلم لیگ ن

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ن کے رہنما سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ نریندر مودی کی تقریر سے ظاہر ہو رہا تھا کہ یہ ایک ہارے ہوئے شخص کی تقریر ہے، مودی اپنی کامیابی کا ایک ثبوت بھی پیش نہیں کر سکے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

شامی صدر کا عرب لیگ سربراہی اجلاس میں شرکت نہ کرنے کا اعلان

دمشق (این این آئی) ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ شام کے عبوری صدر احمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

استغاثہ نے سازش کا الزام ثابت کرنا ہے' فرحت عباس ضمانت کا حکمنامہ

تفتیش میں مسلسل تعاون پر درخواست گزار کو عبوری ضمانت قبل از گرفتاری کا حقدار قرار دیا جاتا ہے، فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے 9 مئی کیس میں پی ٹی آئی کے ایم پی اے حافظ فرحت عباس کی ضمانت منظور کرنے کا تحریری حکمنامہ جاری کر دیا۔ عدالت نے قرار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

وزیراعظم کی جانب سے قومی کانفرنس بلانے کا خیر مقدم کرتے ہیں، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

سعودی عرب اور تیونس کے درمیان مشترکہ فوجی مشق القیروان 2 اختتام پذیر

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور تیونس کی بری افواج کی مشترکہ مشق القیروان 2 اختتام پذیر ہو گئی۔ عرب ٹی وی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

پاک بحریہ کی جانب سے نیا ترانہ ''اے وطن'' جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ نے مسلح افواج کے مشترکہ جذبے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

ننکانہ صاحب: وزیر مملکت ملک راشد احمد خان بھارتی جارحیت میں شہید ہونیوالوں کے خاندان سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں

امدادی سامان کے ٹرک غزہ کی پٹی میں داخل ہونا شروع

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی ذرائع ابلاغ نے بتایا ہے کہ امدادی سامان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

نو مئی مقدمات، عمر ایوب، اسد عمر، و دیگر کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

فواد چودھری، علی امتیاز، کرامت کھوکھر سمیت دیگر نے حاضری مکمل کروائی، علیمہ خانم پیش نہ ہوئیں

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت میں نو مئی سے متعلق مختلف مقدمات میں عمر ایوب، فواد چودھری، اسد عمر اور اعظم سواتی کی عبوری ضمانتوں میں 16 جون تک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

امریکی محکمہ خزانہ کی جانب سے ایران پر نئی پابندیاں عائد

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خزانہ نے ایران پر نئی پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: نیپال کی سفیر ریٹا دھیتال وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک سے ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان نے یہ تاثر ختم کر دیا کہ بھارت ساؤتھ ایشیا کا اسرائیل ہے' فواد چودھری

نیوکلیئر بہت بعد کی بات ہے، ٹریڈیشنل وار میں پاکستان نے بھارت کو دھول چٹائی ہے

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

ماسکو: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی اور رشین فیڈریشن کونسل کی چیئرمین ملاقات کر رہے ہیں

سعودی عرب، امارات اور قطر کا دورہ تاریخی حیثیت کا حامل ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے مشرق وسطی کے آئندہ دورے کو ایک تاریخی دورہ ''قرار دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

ٹرمپ کا دورہ تجارت اور سرمایہ کاری کے تبادلے کے نئے افق کھولے گا، امریکہ، سعودی عرب

واشنگٹن (این این آئی) ٹرمپ کے دورے کے موقع پر سعودی عرب اور امریکہ کے درمیان تجارتی تبادلے میں آئندہ مرحلے میں اضافے کی بڑھتی ہوئی توقعات کا اظہار کیا جا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

دشمنوں کے ساتھ صلح ہو سکتی ہے تو اپنوں کے ساتھ بھی ہونی چاہیے' بیرسٹر گوہر

والدین کو آپ جیل میں رکھو تو بچے کب تک آپ کا ساتھ دیں گے؟ چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اگر دشمنوں اور غیروں کے ساتھ صلح ہو سکتی ہے تو اپنوں کیساتھ بھی ہونی چاہیے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا اگر والدین کو آپ جیل میں رکھو تو بچے کب تک آپ کا ساتھ دیں گے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

مودی کے خطاب سے لگتا ہے کہ انہیں ابھی چین نہیں آیا، عمر ایوب

ہمت ہے تو فاشسٹ مودی پاکستان پر دوبارہ حملے کا شوق پورا کر لے، قوم اور افواج متحد ہو کر مقابلہ کریں گے' اپوزیشن لیڈر

بانی پی ٹی آئی نے 4 سال پہلے کہا تھا کہ مودی فالس فلیگ آپریشن کر کے کا ملبہ پاکستان پر ڈالے گا، رہنما تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ مودی کے خطاب سے لگتا ہے کہ انہیں ابھی تک مکمل چین نہیں آیا۔ ایک بیان میں عمر ایوب نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے 4 سال پہلے کہا تھا کہ مودی فالس فلیگ آپریشن کر کے کا ملبہ پاکستان پر ڈالے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مودی کے خطاب سے لگتا ہے کہ انہیں ابھی تک مکمل چین نہیں آیا، ہمت ہے تو فاشسٹ مودی پاکستان پر دوبارہ حملے کا شوق پورا کر لے، پاکستانی قوم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

شمالی وزیرستان میں گاڑی پر فائرنگ، 4 افراد جاں بحق' ایک زخمی

جاں بحق ہونے والے افراد قبائلی عمائدین ہیں، جو ضلعی انتظامیہ سے ملاقات کے بعد واپس جا رہے تھے

سپین وام (این این آئی) شمالی وزیرستان کی تحصیل سپین وام میں گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان' تیزی دیکھی گئی

100 انڈیکس ایک ہزار 269 پوائنٹس کے اضافے سے ایک لاکھ 18 ہزار 567 پر آ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں منگل کی صبح کاروباری ہفتے کے دوسرے روز بھی تیزی دیکھی گئی، کاروبار کا آغاز 2.3 فیصد اضافے کے ساتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: مینیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اجلاس کے دوران بھارتی حملوں میں شہید ہونیوالے شہداء کی بلندی درجات کیلئے دعا کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز



نواب ٹاؤن میں گاڑی سے 70 سالہ بزرگ شہری کی تشدد زدہ لاش برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) نواب ٹاؤن میں گاڑی سے 70 سالہ بزرگ شہری کی تشدد زدہ لاش برآمد پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے مختلف پہلوؤں پر تفتیش کا آغاز کر دیا ایدھی ترجمان کے مطابق نواب ٹاون کے علاقے میں خالی پلاٹ میں کھڑے گاڑی میں لاش پڑی دیکھ کر مقامی افراد نے پولیس کو اطلاع دی جس پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر جائے وقوعہ سے فرانزک ٹیم کی مدد سے شواہد اکٹھے کر لیے اور لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ شہری کی شناخت 70 سالہ جان محمد انور کے نام سے ہوئی ہے جو گرین ایکڑ کا رہائشی تھا وہ دو روز قبل روز قبل گھر سے مارکیٹ کے لئے نکلا تھا جس کے بعد سے وہ لاپتہ تھا اس حوالے سے مزید تفتیش کی جارہی ہے پوسٹمارٹم رپورٹ آنے پر موت کی وجہ کا تعین ہو جائے گا جس کے بعد مزید قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی

لاہور میں جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس کا ایک اور یونٹ بنایا جائے گا

لاہور (کرائم رپورٹر): لاہور میں جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس کا ایک اور یونٹ بنایا جائے گا، سی آئی اے کو ختم کر کے سی سی ڈی کے بعد ایک اور نیا یونٹ بنانے کا فیصلہ کر لیا گیا، ذرائع کے مطابق لاہور پولیس کی جانب سے یونٹ کی سربراہی ایس پی رینک کا افسر کرے گا، سی سی پی او لاہور یونٹ کی براہ راست سرپرستی کریں گے،، اس سپیشل کرائم یونٹ میں ڈی ایس پی اور انسپکٹروں کی تعیناتیاں کی جائیں گی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ یونٹ میں ایسے افسران کو تعینات کیا جائیگا جو سی سی ڈی میں نہ جاسکیں۔

باٹا پور پولیس نے کاروائی کے دوران 6 جواری گرفتار کر لئے

لاہور (کرائم رپورٹر) باٹا پور پولیس نے کاروائی کے دوران 6 جواری گرفتار کر لئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق باٹا پور نے خفیہ اطلاع پر کاروائی کرتے ہوئے تاش پر جوا کھیلتے ہوئے ذیشان، آصف، شبیر، فہد، شہزاد کامران سمیت 8 قمار بازوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے آلات قماری بازی اور داؤ پر لگی نقد رقم برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

چوکی گلدشت پولیس نے ڈکیتی، چوری، جھپٹا کے 45 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ 02 رکنی واحد موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی گلدشت پولیس نے ڈکیتی، چوری، جھپٹا کے 45 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ 02 رکنی واحد موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق چوکی گلدشت کالونی پولیس نے خفیہ اطلاع پر کاروائی کرتے ہوئے وارادات کی منصوبہ بندی ناکام بنا کر گینگ کے سرغنہ واحد اور فیضان کو گرفتار کر کے ملزمان سے 02 موٹر سائیکلز، نقدی، 02 پستول اور گولیاں برامد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمان نے غیر قانونی پارکنگ اور بازاروں میں بغیر لاک کے کھڑی موٹر سائیکلیں چوری کر کے فرار ہونے کا اعتراف کیا ہے

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں انکے ساتھ وزیر زراعت عاشق کرمانی اور شازیہ کامران بھی موجود ہیں

آپریشن سندور"تندور"بن چکا، مودی سرکار کے پاس اب کوئی جواب باقی نہیں رہا: عظمیٰ بخاری

دشمن کو اپنے طیاروں، ایئر ڈیفنس سسٹم اور میزائلوں پر ناز تھا، ہم نے سب خاک میں ملا دیا: عظمیٰ بخاری

عظمیٰ بخاری کا سی ایم ایچ کا بھی دورہ، بھارتی جارحیت کا نشانہ بننے والے غازیوں اور زخمیوں کی عیادت کی

جنگ کے شہداء اور غازی قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں: وزیر اطلاعات و نشریات پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ آپریشن سندور ※ تندور ※ بن چکا ہے، مودی سرکار کے پاس اب کوئی جواب باقی نہیں رہا۔ دشمن کو اپنے طیاروں، ایئر ڈیفنس سسٹم اور میزائلوں پر ناز تھا، ہم نے سب خاک میں ملا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص کامیابی سے مکمل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اس آپریشن کے کامیاب اختتام پر وزیر اعظم کی ہدایت پر یوم تشکر منایا گیا، جب کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے تمام اسکولوں میں اسمبلی کے دوران اس دن کو خراج تحسین کے طور پر منانے کی ہدایت جاری کی گئی۔ عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب خود زخمیوں کی عیادت کے لیے سی ایم ایچ تشریف لے گئیں اور شہداء کے اہلِ خانہ سے اظہارِ یکجہتی کیا۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے جنہوں نے بھارتی جارحیت میں جام شہادت نوش کیا۔ عظمیٰ بخاری نے بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کی حالیہ تقریر کو شکست خوردہ اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ "مودی صاحب فلموں کی طرح سمجھ رہے تھے کہ پاکستان کو ہرا لیں گے، لیکن یہ جنگ حقیقت تھی، کوئی فلمی سین نہیں۔ انہوں نے بھارتی میڈیا کو بھی آڑے ہاتھوں لیا اور کہا کہ وہ پراپیگنڈا پھیلانے کے بجائے حقائق کا سامنا کریں۔ "ہم ابھی صرف ٹریلر دکھا رہے ہیں، پوری فلم باقی ہے۔" وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہریوں کی قربانیاں کسی مالی پیکج کی محتاج نہیں، تاہم وزیر اعلیٰ پنجاب جلد شہداء کے لواحقین کے لیے امدادی پیکج کا اعلان کریں گی۔ "ہم اپنی سرزمین اور شہداء پر سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہیں۔" عظمیٰ بخاری نے مسلم لیگ (ن) کی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ "نواز شریف صرف ایک لیڈر نہیں بلکہ ایک وژنری ہیں۔ دس مئی کو بھی انہوں نے وزیر اعظم شہباز شریف کے ساتھ مل کر ملک کو بچانے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ یہ پورا آپریشن نواز شریف کی قیادت میں ڈیزائن ہوا تھا۔ بعد ازاں وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے سی ایم ایچ ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے حالیہ بھارتی جارحیت کا بہادری سے مقابلہ کرنے والے غازیوں اور زخمی اہلکاروں کی عیادت کی۔ اس موقع پر انہوں نے مادرِ وطن کے ان سپوتوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر قوم کی سربلندی کا علم بلند رکھا۔ وزیر اطلاعات نے کہا،" جنگ کے شہداء اور غازی قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ ان کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں اور پاکستانی قوم ہمیشہ اپنے ان ہیروز کی احسان مند رہے گی۔" عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ پوری قوم اس عظیم فتح پر افواجِ پاکستان کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتی ہے۔" شہداء اور غازیوں نے ارضِ پاک کو سرخرو کیا ہے۔ ان کی بے مثال قربانیاں ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں۔"

چین: امریکہ تجارتی بات چیت عالمی معیشت کے لئے راحت اور یقین دہانی

امریکہ تجارتی تعلقات دنیا کی معیشت کے لئے انتہائی اہم ہیں جن کا دنیا کی مجموعی معیشت میں ایک تہائی حصہ ہے

بیجنگ (شنہوا) حال ہی میں سوئٹزرلینڈ میں منعقدہ چین اور امریکہ کے اعلیٰ سطح کے اقتصادی و تجارتی اجلاس میں دونوں ممالک نے متعدد شعبوں میں کھلی، گہری اور تعمیری بات چیت کی جس کے نتیجے میں اہم مفاہمتیں حاصل ہوئیں اور اہم پیش رفت ہوئی۔ یہ اجلاس مساوی مکالمے اور مشاورت کے ذریعے اختلافات کے حل کی سمت اہم قدم تھا جس نے فریقین کے درمیان خلا پر کرنے اور تعاون کو مزید گہرا کرنے کی بنیاد فراہم کی۔ چین۔امریکہ تجارتی تعلقات دنیا کی معیشت کے لئے انتہائی اہم ہیں جن کا دنیا کی مجموعی معیشت میں ایک تہائی حصہ ہے جبکہ دوطرفہ تجارت کا حجم عالمی تجارت کا پانچواں حصہ ہے۔ ایسے وقت میں جب عالمی بحالی کی رفتار سست اور جغرافیائی سیاسی کشیدگیاں بڑھ رہی ہیں، دونوں ممالک کے درمیان مواصلاتی رابطے کھلے رکھنا واضح ہے۔ اس اجلاس میں حاصل کی گئی پیش رفت ظاہر کرتی ہے کہ دونوں ممالک نے اپنے اختلافات کو سنبھالنے اور مشترکہ مفادات تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔ چین نے ہمیشہ سے امریکہ کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کے حوالے سے مستقل اور تعمیری موقف اپنایا ہے تاکہ مکالمے اور مشاورت کے ذریعے دوطرفہ تعلقات کو استحکام اور صحت مندانہ سمت میں واپس لایا جائے۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ امریکہ نے بھی اس عمل میں شرکت پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

روسی کاروباری خاتون کو چین میں اپنے کاروبار کے لئے بہترین دور میسر آ گیا

تیانجن (شنہوا) تیانجن کے آزمائشی آزاد تجارتی زون میں واقع اپنے دفتر میں کریم رنگ کے سوٹ میں ملبوس 36 سالہ روسی کاروباری خاتون سویتلانا اولخوویکوا ماچھا لاٹے کی چسکیاں لیتے ہوئے روس اور ازبکستان میں اپنے کاروباری شراکت داروں سے موصول ہونے والے آرڈرز کا جائزہ لے رہی تھیں۔ عالمی تجارت میں مہارت اور شاندار ابلاغی صلاحیتوں کے باعث انہوں نے چین کے شمالی شہر تیانجن میں 2 غیر ملکی تجارتی کمپنیوں کی بنیاد رکھی ہے۔ ستمبر 2023 میں اولخوویکوا نے زرعی مشینری کی برآمد پر مرکوز کمپنی قائم کی۔ مارچ 2024 میں انہوں نے طبی آلات، ساز و سامان اور لوازمات کی سرحد پار تجارت میں مہارت رکھنے والی ایک اور کمپنی کا آغاز کیا۔ اولخوویکوا نے چینی زبان میں روانی سے بتایا کہ ان کی دونوں کمپنیاں روس، قازقستان اور جنوبی کوریا سمیت 20 سے زائد ممالک اور خطوں کی کمپنیوں کے ساتھ شراکت قائم کر چکی ہیں۔ اولخوویکوا نے جذباتی انداز میں کہا کہ چین میں مجھے کاروبار کے لئے بہترین دور ملا ہے۔

لاہور سیمنٹ سیکٹر کو متاثر کرنے والے ایس آر اوز فوراً واپس لیے جائیں: صدر لاہور چیمبر میاں

ایس آر او 578 بینک کے ذریعے ادائیگی اور خریدار کی مکمل تفصیل کو لازمی قرار دیتا ہے جو زمینی حقائق کے برعکس ہے

لاہور (خبر نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے حالیہ جاری کردہ ایس آر اوز 578(I)2025/ اور 709(I)2025/ فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے جنہوں نے سیمنٹ ڈسٹری بیوشن سیکٹر میں شدید خدشات کو جنم دیا ہے۔ آل پاکستان سیمنٹ ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے وفد سے ملاقات کے بعد وزیر اعظم کے نام خط میں صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ ایس آر او 578 بینک کے ذریعے ادائیگی اور خریدار کی مکمل تفصیل کو لازمی قرار دیتا ہے جو زمینی حقائق کے برعکس ہے کیونکہ دیہی علاقوں میں نقد لین دین عام ہے اور چیک باو※نس ہونے پر کوئی مو※ثر قانونی چارہ جوئی موجود نہیں۔ اسی طرح ایس آر او 709 میں سسٹم انٹیگریشن کا تقاضا سیمنٹ جیسی پراڈکٹ کے لیے بلا جواز ہے جو پہلے ہی مینوفیکچرنگ سطح پر مکمل طور پر ٹیکس شدہ ہے۔ اس موقع پر ایل سی سی آئی کے سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، سابق صدر محمد علی میاں، ایسوسی ایشن کے چیئرمین شیخ عبدالمجید، چوہدری محمد منیر، چوہدری ساجس، عارف خان، نعمان احمد اور دیگر شریک تھے۔ میاں ابوذر شاد نے مطالبہ کیا کہ وزیر اعظم ان ایس آر اوز کو فی الفور معطل کرنے کے لیے احکامات جاری کریں اور ایف بی آر کو ہدایت دیں کہ وہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کر کے قابل عمل حل نکالے تاکہ سیمنٹ کی ترسیل سے وابستہ دستاویزی کاروبار متاثر نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں کاروباری شعبہ کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کی ضرورت ہے لہذا وزیر اعظم صورتحال کا فوری نوٹس لیں اور ایف بی آر کو ایس آر او واپس لینے کی ہدایت جاری کریں۔

حکومت نے جیلوں میں قیدیوں کو گرمی سے بچانے کا فیصلہ کر لیا

آئی جی جیل کے حکم پر جیل خانہ جات کے ٹیکنیکل ہیلتھ افسران کو مراسلہ جاری کیا گیا ہے کہ ٹھنڈے اور صاف پانی کی فراہمی کا ہمہ وقت انتظام کیا جائے

لاہور (کرائم رپورٹر) حکومت کا جیلوں میں قیدیوں کو گرمی سے بچانے کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق آئندہ چند روز میں شدید گرمی اور حبس بڑھنے کی اطلاعات دی جاری ہیں، جیلوں میں ہیٹ سٹروک اور لو سے بچنے کے لیے موثر اقدامات کی ہدایت دی گئی۔ آئی جی جیل کے حکم پر جیل خانہ جات کے ٹیکنیکل ہیلتھ افسران کو مراسلہ جاری کیا گیا ہے کہ ٹھنڈے اور صاف پانی کی فراہمی کا ہمہ وقت انتظام کیا جائے، اسیران کو سایہ دار جگہ پر رہنے کی ترغیب دی جائے۔ ہر جیل میں ہیٹ سٹروک روم کا قیام عمل میں لایا جائے۔ ہیٹ سٹروک روم میں آئس باکس اور آئس مناسب مقدار میں موجود ہونی چاہیے۔ کچن کو ہوادار بنانے کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں، ایگزاسٹ فین لگائے جائیں اور پہلے سے درست حالت میں فعال رکھے جائیں، اسیران اپنی بارکوں میں یا فیکٹری میں، سایہ دار جگہ میں رہیں۔ مراسلے میں یہ بھی ہدایات دی گئیں ہیں کہ قیدیوں کیلئے مناسب مقدار میں جان بچانے والی ادویات و طبی آلات جیل ہسپتال میں موجود رکھیں۔ دھوپ میں دوران مشقت اسیران کو چھتری، ٹوپی پہنائی جائے۔ ہیٹ سٹروک متاثرین کو فوری طور پر ہیٹ سٹروک روم میں شفٹ کیا جائے۔ اسیران جیل فارم اور بیرونی پنجہ جات میں صبح 7 تا 10 بجے مشقت کریں گے اور ان کو صبح 10 بجے سے شام 04 بجے تک ریسٹ دی جائے اور پھر شام 4 بجے سے شام 06 بجے تک دوبارہ مشقت کرائی جائے۔ اسیران کی نگرانی پر مامور اہلکاران کو بھی چھتری، ٹوپی پہنائی جائے۔ راسلے میں یہ بھی ہدایات دی گئیں ہیں کہ واچ ٹاور کے ڈیوٹی پوائنٹ پر بریکٹ فین کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ واچ ٹاور، مین وال کے ڈیوٹی پوائنٹ پر واٹر کولر، برف، گلاس فراہم کیا جائے۔ کچن، اندرون پنجہ، بیرون پنجہ، وارڈرز کو کچی لسی، نمک، برف، پانی فراہم کیا جائے۔

ریلوے پولیس اہلکار کی فرض شناسی، گھر سے بھاگا بچہ ورثا کے حوالے

ریلوے پولیس کانسٹیبل احمد یار نے دوستانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے بچے سے ساری معلومات دریافت کر کے ورثا کو مطلع کیا

لاہور/عبدالحکیم (صابر غوری) ریلوے پولیس اہلکار نے چاک و چوبند ڈیوٹی کرتے ہوئے گھر سے بھاگ کر جانے والے بچے کو ورثا کے حوالے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق عبالحکیم ریلوے اسٹیشن پر تعینات ریلوے پولیس اہلکار احمد یار ڈیوٹی سرانجام دے رہا تھا کہ اس موقع پر ایک بچہ اکیلے نقل و حرکت کرتے پایا گیا کانسٹیبل احمد یار نے دوستانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے بچے سے ساری معلومات دریافت کر لی جس کے مطابق بچے نے اپنا نام خیام حسین بتایا اور والدین سے ناراض ہو کر بچہ دوسرے شہر جانے کی کوشش میں تھا۔ ریلوے اہلکار کے مطلع کرنے پر مذکورہ بچے کا والد محمد رئیس نے آ کر اپنے بیٹے خیام حسین کو اپنی تحویل میں لیتے ہوئے پاکستان ریلوے پولیس کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دیگر جہاں دوسرے سکیورٹی اداروں اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں وہاں پاکستان ریلوے پولیس بھی اپنے فرائض بخوبی نبھا رہی ہے۔ آج ریلوے پولیس اہلکار احمد یار کی فرض شناسی کی بدولت میرا بیٹا میرے پاس ہے میں ریلوے پولیس کا جتنا شکریہ ادا کروں کم ہے۔

محکمہ آبپاشی ریسرچ زون کی کرپشن بے نقاب: نندی پور رہائشی کالونی سے لیے گئے بجلی کے بلوں کی رقم میں خرد برد

1127411 روپے بجلی کے بل کی مد میں لی گئی رقم سرکاری خزانے میں جمع نہ کروائی گئی

لاہور (صابر غوری) محکمہ آبپاشی ریسرچ زون کی مبینہ کرپشن سامنے آئی ہے جس میں نندی پور میں واقع محکمہ آبپاشی ریسرچ زون کی کالونی کے رہائشیوں کی جانب سے درخواست پر محکمے کی جانب سے ایک تین رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے کنوینئر ڈپٹی ڈائریکٹر اقبال احمد اور دو ممبران ڈپٹی ڈائریکٹر رفاقت علی اور ایس ڈی او نندی پور افتخار نواز تھے۔ ایس ڈی او نندی پور کی جانب سے فراہم کردہ ریکارڈ رجسٹرڈ سے 2018 سے 2024 تک کے وصول شدہ بجلی کے بلوں کی جانچ پڑتال کرنے پر تحقیقاتی کمیٹی نے رپورٹ جاری کرتے ہوئے اپنی سفارشات میں واضح کیا کہ 1127411 روپے کی رقم نندی پور کالونی کے رہائشیوں سے وصول کی گئی لیکن سرکاری خزانے میں جمع نہ کروائی گئی اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی عمل میں لانے اور خرد برد کی گئی رقم وصول کرنے کا بھی کہا گیا۔ جاری کردہ سٹیٹمنٹ کے مطابق 2018 سے 2021 کے دوران SDO حافظ محمد ارشد نے 53597 روپے اور SDO عبدالحکیم نے 1073814 روپے کی رقم وصول کی لیکن قومی خزانے میں جمع نہ کروائی۔ تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ آئے کئی ماہ گزر گئے لیکن چیف انجینئر ریسرچ زون سعید احمد کی جانب سے نہ ریکوری کروائی گئی اور نہ کوئی کاروائی عمل میں لائی گئی۔ محکمانہ کارروائی کے تحت کرپشن کرنے والوں کو معطل کرنے یا ریکوری کروانے کی بجائے ریلیف فراہم کیا جانا محکمے کے اعلیٰ افسران کا بھی کردار مشکوک کر رہا ہے۔ بذریعہ اہلکاران رقم وصول کرنے کے طریقے سے کرپشن ثابت ہونے کے باوجود مسلسل وہی طریقہ اختیار کیا جا رہا ہے نہ کہ باقاعدہ طور پر ڈائریکٹ میٹر اور بلنگ سسٹم کیا جائے۔ یاد رہے ایس ڈی او عبدالحکیم اور محمد ارشد سمیت دیگر عملہ جن میں نور اللہ علی سلیمان، محمد فاروق اور محمد جاوید شامل ہیں تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق اس کرپشن میں ملوث پائے گئے ہیں۔

جہلم محکمہ سوئی ناردرن گیس پائپ لائن کے ظالمانہ سلیب ریٹس کیخلاف نوٹس کا مطالبہ

55 یونٹ کے استعمال پر 1420 روپے، 76 یونٹ پر 4710 روپے، 144 یونٹ پر 12050 روپے، 188 یونٹ پر 14900 روپے اور 225 یونٹ کے استعمال پر 24100 روپے کا بھاری بل بھجوائے جا رہے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ سوئی ناردرن گیس پائپ لائن کے ظالمانہ سلیب ریٹس اور ناجائز ٹیکسز کے خلاف وزیر اعظم پاکستان، چیف جسٹس آف پاکستان، چیف آف آرمی سٹاف وفاقی محتسب اسلام اباد سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق جہلم کی شہری سماجی رفاہی فلاحی کاروباری تنظیموں کے عمائدین نے سوئی ناردرن گیس پائپ لائن کے ظالمانہ سلیب ریٹ اور ناجائز ٹیکسز کے خلاف وزیر اعظم، پاکستان چیف جسٹس آف پاکستان، چیف آف آرمی سٹاف اور وفاقی محتسب اسلام اباد سے نوٹس لینے اور ظالمانہ تے ٹیکسز کے خاتمے کا مطالبہ کر دیا سماجی تنظیموں کے عمائدین کا کہنا ہے کہ سوئی ناردرن گیس پائپ لائن کی جانب سے موصول ہونے والے صارفین کو بلز میں بے جا اضافے نے صارفین کو مالی مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 55 یونٹ کے استعمال پر 1420 روپے، 76 یونٹ پر 4710 روپے، 144 یونٹ پر 12050 روپے، 188 یونٹ پر 14900 روپے اور 225 یونٹ کے استعمال پر 24100 روپے کا بھاری بل بھجوائے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوں کی درستگی کے لیے صارفین نے متعدد مرتبہ متعلقہ دفاتر سے رابطہ قائم کیا لیکن افسوس کہ ہر بار مایوسی کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے اس صورتحال کو سراسر ظلم اور ناانصافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ سوئی گیس کے بلوں میں شامل ناجائز ٹیکسز، جو کل قیمت کا تقریباً ایک تہائی حصہ بنتے ہیں، صارفین کے ساتھ کھلی زیادتی ہے سماجی تنظیموں کے عمائدین نے کہا کہ سوئی گیس محکمہ نان پروٹیکٹڈ کیٹیگری کے نام پر صارفین کا سال بھر مالی استحصال کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں کاروباری اصول یہ ہے کہ زیادہ خریداری پر قیمت کم کر دی جاتی ہے، لیکن وطن عزیز میں محکمہ سوئی گیس نے الٹا نظام رائج کر رکھا ہے۔ جتنا زیادہ گیس کا استعمال کریں، اتنا ہی زیادہ بل ادا کرنا ہوگا۔ یہ طریقہ کار کاروباری شعور اور منطق کے سراسر منافی ہے انہوں نے کہا کہ اس غیر منصفانہ سلیب ریٹ کے باعث صارفین کو ناقابل برداشت مالی بوجھ کا سامنا ہے، جبکہ کہیں بھی دادرسی ممکن نہیں۔ صارفین کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے والی وطن عزیز کی تنظیموں نے اس اہم عوامی مسئلے سے مکمل لاتعلقی اختیار کر رکھی ہے

متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گرفتار

ملزمان شہریوں سے قیمتی اشیاء چھین کر فرار ہو جاتے تھے فیصل آباد سے مختلف وارداتوں کے حوالے یکے بعد دیگرے کالز ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر موصول ہوئیں

پولیس نے سیف سٹی کی نشاندہی پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر لیا، ترجمان سیف سٹی

لاہور (خبر نگار) فیصل آباد میں شہریوں سے قیمتی اشیاء چھیننے والے گروہ کو سیف سٹی کیمروں اور فیشل ریکوگنیشن ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد سے متعدد وارداتوں کی یکے بعد دیگرے کالز ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر موصول ہوئیں۔ وارداتوں میں ملوث ملزمان شہریوں سے قیمتی اشیاء چھین کر فرار ہو جاتے تھے۔ وارداتوں میں ایک جیسا طریقہ کار اپنایا جاتا رہا، ہر واردات کے بعد موٹر سائیکل تبدیل کی جاتی تھی تاکہ گرفتاری سے بچا جا سکے۔ ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے 15 پر موصول ہونے والی کالز اور شہریوں کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر ملزمان کی تلاش کا آغاز کیا۔ سیف سٹی فیصل آباد نے فیشل ریکوگنیشن ٹیکنالوجی کا موثر استعمال کرتے ہوئے ملزم کی فوری شناخت کر لی۔ سیف سٹی کی جانب سے نشاندہی کے بعد پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق سیف سٹی پروجیکٹ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات سرگرم ہے۔ شہری کسی بھی ہنگامی صورتحال یا واردات کی صورت میں فوری طور پر ہیلپ لائن 15 پر کال کریں۔

10 مئی 2025 کو پاکستانی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا: میاں محمد ساجد

فضائیہ نے انتہائی مختصر وقت میں دشمن کے ایئر بیسیں تباہ کر کے اس کے غرور تکبر کو خاک میں ملا دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) صدر پرنٹ میڈیا میاں محمد ساجد نے کہا ہے کہ 10 مئی 2025 کو پاکستانی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ پاک فضائیہ نے انتہائی مختصر وقت میں دشمن کے ایئر بیسیں تباہ کر کے اس کے غرور تکبر کو خاک میں ملا دیا۔ پاک فوج پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے پاکستان کا بچہ بچہ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ اگر کسی نے پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا بھی، تو وہ سلامت نہیں رہے گا، کیونکہ ہمارے جوان جاگ رہے ہیں۔ پاک فوج کے جوانوں نے 10 مئی 2025 کو ہمیشہ کے لیے ایک یادگار دن بنا دیا ہے۔ ہم افواج پاکستان کی جرات اور بہادری کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عزم کا اظہار کرتے ہیں۔ پاکستان قیامت کی صبح تک قائم و دائم رہے گا، اور جو بھی اسے مٹانے کی کوشش کرے گا، وہ خود دنیا کے نقشے سے مٹ جائے گا۔ اس موقع پر عامر کیانی چوہدری عابد محمود مہر محمد الیاس ملک وسیم اختر چوہدری ظفر نور دانیال عابد عبدالغفار سمیت دیگر بھی موجود تھے

صدر چنیوٹ چیمبر کی طرف سے پاک فوج کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صدر چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فہد نعیم فخری کی جانب سے پاک فوج کی ازلی دشمن بھارت کو تاریخی عبرتناک شکست اور پاک فضائیہ کے جوانوں کی جانب سے تاریخی جنگ میں بھرپور کامیابی آپریشن بنیان مرصوص کے دوران دشمن کے چاروں شانے چت کرنے پر پاک فوج کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا ہے اور وطن عزیز کے عوام کی جانب سے بلا تفریق بھرپور جذبہ حب الوطنی کے تحت کندھے سے کندھا ملا کر بھارت کو منہ توڑ جواب دینے کے عزم کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے ملکی ترقی خوشحالی سالمیت کے لیے قوم کا جذبہ بلند ہے۔

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام "فتح مارچ" کا انعقاد

مودی کے غرور کو خاک میں ملا دیا گیا، قوم کا افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کا اظہار

مودی ٹی اسٹال
(روزگار سکیم)

لاہور، (خبر نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان "فتح مارچ" کا انعقاد کیا گیا، جس کا آغاز مسجد شہداء سے ہوا اور اختتام لبرٹی چوک پر ہوا۔ اس مارچ کی قیادت پاکستان مرکزی مسلم لیگ لاہور کے صدر انجینئر عادل خلیق اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے کی۔ مارچ میں لاہور کی تاجر برادری، سول سوسائٹی، طلبہ اور نوجوانوں نے قومی پرچموں کے ساتھ بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے افواجِ پاکستان، پاکستان کی سالمیت اور شہداء کے حق میں پرجوش نعرے لگائے۔ مارچ کے اختتام پر لبرٹی چوک میں بھارت کے وزیر اعظم نریندر مودی کے لیے طنزیہ انداز میں "فنٹاسٹک چائے" کا اسٹال بھی لگایا گیا، جو عوامی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ رہنماؤں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ: پاکستان شیروں اور دلیروں کی سرزمین ہے۔ آج ہم نے ہندوستان کے غرور کو خاک میں ملا دیا ہے۔ دشمن کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے۔ ہماری بہادر مسلح افواج نے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے ہیں۔ ہمیں اپنی فوج، اپنے شہداء اور قیادت پر فخر ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل اور فرانس کی جدید ٹیکنالوجی بھی اہلِ بدر کے بیٹوں کے حوصلے کے آگے بے بس ہو گئی۔ امریکہ، اسرائیل، فرانس اور روس کی پشت پناہی کے باوجود پاکستان نے دنیا کو دکھا دیا کہ غیرت مند قوم کبھی شکست نہیں کھاتی۔" ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کشمیریوں کو حقِ خودارادیت دیا جائے، 40 کروڑ مسلمانوں اور 11 کروڑ سکھوں کو ان کے بنیادی حقوق دیے جائیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ دنیا بھارت کے دہشتگرد چہرے کو پہچانے اور مظلوموں کی آواز سنے۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے اعلان کیا کہ وہ آئندہ بھی افواجِ پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی اور وطنِ عزیز کی سالمیت و خودمختاری کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہے۔

پاک فوج کی شاندار کامیابی پر محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام "اظہار تشکر واک"

آپریشن "بنیان مرصوص" نے پاکستان کو پوری دنیا میں ناقابل تسخیر ثابت کر دیا: سیکرٹری اوقاف

بنیان مرصوص

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری/ چیف ایڈ منسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی قیادت میں محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے زیر اہتمام پاک فوج کی شاندار کامیابی پر ایوانِ اوقاف تا جی پی او چوک "اظہار تشکر واک" انعقاد پذیر ہوئی۔ اس موقع پر سیکرٹری اوقاف نے عسکری و سیاسی قیادت کی خدمات کو شاندار ہدیہ تبریک پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن "بنیان مرصوص" نے پاکستان کو پوری دنیا میں ناقابل تسخیر ثابت کر دیا۔ پاک فوج نے دشمن کی ہر جارحیت کا جواب بھرپور قوت سے دیا۔ اظہار تشکر واک سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور خالد محمود سندھو، ڈائریکٹر ایڈ منسٹریشن اوقاف محمد شاکر، صوبائی خطباء اوقاف مولانا مختار احمد ندیم، مولانا محمد احمد اور زونل خطباء اوقاف ڈاکٹر مفتی کریم خان، ڈاکٹر عمران انور نظامی و دیگر علماء نے کہا کہ ہم افواج پاکستان کے دلیرانہ کردار اور مادر وطن کے دفاع میں ان کی پیشہ وارانہ مہارت کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی طرف سے خطے میں کشیدگی پیدا کرنے کی کوشش کی گئی، لیکن افواج پاکستان نے آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعہ بروقت اور انتہائی موثر جواب دیتے ہوئے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا کہ وہ ملک کے دفاع کی ضامن اور قوم کی توقعات پر پوری اترنے والی عظیم پیشہ وارانہ فورس ہے۔ شرکاء واک نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے اور قومی پرچم لہرائے۔ اظہار تشکر واک کے اختتام پر افواج پاکستان کے شہدا کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی، ملک و ملت کی سربلندی، ترقی، خوشحالی، نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت، مملکت خداداد کو فرقہ واریت، بین المسالک اور بین المذاہب ہم آہنگی کی فضاء برقرار رکھنے اور حقیقی اور پائیدار بنیادوں پر امن کے قیام کی غرض سے خصوصی دعا کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر اسٹیٹ آصف اعجاز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مذہبی امور حافظ محمد جاوید شوکت، رئیس التبلیغ بادشاہی مسجد مولانا ارشد نیاز، ضلعی خطباء اوقاف مولانا عمران حنفی، مولانا محمد شفیق اور دیگر علماء و اوقاف ملازمین قاری ظفر، مولانا ظہیر، مولانا سلیم رضا نوری، احمد الرحمن، شیخ اللہ دتہ، رانا اکرام، شاہد اسلام سمیت کثیر تعداد نے شرکت کی۔

پاک آرمی کی شاندار کارکردگی پر جشن کا اہتمام، اعلیٰ شخصیات کی شرکت

پاک فوج کے حق میں نعرے، پاکستان زندہ باد کے نعرے، اہل علاقے کی کثیر تعداد میں شرکت

لاہور (محمد اسلم سے) تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پاکستان آرمی کی شاندار کامیابی پر اک جشن کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں علاوہ تمام اہل علاقہ نے بڑے بزرگ بچے جوان تمام نے بھرپور شرکت کی اور پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر کہنا تھا کہ پاک فوج نے جو کہا کر دکھایا ہمیں اپنی پاک آرمی پر فخر ہے ہم سب اپنی فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں حافظ جنرل عاصم منیر نے انڈیا کی اینٹ سے اینٹ بجا دی ہماری پاک فضائیہ نے پوری دنیا میں اپنا نام بنا لیا آج تمام انٹرنیشنل میڈیا کی ہیڈ لائن میں ہماری پاک فضائیہ کے چرچے دیکھ کر دل خوش ہو گیا اللہ پاک نے اپنے پیارے محبوب کے صدیقے ہماری کامیابی عطا فرمائی ہمارے پاک فضائیہ کے جوان انڈیا کے گھر گھس کر مار کر واپس آئے ہم فلمیں نہیں بناتے حقیقت میں کر کے دکھاتے ہیں آخر میں تمام لوگوں کے ہجوم نے نعرے تکبیر اللہ اکبر، اور پاک فوج زندہ باد پاکستان پائندہ باد کے نعرے جوش و جذبے سے لگاتے رہے

پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے بھارتی جارحیت کا جواب دیکر پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا: عبدالحمید بھٹی

پوری دنیا نے پاکستان کی عسکری طاقت تسلیم کی ہے بھارت کے ہوش ٹھکانے آ چکے ہیں آئندہ یہ پاکستان کو تر نوالہ سمجھ کر نگلنے کی کوشش نہیں کرے گا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن راجپوتاں کے ضلع شیخوپورہ کے چیئرمین عبدالحمید بھٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے بھارتی جارحیت کا مردانہ وار جواب دیکر پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے پوری دنیا نے پاکستان کی عسکری طاقت تسلیم کی ہے بھارت کے ہوش ٹھکانے آ چکے ہیں آئندہ یہ پاکستان کو تر نوالہ سمجھ کر نگلنے کی کوشش نہیں کرے گا، آپریشن بنیان مرصوص نے ثابت کر دیا کہ پاکستان کی سلامتی کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کا انجام عبرتناک ہوگا پاکستان دہشتگردی سے متاثرہ ملک ہے ہمارے 90 ہزار شہری دہشتگردی کی بھینٹ چڑھے پاکستان کی معیشت نے اربوں ڈالر کا نقصان اٹھایا ہے مگر قوم کے حوصلے پست نہیں ہوئے امن ہماری خواہش ہے لیکن اسے کمزوری سمجھنا بھارت کی سب سے بڑی بھول تھی جس کا اسے شدید خمیازہ بھگتنا پڑا ہے خود سے سات گنا بڑی فوج کو عبرتناک شکست سے دوچار کر کے پاک فوج نے پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کیا اور جرات و بہادری کی نئی مثال رقم کی پاک فوج کے ساتھ ساتھ پاکستانی عوام نے بھرپور جذبہ حب الوطنی کا مظاہرہ کیا اور اپنے اتحاد و یکجہتی سے دشمن کی سازشوں کو ناکام بنایا جس پر افواج پاکستان سمیت پوری قوم خراج تحسین کی مستحق ہے۔

جہلم شہر کی گلی محلوں بازاروں میں بڑھتا شور شہریوں کے لیے عذاب بن گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کی گلی، محلوں بازاروں میں بڑھتا شور شہریوں کے لیے عذاب بن گیا۔ ریڑھیوں، ٹھیلوں اور بھکاریوں کی جانب سے بے دریغ اسپیکرز کے استعمال نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ جگہ جگہ ریڑھیوں پر نصب لاؤڈ اسپیکرز سے مسلسل چلنے والے بلند آواز اعلانات اور گانوں نے شہریوں کی قوت سماعت، ذہنی سکون اور روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کر دیا ہے ہر چھوٹے بڑے بازار، گلی محلوں کی نکڑ پر سبزیاں وغیرہ فروخت اور بھیک مانگنے والے بھکاری اسپیکرز سے روزانہ صبح سے شام تک اشیائے خورد و نوش، کپڑے، جوتے اور دیگر سامان کی فروخت کے لیے چیختے چلاتے اعلانات سنائی دیتے ہیں۔ حتیٰ کہ اب بھکاریوں نے بھی صدائیں بلند کرنے کی بجائے اسپیکر لگا کر بھیک مانگنے کا نیا طریقہ متعارف کرا دیا ہے، جس سے ماحول میں شور کی شدت مزید بڑھ گئی ہے۔ ماہرین صحت کے مطابق بلند آواز کے مسلسل سامع بننے والے افراد نہ صرف قوت سماعت کی کمی کا شکار ہو سکتے ہیں بلکہ وہ ذہنی دباؤ، نیند کی کمی، چڑچڑے پن اور دیگر نفسیاتی مسائل میں بھی مبتلا ہو رہے ہیں۔

شرقپور شریف میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر ریلی کا انعقاد

ریلی شاہین بلدیاتی فیڈریشن پنجاب کے زیر اہتمام نکالی گئی، ریلی کی قیادت ملک تاج دین نے کی

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور شریف میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ریلی نکالی گئی۔ یہ ریلی شاہین بلدیاتی فیڈریشن پنجاب کے زیر اہتمام نکالی گئی، جس کی قیادت ملک تاج دین نے کی۔ جو بڑا اڈہ سے شروع ہو کر پرانی سبزی منڈی چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں طلبہ، سرکاری ملازمین، صحافی برادری، اور سول سوسائٹی کے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جبکہ پریس کلب رجسٹرڈ کے چیئرمین قربان علی۔ وائس چیئرمین شیخ بابر علی قصوریہ، سینئر نائب صدر عامر مجید نوشاہی، جنرل سیکرٹری فضل قیوم خان، سید طہماسپ علی نقوی و دیگر نے خصوصی شرکت کی ریلی کے شرکاء نے پاکستانی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ پاک فوج نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، جو دشمن کی نسلیں یاد رکھیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ افواج پاکستان نے دشمن کو عبرتناک شکست دے کر وطن عزیز کا نام عالمی سطح پر روشن کیا۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:55
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایات سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

اے سی پسرور میڈم سدرہ ستار کی مختلف محکمہ جات ہیڈز کو مسائل کے حل کی ہدایات

افسران کو سائلین سے خوش اخلاقی اور تعاون پر مبنی رویہ اپنانے کی ہدایت، فرد، انتقال اور دیگر خدمات کے عمل کو شفاف، تیز اور کرپشن سے پاک بنایا جائے

سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے تمام محکمہ جات کے آفیسران کو واضع ہدایات جاری کرتے اسسٹنٹ کمشنر پسرور سدرہ ستار نے بطور اسسٹنٹ کمشنر پسرور اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد سبزی منڈی، پرائس کنٹرول، گرانفروشی کیخلاف عملی اقدامات سے لیکر شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے فوری ایکشن لیتے کاروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ انہوں نے اپنا عہدہ سنبھالتے ہی انہوں نے تحصیلدار آفس اور اراضی ریکارڈ سنٹر کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہریوں سے براہِ راست ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ دورے کے دوران سدرہ ستار نے دفتر میں موجود افسران اور عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ عوامی شکایات کا فوری اور موثر ازالہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دفاتر میں سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی اور تعاون پر مبنی رویہ اپنایا جائے اور کسی قسم کی تاخیر یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے اراضی ریکارڈ سنٹر کے عملے کو خصوصی ہدایت کی کہ فرد، انتقال اور دیگر خدمات کے عمل کو شفاف، تیز اور کرپشن سے پاک بنایا جائے تاکہ عوام کو بروقت سہولیات میسر آئیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا میرے دروازے ہر وقت عوام کے لیے کھلے ہیں۔ عوامی مسائل کا حل میری اولین ترجیح ہے اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ شہریوں نے نئے اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے فوری اقدامات اور عوام دوست طرزِ عمل کو سراہا، اور امید ظاہر کی کہ ان کے مسائل کے حل کے لیے یہ مثبت تبدیلی ایک نیا آغاز ثابت ہوگی۔ واضع رہے حالیہ جنگ کے ماحول میں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کی ہدایات پر ریسکیو سروسز 1122 کے ہمراہ سکولوں کے بچوں اور عام شہریوں کو فرضی جنگی مشقیں بھی کرائیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پسرور کی تاریخ میں پہلی اسسٹنٹ کمشنر سدرہ ستار ہیں جنہوں نے دن رات شہریوں کی فلاح و بہبود اور انکی شکایات کیلئے ایک کیا ہے۔ پسرور کے شہریوں کیجانب سے زبردست پزیرائی کیجارہی ہے۔

حکومت پنجاب کیجانب سے یوسی سیکریٹریز، نکاح خواں کی ٹریننگ کا خیر مقدم۔عارف شاہ

اہم اقدام عوام کیلئے بہتر اور فائدہ مند ثابت ہوگا: ٹرینر محمد جلیل بھٹی

Muslim Family Laws Ordinance &
Child Marriage Restraint Act

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) حکومت پنجاب کی طرف سے یونین کونسلز کو جدید کرنے کے لیے سیکریٹریز اور نکاح رجسٹرار کو ٹریننگ دی گئی۔ اے ڈی ایل جی سیالکوٹ محمد جلیل بھٹی کی زیرنگرانی محکمانہ ماسٹر ٹرینر محمد وسیم عطاری چاند سیکرٹری یونین کونسل کھروڑ سیداں نے ایک روزہ تربیتی ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا جس میں سیکرٹری یونین کونسل اور نکاح رجسٹرار کو تربیت دی گئی جن میں سیکرٹری یونین کونسلز اور نکاح رجسٹرار کو تربیت دی گئی ان میں یونین کونسل کندن پور کمانوالہ بھوتھ ڈالو والی کوٹلی لوہاراں بھڑتھ کھروڑ سیداں پنڈی پنجوڑاں اور مرائیوال شامل ہیں سیشن کے آخر میں تمام نکاح رجسٹرار کو محکمانہ اسناد دی گئی۔

مسلم لیگ (ن) کے رہنما حسام وقار چیمہ کی عمر سندھو کی وفات پر انکے گھر آمد لواحقین سے اظہار تعزیت

وزیرآباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے رہنما حسام وقار چیمہ، ضلعی آرگنائزر لیبر ونگ محمد عمران سنی کمبوہ، زاہد محمود ہاشمی کی معروف سماجی شخصیت حاجی محمد لیسین سندھو کے صاحبزادے، قمر زمان سندھو، حسنین سندھو کے بھائی عمر سندھو کی وفات پر انکے گھر آمد لواحقین سے اظہار تعزیت کی اور مرحوم کے بلندی درجات کے لئے فاتحہ خوانی کی۔

شاہینوں نے دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا ہے: چوہدری آصف ڈھلوں

پوری قوم فوج کو سلام پیش کرتی ہے اللہ تعالی نے پاکستان کو عظیم فتح سے نوازا ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) شاہینوں نے دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا ہے پوری قوم فوج کو سلام پیش کرتی ہے اللہ تعالی نے پاکستان کو عظیم فتح سے نوازا ہے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پوری قو کو سلام پیش کرتے ہیں بھارت بہت بڑی غلط فہمی کا شکار تھا ہمارے بہادر جوانوں نے ان کو عبرتناک شکست دے کر بتا دیا ہے کہ ہم وطن عزیز کی حفاظت کرنا جانتے ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری آصف محمود ڈھلوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی صدر پی ٹی آئی شیخوپورہ چوہدری عمر آفتاب ڈھلوں کو سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہیں ان کی قیادت میں ضلع بھر میں پی ٹی آئی منظم اور فعال ہے عمران خان کے سپاہی دن رات اپنے قائد کے مشن پر عمل پیرا ہیں ان شاء اللہ بہت جلد ہر دلعزیز لیڈر عوام کے سامنے ہوگا۔

سربراہ کمبوجا قبائل و مرکزی انجمن کمبوہاں پاکستان کے صدر چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کمبوہ سے صدر راجپوت قوم چوہدری محمد منور منج کی کمبوجا ہاؤس میں ملاقات

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سربراہ کمبوجا قبائل و مرکزی انجمن کمبوہاں پاکستان کے صدر چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کمبوہ سے صدر راجپوت قوم چوہدری محمد منور منج کی کمبوجا ہاؤس میں ملاقات کے دوران دونوں برادریوں کی ہم آہنگی اور اتحاد کو لے کر عملی اقدامات پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔اس موقع پر چوہدری محمد منور منج نے صدر مرکزی انجمن کمبوہاں پاکستان چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کی اپنی قوم کے لیے کی گئیں کاوشوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ آپ وہ واحد شخصیت ہیں جنھوں نے پوری دنیا سے اپنی کمبوہ قوم کو ایک پلیٹ فارم پر اکھٹا کیا۔اور اپنی قوم کی نوجوان نسل کو اپنے آباؤ اجداد بارے معلومات فراہم کی جو کاوش، کارنامہ آپ نے سرانجام دیا ہے آج تک کوئی بھی برادری اور قوم اسے پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا سکی آپ پر کمبوہ برادری سمیت ملک میں بسنے والی دیگر قوموں کو بھی ناز ہے آپ نے اپنی قوم کے لیے جو اقدامات اٹھائے ہیں انھیں کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا آپ کے اس اقدام کو رہتی دنیا تک یاد کیا جائے گا اور آپکی طرف سے اپنی قوم کے لیے کیئے گے کاموں کو سنہرے حروف میں لکھا جائے گا۔ملاقات کے دوران چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ نے چوہدری محمد منور منج کے دلی جذبات کو سراہتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میں نے تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے اپنی زندگی اپنی قوم کی خدمت کے لیے وقف کر دی ہے میں چاہتا ہوں کہ اپنی قوم کے نوجوانوں کے لیے ایسے کام سرانجام دوں جیسے میری قوم ہمیشہ یاد رکھے اور میری قوم کبھی بھی محرومیوں کا شکار نہ ہو۔

صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر کی بھارتی ڈرون سے زخمی ہونیوالے بچے کے گھر آمد

ملٹری افسران نے بھی زخمی ہونے والے نوجوان کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر کی ملٹری افسران کے ہمراہ بھارتی ڈرون حملے میں زخمی ہونے والے شہری محمد احمد کے گھر تحصیل شاہکوٹ آمد۔صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر اور ملٹری افسران نے زخمی نوجوان کی عیادت کر کے خیریت دریافت کی، ملٹری افسران نے بھارتی ڈراون سے زخمی ہونے والے نوجوان کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور ضلعی انتظامیہ کو زخمی نوجوان کی بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر صوبائی وزیر نے اہل دیہہ کے ہمراہ پاکستان زندہ باد پاکستان فوج زندہ باد کے نعرے بھی لگائے۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو، اسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ شا شرافت سمیت دیگر ضلعی افسران بھی موقع پر موجود تھے۔اس موقع پر صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کا ہر جوان بھارتی جارحیت کے سامنے سیسہ پلائی دیوار ہے، بھارت سمجھتا تھا کہ شب خون مار کر اور معصوم سویلین آبادی پر حملہ کر کے ہمیں دبا سکتا ہے،قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر ہے،ہر پاکستانی اپنی فوج کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی میڈیا نے بھی افواج پاکستان کی صلاحیتوں اور ضابطہ اخلاق کا اعتراف کیا ہے، آپریشن بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ نے دشمن کے غرور کو خاک میں ملا کے رکھ دیا۔صوبائی وزیر صحت و آبادی نے کہا کہ آپریشن بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ کی کامیابی نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، ہماری افواج نے دشمن کے مذموم مقاصد کو آہنی عزم سے ناکام بنایا، آپریشن بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ عسکری تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، پاکستان نے ہر محاذ پر اپنی برتری ثابت کی ہے، پوری دنیا پاکستان کی عسکری مہارت اور دفاعی حکمتِ عملی کا اعتراف کر رہی ہے۔

انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے افسران کے اعزاز میں تقریب

سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے پروموٹ ہونے والے انسپکٹرز کو ان کے اہلخانہ کے ہمراہ رینک لگائے

انصاف کی فراہمی یقینی بنانے میں اپنی ذمہ داریاں دلجمعی، ایمانداری اور احسن طریقہ سے نبھائیں: سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گوجرانوالہ (12 مئی 2025ء) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا کہ عہدے اور اختیارات اللہ تعالی کی طرف سے عطاء کردہ امانت ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ان عہدوں اور اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر شریف شہریوں کو پرامن معاشرہ دیں۔انصاف کی فراہمی یقینی بنانے میں اپنی ذمہ داریاں دلجمعی، ایمانداری اور احسن طریقہ سے نبھائیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سی پی او آفس میں 5 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدہ پر پروموٹ ہونے پر رینک لگاتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق، ایس ایس پی انویسٹی گیشن سید عمران کرامت و دیگر افسران کے علاوہ پروموٹ ہونے والے افسران کی فیملیز بھی موجود تھی۔ترقی پانے والوں میں 3 خواتین پولیس آفیسر اور 2 مرد پولیس آفیسر شامل ہیں جن کے نام سعدیہ احمد، عنبرین نواب، ربیعہ شوکت، احسن جاوید اور محمد طاہر ضیاء بٹ ہیں۔ سٹی پولیس آفیسر نے ضلع بھر سے اگلے عہدوں پر ترقیاب ہونے والے انسپکٹرز کو ہدایت کی کہ اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقہ سے نبھاتے ہوئے اختیارات کو جرائم کے خاتمے، قانون کی عملداری اور عوام کی فلاح کے لئے استعمال کریں۔سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا کہ وہ محکمہ کا ایک اہم حصہ ہیں۔ترقی یاب ہونے سے ان کے کندھے پر ذمہ داریوں کا بوجھ بڑھ گیا ہے اور انہیں یقین ہے کہ وہ ان ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائیں گے، اپنے کام کو بوجھ نہیں سمجھیں گے۔ پولیس افسران اپنی پرفارمنس سے عوام اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو کم کرنے کیلئے نمایاں کردار ادا کریں۔

چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کپور کی قیادت میں عظیم الشان ریلی کا انعقاد

اے ڈی سی جی سید ایوب بخاری کا حکومت و افواج پاکستان کو خراج تحسین

سپہ سالار پاکستان جنرل سید عاصم منیر کی قیادت میں دشمن بھارت کی جارحیت پر اسے اس کے گھر میں گھس کر انڈین 26 مختلف مقامات پر بھارتی عسکری تنصیبات و میزائل ذخیرے تباہ کرنے اور سائبر حملوں سے بھارتی افواج کو لاغر کرتے متکبر بھارت کو دنداں شکن شکست فاش دینے پر ملک و قوم میں جشن کا سماں ہے۔سول ڈیفنس سیالکوٹ نے بھی مسلح افواج پاکستان و حکومت کی تاریخی جنگی کامیابی کی خوشی میں ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا۔اختتام پر کلاک ٹاور کینٹ پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری نے خطاب کرتے افواج پاکستان و حکومت کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور، سی ڈی او شاہد پرویز، انسپکشن آفیسر عبداللہ شاکر، ڈپٹی چیف وارڈنز محمد ابراہیم، حاجی عبدالستار شیروانی، حفیظ چغتائی، ملک وحید احمد نے اپنے خطاب کے دوران کہا کہ پاکستان کی پاک بھارت جنگ میں پاکستان کی عظیم الشان فتح پر آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سمیت تمام سروسز چیفس، حکومت و قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

رائیونڈ: چوہدری محمد سرور گجر کی سالگرہ کے موقع پر شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا

تقریب میں نجی نیوز چینلل کے بیورو چیف رانا بابر، چیف رپورٹر سید شہباز حیدر، نے خصوصی شرکت کی

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر سے) سرپرست اعلی مرکزی پریس کلب رائیونڈ چوہدری محمد سرور گجر کی سالگرہ کے موقع پر شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں نجی نیوز چینل کے بیورو چیف رانا بابر، چیف رپورٹر سید شہباز حیدر، صدر مرکزی پریس کلب رائیونڈ مہر محمد آصف، محمد آصف گجر، چیئرمین مرکزی پریس کلب رائیونڈ عبدالرحمن رامے، جنرل سیکرٹری عبدالرزاق سید، سید رومان سہیل ایڈووکیٹ، ملک محمد آصف نے شرکت کی۔تقریب ایک مقامی بینکوئٹ ہال میں منعقد ہوئی جسے خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔چوہدری محمد سرور گجر نے تمام مہمانوں اور سالگرہ کی تقریب کے انعقاد پر دوستوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی موجودگی نے اس دن کو یادگار بنا دیا۔تقریب کے آخر میں پرتکلف عشائیہ دیا گیا جس میں مختلف اقسام کے پاکستانی کھانے شامل تھے۔مہمانوں نے تقریب کو سراہا اور میزبان کو دل کی گہرائیوں سے دعائیں دیں۔

پرنسپل ایگریکلچر آفیسر کا گوجرانوالہ مرکزی مجاز بنک آف پنجاب برانچ کا دورہ

بنک افسران سے تفصیلی بات چیت کی: اس موقع پر ایگریکلچر آفیسر ایکسٹنشن قلعہ دیدار سنگھ حافظ عنایت اللہ بھی ان کے ہمراہ تھے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) پرنسپل ایگریکلچر آفیسر، اسٹنٹ ڈائریکٹر زرعت ایکسٹنشن گوجرانوالہ محمد اعظم مغل نے کاشتکاروں کو ان کے واجبات جمع کرانے میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے تحصیل گوجرانوالہ کے لیے مرکزی مجاز بنک آف پنجاب برانچ کا دورہ کیا اور بنک افسران سے تفصیلی بات چیت کی۔اس موقع پر ایگریکلچر آفیسر ایکسٹنشن قلعہ دیدار سنگھ حافظ عنایت اللہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔اسٹنٹ ڈائریکٹر زرعت ایکسٹنشن گوجرانوالہ محمد اعظم مغل نے اپنے دورہ کے دوران وہاں موجود کاشتکاروں سے ان کے مسائل معلوم کئے اور موقع پر ہی انہیں حل کروا دیا۔

ظلم کے خلاف ہمیشہ آواز بلند ہوتی رہے گی یزید وقت کے سامنے ڈٹ جانا ہی اصل جہاد ہے

پیکا ایکٹ سے ملک بھر کے صحافیوں کی آواز کو ہرگز دبایا نہیں جا سکتا ظلم اور جبر کے خلاف ہمیشہ بغاوت کرتے رہیں گے: صحافی رہنما

عارف والا (نمائندہ قوت) ظلم کے خلاف ہمیشہ آواز بلند ہوتی رہے گی یزید وقت کے سامنے ڈٹ جانا ہی اصل جہاد ہے پیکا ایکٹ سے ملک بھر کے صحافیوں کی آواز کو ہرگز دبایا نہیں جا سکتا ظلم اور جبر کے خلاف ہمیشہ بغاوت کرتے رہیں گے صحافی راہنماؤں کی پریس کلب عارف والا میں پیکا ایکٹ کے خلاف ہر دور میں سچ کو دبانے کیلئے کوششیں ہوتی رہیں مگر ہم نہ پہلے گھبرائے اور نہ اب گھبرانے والے ہیں ادارے صحافتی برادری سے اپنی ذاتی رنجشیں نکلوانے کیلئے صحافیوں کیخلاف پیکا ایکٹ جیسے قانون کا سہارا لے کر ان پہ مقدمات درج کروا رہے ہیں جنہیں کسی صورت بھی قبول نہیں کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز، سابق چیئرمین راؤ محمد کامران، ساجد محمود شیخ، عمران علی جوئیہ، محمد ابرار شیخ ایڈووکیٹ و دیگر سینئر صحافیوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ صحافی برادری نے ہمیشہ حق اور سچ کی آواز کو بلند کرتے ہوئے معاشرے میں جنم لینے والی برائیوں اور جرائم کیخلاف آواز اٹھائی شہر اور گردونواح میں ترقیاتی اور اداروں کے کاموں میں غفلت برتنے والوں کیخلاف آواز اٹھانے کی سزائیں صحافی برادری کو مقدمات کی صورت میں دی جا رہی ہیں وطن عزیز میں انصاف ناپید ہو چکا ہے صحافی برادری پہ چھوٹی چھوٹی باتوں پہ پیکا ایکٹ لگا کر آواز دبانا کہاں کا انصاف ہے ادارے اپنی رنجشیں کہیں اور نکالیں مقدمات درج کرنے کے بعد ان کے ٹرائل 300 کلومیٹر دور لاہور کی عدالتوں میں چلائے جا رہے ہیں جبکہ اس سے بڑی دفعات کے مقدمات ہر ضلع کی اپنی اپنی عدالتوں میں چلتے ہیں صحافی راہنماؤں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیف جسٹس آف پاکستان اور چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے اپیل کرتے کی ہے کہ پیکا ایکٹ جیسے قانون کو ختم کیا جائے یا پھر اس قانون کا کوئی ضابطہ اخلاق بنایا جائے ہر بات پہ صحافی برادری پہ پیکا ایکٹ لگانا اور سچ کی آواز کو دبانا سراسر ظلم اور ناانصافی ہے اگر صحافی برادری کے خلاف بلا جواز پیکا ایکٹ لگا کے مقدمات درج ہوتے رہیں گے تو ہم تمام اضلاع کی صحافی برادری کو متحد کر کے اس کے خلاف ایک بھرپور احتجاجی مہم چلائیں گے جس کا خمیازہ وقت کے حکمرانوں کو بھگتنا پڑے گا گذشتہ روز بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں BISP کے آفیسروں کی ملی بھگت سے غریب خواتین کی رقم میں غیر قانونی کٹوتی کیخلاف رقم لینے والی خواتین کے احتجاج کی کوریج کرنے پر ریٹیلروں اور BISP کے عملہ کا صحافیوں پر بہیمانہ تشدد کر کے الٹا مقدمہ بھی میڈیا ٹیم پر درج کروایا گیا اور ٹی ایچ کیو ہسپتال عارفوالا کے گائنی وارڈ میں مریضہ کے ساتھ ناروا سلوک کی خبر آن ایئر کرنے پر لیڈی ڈاکٹر رخسانہ اعجاز نے خود اپنے خلاف محکمانہ کارروائی سے بچنے کے لئے صحافی کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کروا دیا جبکہ سینئر صحافی حاجی شفیق پھول پر پیکا ایکٹ کی ایف آئی آر اور علاوہ ازیں شہر میں پتنگ بازی کیخلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف خبر شائع کرنا بھی جرم بن گیا تھانہ سٹی میں مقدمہ درج صحافی برادری سراپا احتجاج ڈاکٹر رخسانہ اعجاز کی غفلت لاپرواہی کے باعث عارف والا میں متعدد بار مریضوں کے جانی و مالی نقصانات ہو چکے ہیں۔

گلیوں اور سڑکوں کی بحالی کے منصوبے 30 مئی تک مکمل کر لئے جائینگے

پلیسپ پروگرام کے تحت سیوریج کی لائنیں ڈالنے کے بعد روڈ پر ٹف ٹائلز لگا کر بحال کر دیا گیا: محمد منشاء اللہ بٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ترقیاتی پروگرام کے تحت یونین کونسل گوہدپور کی گلیوں اور سڑکوں کی بحالی، سیوریج اور قبرستان کی چار دیواری کے جاری ترقیاتی منصوبے 30 مئی تک مکمل کر لئے جائیں گے جن پر مجموعی طور پر تقریبا ڈھائی کروڑ روپے خرچ ہونگے۔ یہ بات انہوں نے گوہر پور کے نئی روڈ کی تعمیر کے منصوبے پر جاری کام کا معائنہ کرتے ہوئے کہی۔ میونسپل آفیسر انفراسٹرکچر بلال قیصر، سب انجینئر اسٹفانس کے علاوہ معزز علاقہ بھی موجود تھے۔محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ پلیسپ پروگرام کے تحت سیوریج کی لائنیں ڈالنے کے بعد روڈ پر ٹف ٹائلز لگا کر بحالی ہے منصوبے بھی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔

ملاوٹ سے پاک معیاری خوراک کی فراہمی کے مشن کے تحت پنجاب فوڈ اتھارٹی کی موثر کارروائیاں

ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی سربراہی میں شہر بھر میں دودھ بردار گاڑیوں سمیت 90 سے زائد فوڈ بزنسز کی چیکنگ کر کے ناقص وملاوٹی اشیاء تیار وفروخت کرنے والوں کو ڈیڑھ لاکھ روپے جرمانہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملاوٹ سے پاک معیاری خوراک کی فراہمی کے مشن کے تحت پنجاب فوڈ اتھارٹی کی موثر کارروائیاں بلاناغہ جاری ہیں۔ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی سربراہی میں شہر بھر میں دودھ بردار گاڑیوں سمیت 90 سے زائد فوڈ بزنسز کی چیکنگ کر کے ناقص وملاوٹی اشیاء تیار وفروخت کرنے والوں کو ڈیڑھ لاکھ روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔فوڈ سیفٹی ٹیموں نے متعدد ملک کولیکشن سنٹرز پر چھاپے بھی مارے اور شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے دودھ بردار گاڑیوں کی سخت چیکنگ بھی کی۔متعدد دودھ بردار گاڑیوں میں موجود 20،000 لیٹر دودھ کی جدید لیکٹو سکین مشین سے چیکنگ کی گئی جبکہ ملک کولیکشن سنٹرز میں موجود 11،000 لیٹر دودھ کو چیک کیا۔ڈپٹی ڈائریکٹر نے بتایا کہ دودھ کی ناقص کوالٹی پر ملک کولیکشن سنٹرز اور دودھ بردار گاڑیوں جبکہ دوران معائنہ صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات اور ورکرز کے میڈیکل سکریننگ سرٹیفکیٹس عدم موجود ہونے پر ایکشن لیا گیا۔علاوہ ازیں معائنہ مہم کے تحت برف بنانے والے کارخانوں کی چیکنگ کے دوران حشرات زدہ برف اور حشرات کے تدارک کے نامناسب انتظامات پر 42000 روپے کے جرمانے اور 160 کلو سے زائد تیار برف ضائع کر دی گئی۔

الحرم ایجوکیشن سسٹم کے زیر اہتمام اظہار تشکر ریلی: بنیان مرصوص آپریشن میں حصہ لینے والے تمام جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

پرنسپل ادارہ حافظ عمران شہزاد، پیرزادہ عبید الرحمن الہی P.Z نیوز ڈاکٹر عبدالشکور کا اظہار خیال

سمندری (تحصیل رپورٹر) الحرم ایجوکیشن سسٹم 466 روڈ کے زیر اہتمام اظہار تشکر ریلی بسلسلہ پاک افواج کو شاندار خراج تحسین پیش کیا گیا، پرنسپل ادارہ حافظ عمران شہزاد، پیر زادہ عبید الرحمن الہی P.Z نیوز ڈاکٹر عبدالشکور نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان نے جرات، دلیری کے ساتھ دشمنان وطن کو جواب دے کر ثابت کر دیا کہ ہمارے امن کو کمزوری نہ سمجھا جائے پاکستانی قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے،قوم ہمیشہ پاک فوج کی مقروض رہے گی پاک فوج کے جوانوں کو بھارت کی رسوائی سے دوچار کرنے پر سلام عقیدت پیش کرتے ہیں بنیان مرصوص آپریشن میں حصہ لینے والے تمام جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ریلی میں طلبہ ء نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج پائندہ باد کے نعرے لگائے اور پاکستان کے طویل پرچم کے ہمراہ ریلی کا انعقاد کیا گیا۔

مرد آہن محمد خالد وسیم کی سماجی فلاح و بہبود کیلئے لازوال کاوشیں ہیں: شمس عمران

فرزند سیالکوٹ نے دکھی انسانیت کیلئے زندگی وقف کر رکھی ہے۔ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کی سیاسی و سماجی شخصیت محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی دکھی انسانیت اور معاشرتی فلاح و بہبود کیلئے لازوال کاوشیں ہیں۔انکی گرانقدر خدمات کو بھرپور انداز میں سراہتے ہیں۔ان باتوں کا اظہار وسیم الیکٹرانکس کے جی ایم و ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی اگوکی گنہ کلاں شمس عمران نے سینئر صحافیوں کیساتھ ملاقات کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی انتھک محنت اور سماجی فلاح و بہبود کے لیے کیے گئے اقدامات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ سوسائٹی ہو یا پنجاب کے دیگر اضلاع میں عوامی بھلائی کی خدمات ہمیشہ پسے ہوئے طبقات کی خوشحالی کے لیے پیش پیش رہے ہیں۔محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے خصوصی طور پر اسپیشل بچوں کی نگہداشت اور فلاح کے لیے گزشتہ 34 برسوں سے اپنی زندگی وقف کر رکھی ہے، جوان کی انسانیت دوستی کا منہ بولتا ثبوت ہے رفقا، دوست احباب، ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ممبران اور دیگر تمام لوگ ان سے بے پناہ محبت اور عقیدت رکھتے ہیں، جس کے لیے بجا طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ”یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے۔

بابا گورو نانک یونیورسٹی کے زیراہتمام افواج پاکستان سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد

ریلی کا مقصد قومی یکجہتی کو فروغ دینا اور ملکی دفاع کے لیے قربانیاں دینے والے جوانوں سے اظہارِ عقیدت تھا

بنیان المرصوص

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بابا گورو نانک یونیورسٹی نے افواج پاکستان سے اظہارِ یکجہتی اور حالیہ کشیدہ صورتحال میں پاکستان کی کامیابی کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے ایک پرامن ریلی کا انعقاد کیا۔ریلی کا مقصد قومی یکجہتی کو فروغ دینا اور ملکی دفاع کے لیے قربانیاں دینے والے جوانوں سے اظہارِ عقیدت تھا۔ریلی میں مختلف تعلیمی شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات اور اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔شرکاء نے یونیورسٹی کیمپس سے لے کر ضلعی کچہری تک مارچ کیا۔اس دوران ان کے ہاتھوں میں حب الوطنی پر مبنی پلے کارڈز اور قومی جذبے سے لبریز فن پارے تھے، جو مسلح افواج سے گہری عقیدت اور حمایت کا مظہر تھے۔طلبہ نے اپنے ہاتھوں سے تیار کردہ تصویری خاکے بھی پیش کیے، جن میں قومی اتحاد اور پاکستانی فوج کے جوانوں کی شجاعت کی عکاسی کی گئی تھی۔ریلی کے دوران فضا ”پاک فوج زندہ باد“ اور ”قوم تمہارے ساتھ ہے“ جیسے نعروں سے گونج اٹھی، جس سے شرکاء کے دلوں میں موجود فخر اور احترام نمایاں طور پر جھلک رہا تھا۔اس موقع پر بابا گورو نانک یونیورسٹی کے رجسٹرار جناب مبشر طارق نے کہا کہ ”یہ ریلی ہماری قومی سوچ اور اجتماعی جذبے کی عکاسی کرتی ہے، جس کے تحت ہم افواج پاکستان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو وطن کی سرحدوں کی حفاظت اور ملکی خودمختاری کے تسلسل کو یقینی بناتے ہیں“ اساتذہ کرام نے خطاب کرتے ہوئے مسلح افواج کی قربانیوں کو سراہا اور اس بات پر زور دیا کہ بحران کے وقت قومی اتحاد ہی ہماری اصل طاقت ہے۔انہوں نے یونیورسٹی کے طلبہ کو خراجِ تحسین پیش کیا جنہوں نے حب الوطنی اور سماجی ذمے داری کا مظاہرہ ایک منظم اور پرامن طریقے سے کیا۔

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے سید حسنین رضا شمسی

ہماری فوج نے بھارت کی فوج کا غرور خاک میں ملا کر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت کا لوہا منوایا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) 1965 کی جنگ کی طرح 2025 کی جنگ تاریخ پاکستان کی فتح کی سب سے بڑی جنگ ہے ہم افواج پاکستان کے بہادر جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ہماری فوج نے کئی گنا بھاری بھارتی افواج کا غرور خاک میں ملا کر اپنی پیشہ وارانہ مہارت اور جرات کا لوہا منوایا بھارت نے ہماری امن کی خواہش کو کمزور سمجھ کر سنگین غلطی کی جس کا اسے بھاری خمیازہ بھگتنا پڑا بھارتی افواج نے ہمیشہ کی طرح مکاری اور بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے رات کے اندھیرے میں پاکستانی غیور عوام کو نشانہ بنایا ہمارے بچوں میں صرف تعلیم ہی نہیں حب الوطنی اور قومی شعور بھی نمایاں ہے ہمارے اسکول تعلیمی ادارے نہیں بلکہ قوم کی نظریاتی سرحدوں کے محافظ تیار کرنے کی آماجگاہ ہیں افواجِ پاکستان کی طرح پاکستان کے عوام بھی بہادر اور نڈر ہیں۔

بھارت کے خلاف کامیاب آپریشن پر آرمی چیف کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں: چوہدری جاوید اقبال گورائیہ

بری، بحری، فضائی افواج کے سربراہان سمیت فرنٹ لائن پر لڑنے والوں کو سلیوٹ پیش کرتے ہیں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) بھارت کے خلاف کامیاب آپریشن پر آرمی چیف اور مسلح افواج سمیت صدر وزیراعظم سب خراج تحسین کے مستحق ہیں پوری قوم نے مکار دشمن کو شکست دی ہے بری بحری فضائی افواج کے سربراہان سمیت فرنٹ لائن پر لڑنے والوں کو سلیوٹ پیش کرتے ہیں پاکستان نے مودی کے ناپاک ارادوں کو مٹی میں ملا دیا ہے پوری قوم افواج پاکستان اور حکومت کے ساتھ ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی قوم ہمیشہ یاد رکھے گی افواج پاکستان کی بہادری کے قصے دنیا کو ہمیشہ سنائے جائیں گے پاکستان ایک عظیم ملک ہے اس کا دفاع ناقابل تسخیر ہے بہادر شیر جوانوں نے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح دشمن کو ناک آؤٹ کیا ہے۔سفید پگڑی والی تصویر جاوید گورائیہ کی ہے

بھارتی جارحیت میں شہید ہونیوالے سکواڈرن لیڈر عثمان یوسف شہید کی میت ورثاء کے حوالے: گھر پر صف ماتم

شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے: قوم جہاں فتح کا جشن منا رہی ہے وہیں ہمارے شہداء کی مائیں آنسو بہا رہی ہیں

گوجرانولہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) بلاشبہ ہم بہادر قوم ہیں اور وطن پاک کے دفاع کے لئے جانوں کے نظرانے پیش کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ فوج دفاع کے لئے تنخواہ لیتی ہے تو آج آپ بتائیں کہ کیا آپ اپنی جس کمپنی میں ملازمت کرتے ہیں جس سے تنخواہ لیتے ہیں اس کی خاطر اپنی جان دے سکتے ہو تو واضح جواب ہوگا بالکل نہیں! آج آپ اپنے ملک میں محفوظ ہیں وہ صرف اور صرف افواج پاکستان کی بدولت ہیں کیونکہ آپ کی حفاظت کے لئے اور آپ کو سربلند رکھنے کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں اور ہم احسان فراموشوں کی طرح ان پر جملے کس رہے ہیں۔آپ افواج پاکستان کو اگر خراج نہیں پیش کر سکتے تو ان پر انگلیاں مت اٹھائیں۔کیونکہ آج جب ہم لوگ بھارت سے جیت کا جشن منا رہے ہیں تب دوسری طرف سکواڈرن لیڈر عثمان یوسف شہید کے گھر پر صف ماتم بچھا ہے افواج پاکستان کے شہداء کو سلام ہمیں شیدائے پاکستان کے اہل خانہ پر فخر ہے کہ آپ کے بیٹوں، بھائیوں اور والدین نے قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے ہمیں آپ پر ناز ہے۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

جنگ بندی

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کا یہ پیغام خوش آئند ہے کہ اس موقع کو امن، خوشحالی اور استحکام کا نقطہ آغاز بننا چاہیے۔ جنگ میں کوئی فاتح نہیں ہوتا۔ انسان مارے جاتے ہیں اور معاشروں کے کمزور طبقے تباہی کی قیمت ادا کرتے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے جنگ بندی کا اعلان کرتے ہوئے یہ پیغام بروقت اور مناسب تھا کہ میں دونوں ممالک کو ذہانت اور تدبر کا مظاہرے کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔

دونوں ملکوں کے درمیان 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر میں پہلگام کے مقام پر 26 سیاحوں کو ہلاک کرنے کے سانحہ کے بعد بھارت کی طرف سے خطے میں جنگ کا ماحول بنایا گیا تھا۔ وزیراعظم نریندر مودی کی سرپرستی میں بھارتی حکومت اور میڈیا نے پاکستان کو پہلگام سانحے کا ملزم قرار دیتے ہوئے انتقام لینے اور حساب برابر کرنے کے دعوے کرنے شروع کر دیے تھے۔ پاکستان نے اس سانحہ میں ملوث ہونے سے انکار کرتے ہوئے پیش کش کی تھی کہ الزام تراشی کی بجائے سانحہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرالی جائیں تاکہ حقائق سامنے آ سکیں۔ البتہ بھارتی لیڈروں نے انڈیا میں جو ماحول بنایا، اس میں دلیل یا حجت کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ پاکستان کو یک طرفہ طور سے موردالزام ٹھہراتے ہوئے یہ تصور کرلیا گیا کہ بھارتی فوج جب چاہے، پاکستان کو سزا دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہیجان کے اسی ماحول میں 7 مئی کو بھارت نے پاکستان کے متعدد شہروں میزائل حملے کیے۔ ان حملوں میں 31 افراد جاں بحق اور 48 زخمی ہوئے۔ پاکستانی اطلاعات کے مطابق یہ سب عام شہری تھے اور جن جگہوں پر میزائل حملے کیے گئے تھے وہاں کسی قسم کے دہشت گرد کا کوئی نام ونشان نہیں تھا۔ حملوں کے دوران البتہ پاکستانی فضائیہ ہوشیار تھی اور اس کے طیاروں نے پاکستانی اہداف پر میزائل گرانے والے طیاروں کو نشانہ بنایا اور آئی ایس پی آر کے مطابق 5 بھارتی فائٹر جیٹ مار گرائے گئے۔ ان میں تین مشہور اور جدید فرانسیسی ساخت کے رافیل فائٹر بھی شامل تھے۔ ان اطلاعات کی غیر جانبدار ذرائع سے تصدیق بھی ہوگئی تھی البتہ یہ واضح نہیں تھا کہ تباہ ہونے والے بھارتی طیاروں کی اصل تعداد کیا تھی۔ بھارتی عسکری یا سیاسی قیادت نے چونکہ اس بارے میں تردید یا تصدیق کرنے سے گریز کیا جس سے فضا میں پاک فضائیہ کی برتری کی دھاک بیٹھ گئی۔ عام خیال کیا جارہا تھا کہ اس حملے اور پاکستان کی جوابی کارروائی کے بعد طرفین ہوش کے ناخن لیں گے اور کسی قسم کی جنگ بندی پر اتفاق کرلیا جائے گا۔ ایران اور سعودی عرب سمیت متعدد ممالک ثالثی کی کوششیں کرتے رہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے بھی دونوں ملکوں کی قیادت سے بات کر کے جنگ کا ماحول ختم کرنے کی اپیل کی تاہم یہ بیل منڈھے نہیں چڑھ سکی۔ 7 مئی کے بعد پاکستانی حکام کا کہنا تھا کہ اس دن بھارتی طیارے پاکستانی فضائیہ کی دفاعی کارروائی میں کام آئے تھے۔

البتہ بھارت نے پاکستان کے شہروں پر جو بلا اشتعال حملہ کیا ہے، اس کا بدلہ لیا جائے گا۔ تاکہ بھارت اور دنیا کو بتایا جائے کہ پاکستان اپنی خودمختاری کی حفاظت کرسکتا ہے۔ اس اصولی اعلان کے باوجود پاکستان کی طرف سے کوئی عسکری کارروائی دیکھنے میں نہیں آئی لیکن دوروز پہلے پاکستان میں مختلف اہداف پر بھارتی ڈرون حملوں کے بعد حالات کشیدہ ہونے لگے تھے۔ اس دوران دونوں طرف سے ایک دوسرے پر ڈرون اور میزائل پھینکنے کے الزام عائد کیے جارہے تھے تاہم پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا تھا کہ پاکستان 7 مئی کے حملوں کا جواب ضرور دے گا۔ اور جب ایسا ہوگا تو پوری دنیا میں اس کی گونج سنائی دے گی۔ 10 مئی کی رات دو بجے کے قریب آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ بھارت نے نورخان ائربیس سمیت تین اڈوں پرحملہ کیا ہے۔ اس کے تھوڑی دیر بعد ہی پاکستان نے میزائلوں اور طیاروں کے ساتھ مقبوضہ کشمیر اور بھارت میں متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ پاکستان میں اس حوالے سے بھارت کو شدید نقصان پہنچانے اور اس کے میزائل کے گودام اور ہوائی اڈے تباہ کرنے کی اطلاعات دی گئیں۔ دوسری طرف بھارت نے ان حملوں کا اعتراف کرتے ہوئے کچھ نقصان کا اعتراف کیا لیکن تفصیلات بتانے سے گریز کیا گیا۔ ان حملوں کے تھوڑی دیر بعد ہی صدر ٹرمپ کی طرف سے اپنی ثالثی میں جنگ بندی کرانے کا اعلان کر دیا گیا۔ پاکستانی اور بھارتی وزرائے خارجہ نے بھی اس اعلان کی تصدیق کی۔ اطلاعات کے مطابق پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر کے قریب پاکستانی فوج کے ڈی جی ایم او نے اپنے بھارتی ہم منصب سے فون پر بات کی اور شام پانچ بجے سے مکمل جنگ بندی کا فیصلہ کیا گیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی کی سب سے پہلے اطلاع دی

پاکستان کا انڈیپنڈنس ایکٹ (1947)

تحریر: سید خالد جاوید بخاری

انڈین انڈیپنڈنس ایکٹ 1947 برطانوی پارلیمنٹ کا ایک تاریخی قانون تھا جس کے ذریعے برصغیر پاک و ہند کو دو آزاد ریاستوں پاکستان اور ہندوستان میں تقسیم کیا گیا۔ یہ ایکٹ 18 جولائی 1947 کو منظور ہوا اور 15 اگست 1947 سے نافذ العمل ہوا۔ اہم نکات .1 دو خودمختار ریاستوں کا قیام برطانوی ہند کو دو آزاد اور خودمختار ریاستوں میں تقسیم کیا گیا: پاکستان ہندوستان پاکستان میں شامل علاقے: مشرقی بنگال مغربی پنجاب سندھ سرحد) موجودہ خیبر پختونخوا (بلوچستان .2 برطانوی اقتدار کا خاتمہ برطانوی بادشاہت کی بالادستی ختم کر دی گئی۔ دونوں نئی ریاستیں برطانوی دولت مشترکہ (Commonwealth) کی آزاد ورکن بن گئیں۔ .3 مکمل قانون سازی کا اختیار دونوں ریاستوں کو مکمل قانون سازی کا اختیار دیا گیا۔ جب تک نئی آئینی دستاویز تیار نہ ہوتی، گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935 کو عبوری آئین کے طور پر استعمال کیا گیا۔ .4 گورنر جنرل کا تقرر ہر ریاست کے لیے ایک گورنر جنرل مقرر کیا گیا جو برطانوی بادشاہ کا نمائندہ ہوتا۔ قائداعظم محمد علی جناح پاکستان کے پہلے گورنر جنرل مقرر ہوئے۔ .5 وسائل، فوج اور خزانے کی تقسیم ہندوستان اور پاکستان کے درمیان: فوج سول سروس مالیاتی ذخائر سرکاری اثاثہ جات کی تقسیم کا طریقہ طے کیا گیا۔ .6 ریاستوں کا فیصلہ 560 سے زائد نوابی ریاستوں کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ پاکستان یا ہندوستان میں شامل ہوں یا آزاد رہیں۔ اسی شق کی وجہ سے کشمیر جیسے حساس مسائل نے جنم لیا۔ پاکستان کے لیے اہمیت یہ ایکٹ پاکستان کی قانونی پیدائش کی بنیاد بنا۔ پاکستان نے 1956 تک عبوری طور پر 1935 کا قانون استعمال کیا، بعد ازاں اپنا آئین نافذ کیا۔ اس قانون کے تحت برطانوی سامراج کا باضابطہ اختتام ہوا اور پاکستان خودمختار ریاست کے طور پر سامنے آیا۔

حوالہ جات
1. Indian ndependence Act, 1947 برطانوی پارلیمنٹ کے سرکاری ریکارڈز
.2 "The Emergence of Pakistan" از چودھری محمد علی
.3 ڈاکٹر عائشہ جلال The State of Martial Rule
.4 اسٹینلے وولپرٹ Jinnah of Pakistan

جنگ نہیں امن چاہیے

تحریر: علی احمد جان

دہشت گردی کے بارے میں یول نوح حراری نے کہا ہے کہ دہشت گرد مچھر کی طرح کسی چینی دکان) نازک شیشے کے سامان کی دکان (میں کھڑے بدمست بھینسے کے کان میں بھنبھنا کر اس کو بدحواس کر دیتا ہے اور باقی کام بھینسا کر دیتا ہے۔ جموں و کشمیر کی سیاحتی وادی پہلگام میں دہشت گردی کے واقعہ کے بعد جنوبی ایشیا کے دو ایٹمی ہتھیار رکھنے والے ملک بھارت اور پاکستان ایک بار پھر آمنے سامنے کھڑے ہو چکے ہیں۔ الزامات، جوابی الزامات، دھمکیاں اور پروپیگنڈے کا بازار گرم ہے۔ اب کی بار انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا نے اس سارے کھیل میں عام لوگوں کو بھی شامل کر لیا ہے۔ جس کے ہاتھ میں سمارٹ فون ہے وہ اس جنگ میں شامل ہے۔ موبائل کے کیمرے سے اپنا چینل چلا رہا ہے یا وہ کئی دوسرے چینل کو کم از کم لائیک، سبسکرائیب اور شیئر کر کے اپنا فرض نبھا رہا ہے۔

کرکٹ کا میدان اپنے جذبات اور نعروں سے سجانے والے بھارت اور پاکستان کے شہریوں کی اکثریت سرحدوں پر لڑاکا طیاروں کی اڑان، ٹینکوں کی نقل و حرکت اور میزائلوں کے اہداف کو بھی ایک کھیل ہی سمجھتی ہے۔ پاکستان میں 1965 کی جنگ کی کہانیاں سنا سنا کر یوم دفاع منایا جاتا ہے اور بھارت کے لوگوں کو 1971 کی جنگ اور کارگل کے قصے ایسے سنائے جاتے ہیں جیسے وہ بھی دو ملکوں کے درمیان کرکٹ کا میچ ہو۔ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کوئی لمبے عرصے کی بڑے پیمانے پر جنگ نہیں ہوئی ہے۔ آزادی کے فوراً بعد ہونے والی جنگ اقوام متحدہ کی مداخلت پر ختم ہوئی اور 1965 کی جنگ بھی محدود پیمانے پر ہوئی۔ 1971 کی جنگ بھارت اور پاکستان کی نہیں بلکہ مشرقی اور مغربی پاکستان کے درمیان ہوئی تھی جس سے اول الذکر نے فائدہ اٹھایا تھا۔ بالکل اسی طرح کارگل کی لڑائی بھی باقاعدہ جنگ نہیں بلکہ پاکستانی فوج کا محدود پیمانے پر ایک خفیہ مشن تھا



غزل

گمشدہ رہنا کبھی خود کو میسر ہونا
روشنی ہو بھی تو ظلمات کا دفتر ہونا
ہم تجھے بھول کے یادوں کا سہارا ڈھونڈیں
ایک وحشت ہے غم دوست کا از بر ہونا
یہ کرشمہ بھی عنایت نے تری دکھلایا
خود سے ہونا پس منظر کبھی منظر ہونا
غیر محسوس تپش ہے مرے سینے کا نصیب
خاک کردے گا مجھے حامل اخگر ہونا
ہم بھی شامل ہیں ترے درد کے دلداروں میں
تو ادھر کا بھی کبھی اے دل مضطر ہونا
دوستی دشمنی انداز عداوت محسن
دردسر ہونا کبھی درد کا پیکر ہونا
سید شاہد محسن (لاہور)

گمشدہ میراث

تحریر: سرور صدیقی

عام مسلمان کے دل زخمی ہیں وہ بے بس بھی ہیں اور لاچار بھی وہ دل ہی دل میں کڑھتے رہتے ہیں ہیں ہونٹوں پر فریاد مچل مچل جاتی ہے کیونکہ ایک صدی مسلم حکمرانوں کا کردار انتہائی بھیانک ہے جو بیکار مشاغل میں مبتلا ہیں اور ایک دوسرے کے دشمن بنے ہوئے ہیں جو ہتھیار اسلام دشمنوں کے لئے اٹھنے چاہیے تھے وہ ایک دوسرے کے خلاف اٹھے ہوئے ہیں اپنے وسائل دشمنی کی جنگ میں جھونک رہے ہیں جس سے صرف نظر کرنا خودکشی کے مترادف ہے اس لئے جتنی جلدی ہوسکے امت مسلمہ کو خواب غفلت سے بیدار ہونا چاہیے یہ آواز جرس بھی ہے حالات کا تقاضا بھی۔ ایک دانشور لوئی پاسچر کا قول ہے کہ علم کا کوئی وطن نہیں ہوتا۔ مولانا الطاف حسین حالی نے اپنے ایک شعر میں اسی حقیقت کی طرف یوں اشارہ کیا ہے کہ حکمت کو اک گم شدہ لعل سمجھو جہاں پاؤ اپنا اسے مال سمجھو درا صل انہوں نے ایک حدیث مبارکہ کی طرف اشارہ کیا ہے جس کا مفہوم علم مومن کی گمشدہ میراث ہے آثار قدیمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سمیریا، بابل اور مصر کی تہذیب و تمدن میں سب سے پہلے انسانی علمی کاوشوں کا آغاز ہوا۔ پھر یونانیوں کا دور آیا۔ جب ایک مدت کے بعد یونان پر زوال آیا تو یہ اندیشہ تھا کہ علم و ہنر کا کارواں جو کئی ہزار سال سے منزلیں طے کرتا چلا آ رہا تھا، اب تباہ ہوجائے گا لیکن بنی نوع انسان کی خوش قسمتی سے اس کارواں کو مسلمان قافلہ سالار مل گئے۔ عرب کے ان مایہ ناز عالموں کے نام سائنس کی تاریخ میں اب تک درخشاں ہیں جن کے بغیر تاریخ نامکمل ہے۔ کندی، زکریا، رازی، جابر بن حیان، البیرونی، بوعلی سینا، ابونصر فارابی، بنوموسی وغیرہ، یہ ایسی کوہ پیکر شخصیات ہیں جن پر اسلامی سائنس جتنا ناز کرے کم ہے۔ ان میں ایک نام ہے ابوعلی حسن ابن الحسن ابن الہیثم کا۔ سائنس کے ایک امریکی مورخ جارج سارٹن کے بقول ابن الہیثم دنیا سب سے بڑا طبیعیات دان مسلمان عالم تھا، جسے دنیا کے عظیم ترین علم دوست اشخاص میں شمار کرنا چاہیے۔ ابن الہیثم نے سائنس کے مختلف شعبوں کو بالخصوص علم مرایا و مناظر کو جو ترقی دی ہے اس کا جواب بہت کم ملے گا۔ دنیا کو ابن الہیثم کے ذاتی حالات کا علم زیادہ نہیں، البتہ اس کی علمی سرگرمیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ایک متحرک اور ہمہ جہت شخصیت تھے آپ کی زندگی ایسے زمانے میں بسر ہوئی جب ریاضیات کا علم اپنی معراج پر تھا۔ علم الاعداد، علم المثلثات، دائروں اور مخروطوں کی پیائش یعنی علم ہندسہ وغیرہ ان دنوں مصر اور عرب کی یونیورسٹیوں میں بے حد شوق سے پڑھے جاتے تھے۔ یونانی فلسفی یعنی جالینوس، ارسطو، اقلیدس اور بطلیموس کے نظریات اس عہد کے لوگوں کے ذہن پر چھائے ہوئے تھے۔ ایسے زمانے میں ابن الہیثم نے آنکھ کھولی۔ لیکن انہوں نے اندھا دھند تقلید کے بجائے اپنا الگ راستہ بنایا صدیوں سے رائج نظریات کو دلیل سے رد کیا انہوں نے مشاہدات و تجربات کو اپنا رہبر بنایا۔ دنیا کے مایہ ناز سائنس دان ابن الہیثم بصرہ میں 965ء ابن الہیثم میں پیدا ہوئے۔ تعلیم سے فارغ ہو کر آپ قاہرہ چلے گئے جو ان دنوں عظیم دارالسلطنت ہونے کے علاوہ علم و دانش کا سب سے بڑا مرکز تھا۔ قاہرہ میں وہ ایک ممتاز ریاضی دان اور انجینئر کی حیثیت سے اتنا مشہور ہوا کہ فاطمی خلیفہ الحاکم نے اسے اپنی خدمت میں لے کر سرفرازی بخشی۔ کچھ عرصے تک خلیفہ نے اسے بڑے احترام سے رکھا۔ ایک مرتبہ دریائے نیل کی سالانہ طغیانی سے آس پاس کے علاقے میں سخت جانی اور مالی نقصان ہوا۔ ابن الہیثم نے اس تباہی خیز دریا پر بندھ باندھنے کا منصوبہ تیار کیا وہ جس انداز سے اس منصوبے کو پایۂ تکمیل کرنا چاہتے تھے خلیفہ کے بیشتر مقربین اس کے شدید مخالف ہوگئے جس سے اس کا یہ عظیم الشان منصوبہ بعض وجوہ سے ناکام ہوگیا اور خلیفہ کے غیظ و غضب سے بچنے کے لیے ابن الہیثم قاہرہ سے بھاگا اور جب تک خلیفہ زندہ رہا، اس نے اپنے آپ کو دیوانہ مشہور کر دیا۔ تاہم یہ فخر کیا کچھ کم ہے اسی دیوانے ابن الہیثم کے منصوبے کو ایک ہزار سال بعد حکومت مصر نے دریائے نیل کا مشہور سوان بند بنا کر پورا کر دکھایا۔ اس نے گم نامی کے اس زمانے میں فراغت کے ساتھ تصنیف و تالیف کا کام کیا۔ اس کی سب سے عمدہ تصنیف کتاب المناظر ہے جو علم البصریات پر سب سے پہلی جامع کتاب ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے اقلیدس اور بطلیموس کے اس نظریے کی تردید کی ہے کہ نگاہ آنکھ سے نکل کر دوسری چیزوں پر پڑتی اور انہیں دیکھتی ہے۔ ابن الہیثم کا بیان ہے کہ نگاہ آنکھ سے نکل کر دوسری چیزوں پر نہیں پڑتی بلکہ خارجی چیزوں کا عکس آنکھ پر پڑتا ہے۔ اس کے اس نظریے کو اس کے معاصروں اور بعد میں آنے والوں نے بہت کم تسلیم کیا۔ اس زمانے کے ماہرین چشم نے بھی یہ نظریہ قبول نہیں کیا لیکن البیرونی اور بوعلی سینا جیسے دیدہ ور اس کے نظریوں کو تسلیم کرتے تھے۔ ابن الہیثم نے رنگ اور روشنی کے انتشار، انعکاس نور اور فریب نظر پر بھی بحث کی ہے اور انعکاس نور کے زاویے دریافت کیے۔ ابن الہیثم کا مسئلہ آج بھی علم المناظر میں اس کا نام روشن کر رہا ہے۔ انعطاف نور کے مسئلے کی جانچ ابن الہیثم نے شفاف چیزوں یعنی ہوا اور پانی کے ذریعے کی۔ اس نے کروی اجسام کے ذریعے یعنی گلاسوں میں پانی بھر کر چھوٹی چیزوں کو بڑا دکھانے والے عدسے یا خوردبین کا راز نظری طور پر معلوم کر لیا تھا۔ تین صدی بعد اٹلی میں ایسے عدسے تیار کیے گئے۔ مغربی مصنفوں مثلاً راجر بیکن نے علم المناظر پر جو کچھ لکھا ہے ان کی بنیادی معلومات کا سہرا ابن الہیثم کے سر ہے۔ ابن الہیثم کی تصانیف سے لیونارڈ ڈاونسی، کیپلر اور آئزک نیوٹن جیسے جلیل القدر لوگ متاثر ہوئے۔ ابن الہیثم کی ایک اور کتاب میزان الحکم ہے جس میں علم ڈائنامکس کے اصول بیان کیے ہیں۔ اس کتاب میں فضا میں کثافت اور اس کے وزن کی نسبت کی خوب تشریح کر کے یہ واضح کیا ہے کہ لطیف اور کثیف فضاؤں میں اجسام کا وزن گھٹتا بڑھتا ہے۔ وہ کشش ثقل کے نکتے کو خوب جانتا تھا اور اسے ایک عظیم طاقت تسلیم کرتا تھا۔ تیز رفتاری، فضا اور اجسام کے گرنے میں جو نسبت ہے اسے وہ پوری صحت سے جانتا تھا۔ باریک نلیوں میں سیال مادے جس طرح چڑھتے ہیں اور درختوں کے پتوں میں رس جس طرح پہنچتا ہے، اس کے اصول یعنی قانون انجذاب پر اس کی بہت نظر تھی۔ ایک بھرپور زندگی گزارنے کے بعد اس عظیم مسلم

امن، خوشحالی



حرف رواں

تحریر

ڈاکٹر محمد عمران

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کا یہ پیغام خوش آئند ہے کہ اس موقع کو امن، خوشحالی اور استحکام کا نقطہ آغاز بننا چاہیے۔ جنگ میں کوئی فاتح نہیں ہوتا۔ انسان مارے جاتے ہیں اور معاشروں کے کمزور طبقے تباہی کی قیمت ادا کرتے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے جنگ بندی کا اعلان کرتے ہوئے یہ پیغام بروقت اور مناسب تھا کہ میں دونوں ممالک کو ذہانت اور تدبر کا مظاہرے کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ دونوں ملکوں کے درمیان 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر میں پہلگام کے مقام پر 26 سیاحوں کو ہلاک کرنے کے سانحہ کے بعد بھارت کی طرف سے خطے میں جنگ کا ماحول بنایا گیا تھا۔ وزیراعظم نریندر مودی کی سرپرستی میں بھارتی حکومت اور میڈیا نے پاکستان کو پہلگام سانحے کا ملزم قرار دیتے ہوئے انتقام لینے اور حساب برابر کرنے کے دعوے کرنے شروع کر دیے تھے۔ پاکستان نے اس سانحہ میں ملوث ہونے سے انکار کرتے ہوئے پیش کش کی تھی کہ الزام تراشی کی بجائے سانحہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرالی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔ البتہ بھارتی لیڈروں نے انڈیا میں جو ماحول بنایا، اس میں دلیل یا حجت کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ پاکستان کو یک طرفہ طور سے موردالزام ٹھہراتے ہوئے یہ تصور کرلیا گیا کہ بھارتی فوج جب چاہے، پاکستان کو سزا دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہیجان کے اسی ماحول میں 7 مئی کو بھارت نے پاکستان کے متعدد شہروں میزائل حملے کیے۔ ان حملوں میں 31 افراد جاں بحق اور 48 زخمی ہوئے۔ پاکستانی اطلاعات کے مطابق یہ سب عام شہری تھے اور جن جگہوں پر میزائل حملے کیے گئے تھے وہاں کسی قسم کے دہشت گرد کا کوئی نام ونشان نہیں تھا۔ حملوں کے دوران البتہ پاکستانی فضائیہ ہوشیار تھی اور اس کے طیاروں نے پاکستانی اہداف پر میزائل گرانے والے طیاروں کو نشانہ بنایا اور آئی ایس پی آر کے مطابق 5 بھارتی فائٹر جیٹ مار گرائے گئے۔ ان میں تین مشہور اور جدید فرانسیسی ساخت کے رافیل فائٹر بھی شامل تھے۔ ان اطلاعات کی غیر جانبدار ذرائع سے تصدیق بھی ہوگئی تھی البتہ یہ واضح نہیں تھا کہ تباہ ہونے والے بھارتی طیاروں کی اصل تعداد کیا تھی۔ بھارتی عسکری یا سیاسی قیادت نے چونکہ اس بارے میں تردید یا تصدیق کرنے سے گریز کیا جس سے فضا میں پاک فضائیہ کی برتری کی دھاک بیٹھ گئی۔ عام خیال کیا جارہا تھا کہ اس حملے اور پاکستان کی جوابی کارروائی کے بعد طرفین ہوش کے ناخن لیں گے اور کسی قسم کی جنگ بندی پر اتفاق کر لیا جائے گا۔ ایران اور سعودی عرب سمیت متعدد ممالک ثالثی کی کوششیں کرتے رہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے بھی دونوں ملکوں کی قیادت سے بات کر کے جنگ کا ماحول ختم کرنے کی اپیل کی تاہم یہ بیل منڈھے نہیں چڑھ سکی۔ 7 مئی کے بعد پاکستانی حکام کا کہنا تھا کہ اس دن بھارتی طیارے پاکستانی فضائیہ کی دفاعی کارروائی میں کام آئے تھے۔ البتہ بھارت نے پاکستان کے شہروں پر جو بلا اشتعال حملہ کیا ہے، اس کا بدلہ لیا جائے گا۔

تاکہ بھارت اور دنیا کو بتایا جائے کہ پاکستان اپنی خودمختاری کی حفاظت کرسکتا ہے۔ اس اصولی اعلان کے باوجود پاکستان کی طرف سے کوئی عسکری کارروائی دیکھنے میں نہیں آئی لیکن دوروز پہلے پاکستان میں مختلف اہداف پر بھارتی ڈرون حملوں کے بعد حالات کشیدہ ہونے لگے تھے۔ اس دوران دونوں طرف سے ایک دوسرے پر ڈرون اور میزائل پھینکنے کے الزام عائد کیے جارہے تھے تاہم پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا تھا کہ پاکستان 7 مئی کے حملوں کا جواب ضرور دے گا۔ اور جب ایسا ہوگا تو پوری دنیا میں اس کی گونج سنائی دے گی۔ 10 مئی کی رات دو بجے کے قریب آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ بھارت نے نورخان ائربیس سمیت تین اڈوں پر حملہ کیا ہے۔ اس کے تھوڑی دیر بعد ہی پاکستان نے میزائلوں اور طیاروں کے ساتھ مقبوضہ کشمیر اور پاکستان میں اس حوالے سے بھارت کو شدید نقصان پہنچانے اور اس کے میزائل کے گودام اور ہوائی اڈے تباہ کرنے کی اطلاعات دی گئیں۔ دوسری طرف بھارت نے ان حملوں کا اعتراف کرتے ہوئے کچھ نقصان کا اعتراف کیا لیکن تفصیلات بتانے سے گریز کیا گیا۔ ان حملوں کے تھوڑی دیر بعد ہی صدر ٹرمپ کی طرف سے اپنی ثالثی میں جنگ بندی کرانے کا اعلان کر دیا گیا۔ پاکستانی اور بھارتی وزرائے خارجہ نے بھی اس اعلان کی تصدیق کی۔ اطلاعات کے مطابق پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر کے قریب پاکستانی فوج کے ڈی جی ایم او نے اپنے بھارتی ہم منصب سے فون پر بات کی اور شام پانچ بجے سے مکمل جنگ بندی کا فیصلہ کیا گیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی کی سب سے پہلے اطلاع دی اور اس کا کریڈٹ بھی لیا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو رات کے دوران دونوں ملکوں کے لیڈروں سے رابطے میں رہے تھے۔

جنگ بندی کے بعد انہوں نے ایکس پر اپنے پیغام میں بتایا کہ نائب صدر وینس اور میں نے سینئر انڈین اور پاکستانی عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی ہے، جن میں وزیراعظم نریندر مودی و شہباز شریف، وزیر خارجہ ایس جے شنکر، چیف آف آرمی سٹاف عاصم منیر اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول اور عاصم ملک شامل ہیں۔ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ انڈیا اور پاکستان کی حکومتوں نے فوری جنگ بندی پر اتفاق کیا ہے اور ایک غیر جانبدار مقام پر وسیع مسائل پر بات چیت شروع کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ ہم وزرائے اعظم مودی اور شریف کو امن کا راستہ چننے میں ان کی دانشمندی، سمجھداری اور مدبرانہ انداز اپنانے پر سراہتے ہیں۔

پاکستان نے امریکی کوششوں اور جنگ بندی اور امن کی امید پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ایکس پر وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہم صدر ٹرمپ کی قیادت اور خطے میں امن کے لیے فعال کردار کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پاکستان اس موقع پر سہولت فراہم کرنے پر امریکہ کو سراہتا ہے۔ ہم نے علاقائی امن اور استحکام کے مفاد میں جنگ بندی قبول کی ہے۔ وزیراعظم نے نائب امریکی صدر جے ڈی وینس اور وزیر خارجہ مارکو روبیو کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جنوبی ایشیا میں امن کے لیے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ پاکستان کا خیال ہے کہ جنگ بندی مسائل کے حل میں ایک نئے آغاز کی نشاندہی ہے، جس کے بعد امن، خوشحالی اور استحکام کا سفر شروع ہو گا۔ جوہری ہتھیاروں سے لیس دو ملکوں کے درمیان جنگ بندی ایک ہوشمندانہ اقدام ہے۔ اگرچہ پس پردہ ہونے والی بات چیت اور ضمانتوں کے حوالے سے تفصیلات سامنے نہیں آئیں لیکن یہ اعلان اہم ہے کہ دونوں ملک کسی غیر جانبدار مقام پر بات چیت پر راضی ہوگئے ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان تقریباً ایک دہائی سے مذاکرات کے دروازے بند ہیں۔ یہ واضح ہے کہ کوئی تنازعہ میدان جنگ میں حل نہیں ہو سکتا۔ اس کے لیے دوسرے فریق سے بات ہی واحد طریقہ ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے نریندر مودی کی حکومت نے پہلگام سانحہ کے بعد پاکستان کے عزم و استقامت اور عسکری صلاحیت پرکھنے کے بعد ہی جنگ بندی اور مذاکرات پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

واہگہ بارڈر پر جشن فتح



میری بات

روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

بھارت کو شکست دینے کے بعد فتح کا سب سے بڑا جشن واہگہ بارڈر لاہور میں منایا گیا واہگہ بارڈر اس دن ایک بار پھر اس تاریخی حقیقت کا گواہ بنا کہ جب پوری قوم اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہو تو کوئی دشمن میلی آنکھ سے وطن کی طرف نہیں دیکھ سکتا پاکستانی عوام اور رینجرز نے دنیا کو پیغام دیا کہ ہماری سرزمین، ہماری غیرت اور ہماری آزادی پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں یہ جشن صرف فتح کا نہیں بلکہ قومی وحدت، حوصلے، قربانی سمیت جذبہ شہادت کا جشن اور ایک عہد تھا کہ ہم زندہ قوم ہیں اور ہمیشہ سرخرو رہیں گے یہی وجہ تھی کہ پاکستان نے بھارت کو ایک تاریخی اور عبرت ناک شکست دے کر نہ صرف انکے عزائم خاک میں ملا دیے بلکہ قوم کے حوصلے اور اتحاد کی نئی مثال بھی قائم کر دی ہے اس عظیم کامیابی کا جشن شہریوں نے واہگہ بارڈر "اللہ اکبر"، "پاک فوج زندہ باد" اور پاکستان پائندہ باد کے فلک شگاف نعروں سے منایا پریڈ کے اختتام پر شہریوں نے پاکستان رینجرز کے جانبازوں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں انہیں پھولوں کے ہار پہنائے اور بار بار "ہمیں تم پر ناز ہے" کے نعرے لگائے بزرگ خواتین نے جوانوں کے ماتھے چوم کر ان کی قربانیوں اور استقامت کو خراج تحسین پیش کیا پریڈ کمانڈر ناصر کا کہنا تھا کہ جب سے انڈیا کے ساتھ کشیدگی شروع ہوئی ہم ہر لحہ یہاں تیار کھڑے تھے ہم نے پہلے بھی کہا تھا کہ ہم مسلمان اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے 2019 میں اسی بارڈر پر ہم نے انڈیا کے کمانڈر ابھینندن کو حوالے کیا تھا آج پھر دشمن کو ہماری طاقت کا اندازہ ہو چکا ہے مقامی لوگ رات کے وقت ہمارے لیے کھانا لے کر آتے تھے اور آج بھی یہ لوگ ہم پر پھول نہیں بلکہ اپنے دل نچھاور کر رہے ہیں یہی محبت ہماری ہمت اور حوصلہ بڑھاتی ہے اسی لیے تو ہم شہادت کے جذبے سے سرشار ہو کر یہاں کھڑے ہیں ہمارا عزم ہے کہ دشمن کی ہر سازش ناکام بنائیں گے

جبکہ بارڈر کے دوسری طرف موت کی خاموشی اور مکمل سناٹا چھایا تھا بی ایس ایف انڈیا کے جوان پریڈ میں شریک نہیں ہوئے بلکہ خاموشی سے ترنگا اتارا یہ منظر خود گواہ تھا کہ بھارتی فوج اور قیادت شکست خوردہ اور خوف زدہ ہے بھارت نے پاکستان کی امن دوستی کو کمزوری سمجھا جو ان کی بہت بڑی نادانی تھی پاکستان کی افواج اور فضائیہ نے دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بناتے ہوئے ملکی دفاع اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کا جو مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین اور قابل فخر ہے ہمارے ملک کے محافظوں کی انہی دلیرانہ کاوشوں سے خوفزدہ ہو کر دشمن سیز فائر کرنے پر مجبور ہوا یہ کامیابی نہ صرف ایک فوجی آپریشن کی جیت ہے بلکہ پاکستان کی تکنیکی، انٹیلیجنس اور اسٹریٹیجک صلاحیتوں کا واضح ثبوت بھی ہے آپریشن بنیان مرصوص میں جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کیا گیا جس میں ہدف کے تعین، سائبر انٹیلیجنس، ریئل ٹائم سرویلنس اور الیکٹرانک وارفیئر کی مہارت شامل تھی اس نے دشمن کے تمام خفیہ اور کھلے منصوبے ناکام بنا دیے اور خطے میں طاقت کے توازن کو پاکستان کے حق میں مزید مستحکم کر کے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ پاکستان ہر سطح پر اپنے دفاع کے لیے تیار اور مکمل طور پر اہل ہے آپریشن بنیان مرصوص افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات مندی اور قومی غیرت کی ایک عظیم مثال ہے دشمن نے جس غرور اور تکبر کے ساتھ پاکستانی خودمختاری کو چیلنج کرنے کی کوشش کی افواج پاکستان نے اسے عبرتناک جواب دے کر ثابت کر دیا کہ وطن عزیز کے دفاع کے لیے ہم ہر قیمت ادا کرنے کو تیار ہیں بھارت کی اشتعال انگیزی اور مہم جوئی کا جو جواب دیا گیا وہ نہ صرف فوجی سطح پر ایک کامیابی ہے بلکہ یہ پوری قوم کے اعتماد، اتحاد اور حب الوطنی کی علامت بھی ہے پاک فضائیہ نے دشمن کے خوابوں کو چکنا چور کر کے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ پاکستان پر میلی آنکھ ڈالنے والوں کا انجام عبرتناک ہوتا ہے پاک فضائیہ نے جس طرح اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا وہ قابل فخر ہے بھارت کو اب اندازہ ہوگیا کہ پاکستان سے الجھنا مہنگا پڑ گیا نریندر مودی کے جنگی جنون نے بھارت کو بند گلی میں دھکیل دیا ہے حالانکہ بھارت میں لوگ پیار محبت سے چلنا چاہتے ہیں لیکن مودی بھارتیوں کو بدنام کر رہا ہے بھارت نے ہمارے معصوم بچوں کو شہید کیا، سویلین آبادی پر حملے کر کے لوگوں کو شہید کیا، مساجد شہید کی گئیں جبکہ ہم امن پسند لوگ ہیں ہمارا مذہب بھی امن کا درس دیتا ہے ہم محبت کی بات کرتے ہیں لیکن مودی نفرتیں پھیلا رہا ہے یہی وجہ تھی کہ 6 اور 7 مئی کو بھارتی جارحیت کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت درجنوں شہادتیں ہوئیں جسکے بعد ہماری بری، بحری اور فضائی افواج نے زمین، فضا، سمندر اور سائبر اسپیس میں مکمل ہم آہنگی سے اہم اہداف کو نشانہ بنایا اور پاکستان کے خلاف استعمال ہونے والے بھارت کے 26 اہم ملٹری ٹارگٹس کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا ان نشانہ بنانے والے مقامات میں سورت گڑھ، سرسہ، بجھ، آدم پور، اونتی پورہ، اودھم پور، نالیہ، برنالا، بٹھنڈہ، الواڑا، سری نگر، جموں، ماموں، امبالا اور پٹھان کوٹ شامل تھے جبکہ بیاس اور نگروٹا میں موجود براہموس میزائل کے ذخائر جو پاکستانی شہریوں پر حملوں میں استعمال ہوئے ان کو تباہ کیا گیا بھارت کے ایس 400 ایئر ڈیفنس سسٹم کو پاک فضائیہ نے بوجھ اور آدم پور مقامات پر نشانہ بنایا جب کہ اڑی میں فیلڈ سپلائی ڈیپو اور پونچھ میں ریڈار سسٹم جیسے لاجسٹک اور سپورٹ مراکز کو بھی نشانہ بنایا گیا کے جی ٹاپ، نشہرہ میں موجود 10 بریگیڈ اور 80 بریگیڈ کی کمانڈ تنصیبات کو بھی تباہ کیا گیا یہ وہ تنصیاب ہیں جہاں سے بلا اشتعال فائرنگ کر کے معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا جاتا تھا راجوڑی اور نوشیرہ میں موجود ملٹری انٹیلی جنس یونٹس اور ان کی فیلڈ عناصر جو پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث پراکسیز کو سپورٹ دیتے تھے ان کو بھی ختم کر دیا گیا جب کہ لائن آف کنٹرول کے باہر وہ تمام آرٹلری، لاجسٹک اور پوسٹیں جو آزاد کشمیر میں شہریوں پر فائرنگ کرتی تھی ان پر شدید اور مسلسل جوابی کارروائی کی گئی یہاں تک کہ انہوں نے سفید جھنڈے لہرا دیئے بھارت نے ڈرونز کے ذریعے پاکستان کے فضائی حدود کی خلاف ورزی کی تاکہ عوام میں خوف پھیلایا جاسکے اور ان کو ڈرایا جاسکے اس کے ردعمل میں آپریشن بنیان مرصوص کے دوران پاکستان کے مسلح ڈرون بھارت کے دارالحکومت نئی دلی سمیت بڑے شہروں اور مقبوضہ کشمیر سے لے کر گجرات تک مسلسل پرواز کرتے رہے

تاکہ پاکستان کی صلاحیت کا نہ صرف اظہار کیا جاسکے بلکہ یہ بتایا جاسکے اس ڈرون کے ڈومینز کا موجودہ وارفیئر میں کوئی فائدہ نہیں پاکستانی افواج نے بھرپور سائبر حملے بھی کیے جس کے نتیجے میں ان بھارتی اہم مواصلاتی اور انفراسٹرکچر نظام کو مفلوج کیا گیا جو بھارتی افواج استعمال کر رہی تھیں پاکستانی افواج کے پاس ایسی کئی جدید جنگی صلاحیتیں موجود ہیں جن میں سے کچھ کا استعمال محدود سطح پر کیا گیا جب کہ کئی صلاحیتیں آئندہ کے لیے محفوظ رکھی گئی ہیں اس جنگ میں ہم نے مودی کو یہ بھی پیغام دیا ہے کہ آپ کی طرف سے مسلسل اشتعال انگیزی کے مقابلے میں پاکستان کا ردعمل نہایت درست، متوازن اور محدود نوعیت کا رہا پاکستان نے نہایت مخصوص اہداف کو منتخب کیا تاکہ عام شہری متاثر نہ ہو۔

امن، خوشحالی



پاکستان اور بھارت کے درمیان گزشتہ کچھ دنوں سے جنگ کا عالم تھا بھارت نے پاکستان پر میزائل اور ڈرون حملے کئے بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان کے چھ شہروں پر بزدلانہ حملے کئے اور اس میں خاص طور پر مساجد کو نشانہ بنایا بھارت نے سویلین آبادیوں کو نشانہ بنایا جس میں 26 سے زائد لوگ جاں بحق ہوئے جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل تھے بھارت نے یہ حملے پہلگام واقعہ کو بنیاد بنا کر کئے وہ پہلگام واقعہ جس میں 28 سیاحوں کو ہلاک کیا گیا اور بھارت نے صرف پانچ منٹ کیا ندر اس کا الزام پاکستان پر لگا دیا پاکستان نے اس کی ڈٹ کر تردید کی اور بھارت کو ثبوت فراہم کرنے کے لئے کہا ساتھ ہی شفاف تحقیقات کی پیشکش کی پاکستان نے بین الاقوامی برادری کو بھی پیشکش کی کہ وہ خود تحقیقات کرلیں کہ پاکستان کا اس واقعہ میں کوئی ہاتھ نہیں ہے پاکستان ان تحقیقات میں مکمل تعاون کرے گا مگر بھارت نے ہر پیشکش کو ٹھکرا دیا کیونکہ بھارتی وطیرہ ہے کہ خود ہی ایسا جرم کرو اور پاکستان پر الزام لگا کر ایسی پبلٹی کرو کہ وہ سچ لگنے لگے اور بھارت کو اس کی آڑ میں اپنے اصل مذموم مقاصد پورے کرنے کا موقع مل سکے دراصل یہ فالس فلیگ آپریشن بھارت نے پاک سرزمیں پر حملے کو قانونی جواز دینے کے لئے کیا تھا جو کہ وہ پہلے بمبئی دھماکوں اور پلوامہ کی آڑ میں کر چکا تھا مگر اس بار بین الاقوامی برادری نے بھارتی موقف کورد کر دیا پاکستان نے وہ تمام مقامات انٹرنیشنل کمیونٹی اور میڈیا کو وزٹ کروائے جن کے بارے بھارت دہشتگرد کیمپوں کا ڈھنڈورا پیٹ رہا تھا بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملہ کیا پاکستانی شاہینوں نے اس کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور بھارت کے پانچ طیارے تباہ کر دئے جن میں دنیا کا مہنگا ترین طیارہ رافیل بھی شامل تھا جو فرانسیسی ساختہ ہے اور کسی بھی جنگ میں آج تک اسے خراش بھی نہیں آئی مگر پاکستان نے تین رافیل طیارے گرا دئے پاکستان کے ائیر ڈیفنس سسٹم نے بھی اپنا لوہا منوا لیا اور بھارت کے میزائل اور ڈرون تباہ ہوتے رہے بھارت کی مسلسل جارحیت نے پاکستانی عوام کو اپنی افواج پر جوابی حملے کے لئے دباؤ ڈالنے پر مجبور کر دیا پاکستان کی مسلح افواج میڈیا سوشل میڈیا سب یک جان یک زبان ہو گئے پاکستان نے اس موقع پر جس صبر و تحمل اور میچورٹی کا مظاہرہ کیا اس کی بھی مثال نہیں ملتی بھارت نے نہ صرف جنگی محاذ کو گرم کیا بلکہ نفسیاتی وار بھی چھیڑ دی بھارتی میڈیا جو مودی کے زیراثر ہے نے جھوٹی فیک نیوز کے انبار لگا دئے وہ پاکستان پر بھارت میں حملے کے الزامات لگاتے رہے اور اپنا منصوبہ مکمل کرتے رہے پاکستان کا ہوا لبریز پیمانہ صبر کا اور شروع ہوا آپریشن بنیان المرصوص جس نے دنیا بھر میں بھارت کو ننگا کر دیا بھارت کی فضائی برتری کو خاک میں ملا دیا پاکستان نے چھ مقامات کے بدلے چھبیس مقامات کو نشانہ بنایا پاکستان کے فتح 1 میزائل نے بھارت میں تباہی مچا دی بھارت کے ائیر بیس بریگیڈ ہیڈ کوارٹرز چوکیاں کچھ بھی پاکستانی شاہینوں کے نشانے سے باہر نہ تھا بھارت کے میزائل سٹیشن براہموس جو بھارت کا فخر تھا کے سٹور تک کو پاکستان کے فتح ون میزائل نے تباہ کر دیا پاکستان نے کسی سویلین آبادی یا مرکز پر حملہ نہیں کیا بلکہ صرف فوجی تنصیبات خاص طور پر وہ جن سے پاکستان پر حملے کئے جا رہے تھے کو اپنا نشانہ بنایا پاکستان نے بھارت کے ائیر ڈیفنس سسٹم کو پلک جھپکتے ہی تباہ کر دیا پاکستان نے نہ صرف فضاں میں بھارت کے زعم کو خاک میں ملایا بلکہ پاکستانی سائبر اٹیک نے بھارت کی اہم ویب سائٹس کو بھی ہیک کیا بھارت کے بجلی گھروں کے سسٹم ناکارہ بنا دئے اور ستر فیصد بھارت تاریکی میں ڈوب گیا چند ہی گھنٹوں میں بھارت بین الاقوامی برادری کے ذریعے جنگ بندی کی بھیک مانگنے پر مجبور ہو گیا اس جنگ میں پاکستان کی سیاسی اور ملٹری قیادتوں نے اپنے اپنے کردار انتہائی مدبرانہ طور پر ادا کئے سیاسی قیادت نے انٹرنیشنل کمیونٹی کو اپنے بیانئے سے مسلسل آگاہ رکھا اور ان کی حمایت ہندوستان کے پلڑے میں نہ جانے دی جبکہ فوجی قیادت نے جنگی محاذ پر اپنا کردار ادا کیا آپریشن بنیان المرصوص نے بھارت کا غرور پاش پاش کر دیا

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

TISSOT
gettyimages
Credit: Gold & Goose Photography

فرانس: موٹر ریڈرریس ٹورنامنٹ میں بائیک رائیڈر منزل کی جانب گامزن ہیں

پاک بھارت کشیدگی' آسٹریلوی کرکٹرز آئی پی ایل کیلئے واپس بھارت جائینگے یا نہیں؟

بھارت واپس جانے یا نہ جانے کے کرکٹرز کے فیصلے کی حمایت کریں گے' کرکٹ آسٹریلیا کا اعلان

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی کرکٹرز کی انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں دوبارہ شمولیت کے معاملے پر کرکٹ آسٹریلیا کا مؤقف سامنے آگیا۔ کرکٹ آسٹریلیا کی جانب سے کہا گیا کہ آسٹریلوی کرکٹرز کے انفرادی فیصلوں کی حمایت کریں گے، بھارت واپس جانے یا نہ جانے کے کرکٹرز کے فیصلے کی حمایت کریں گے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق ٹیم مینجمنٹ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ لے گی، بھارت واپس جانے والے کھلاڑیوں کی تیاریوں پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیں گے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے آسٹریلوی حکومت بھارتی بورڈ سے رابطے میں ہے۔ واضح رہے کہ آئی پی ایل 17 مئی سے دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کیا گیا ہے جبکہ لیگ کا فائنل 3 جون کو ہوگا جبکہ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل 11 جون سے کھیلا جانا ہے۔ یاد رہے کہ پاک بھارت کشیدگی کے باعث 9 مئی کو آئی پی ایل کے معطل ہونے کے بعد آسٹریلوی کرکٹرز وطن واپس چلے گئے تھے۔ آسٹریلوی کرکٹرز کی انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں دوبارہ شمولیت کے معاملے پر کرکٹ آسٹریلیا کا مؤقف سامنے آگیا۔ کرکٹ آسٹریلیا کی جانب سے کہا گیا کہ آسٹریلوی کرکٹرز کے انفرادی فیصلوں کی حمایت کریں گے، بھارت واپس جانے یا نہ جانے کے کرکٹرز کے فیصلے کی حمایت کریں گے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق ٹیم مینجمنٹ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ لے گی، بھارت واپس جانے والے کھلاڑیوں کی تیاریوں پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیں گے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے آسٹریلوی حکومت بھارتی بورڈ سے رابطے میں ہے۔ واضح رہے کہ آئی پی ایل 17 مئی سے دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کیا گیا ہے جبکہ لیگ کا فائنل 3 جون کو ہوگا جبکہ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل 11 جون سے کھیلا جانا ہے۔ یاد رہے کہ پاک بھارت کشیدگی کے باعث 9 مئی کو آئی پی ایل کے معطل ہونے کے بعد آسٹریلوی کرکٹرز وطن واپس چلے گئے تھے۔



جاپان: گالف ٹورنامنٹ میں کھلاڑی شارٹ کھیل رہا ہے

ویرات کوہلی کا ٹیسٹ کرکٹ سے اچانک ریٹائرمنٹ کا اعلان

میں اس فارمیٹ سے رخصت ہو رہا ہوں، یہ آسان نہیں، لیکن مجھے یہ صحیح محسوس ہو رہا ہے' جذباتی پیغام جاری

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے 36 سالہ سابق کپتان ویرات کوہلی نے ٹیسٹ کرکٹ سے اچانک ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ کرکٹ ویب سائٹ کرک انفو کے مطابق بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان ویرات کوہلی کا ٹیسٹ کرکٹ کا 14 سالہ کریئر اپنے اختتام کو پہنچ گیا، کرکٹر نے ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ بھارتی کھلاڑی نے جاری کردہ جذباتی پیغام میں کہا کہ یہ 14 سال پہلے کی بات ہے جب میں نے پہلی بار ٹیسٹ کرکٹ میں بھارت کے لیے سفید لباس پہنا، میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ یہ فارمیٹ مجھے کس سفر پر لے جائے گا۔ ویرات کوہلی نے کہا کہ اس نے مجھے آزمایا، نکھارا اور ایسی زندگی کی سچائیاں سکھائیں جو ہمیشہ میرے ساتھ رہیں گی، میں اس فارمیٹ سے رخصت ہو رہا ہوں، یہ آسان نہیں، لیکن مجھے یہ صحیح محسوس ہو رہا ہے۔ میں نے ٹیسٹ کرکٹ کو اپنی تمام تر توانائیاں دیں اور بدلے میں اس کھیل نے مجھے بہت کچھ دیا ہے۔ واضح رہے کہ کوہلی نے 111 ٹیسٹ میچز میں 9230 رنز بنائے، جس میں ان کی اوسط 46.8 رہی، وہ بھارت کے لیے سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑیوں کی فہرست میں چوتھے نمبر پر ہیں، ان سے آگے صرف سچن ٹنڈولکر (15921)، راہول ڈریوڈ (13265) اور سنیل گواسکر (10122) ہیں۔ ویرات کوہلی نے کہا کہ اس نے مجھے آزمایا، نکھارا اور ایسی زندگی کی سچائیاں سکھائیں جو ہمیشہ میرے ساتھ رہیں گی، میں اس فارمیٹ سے رخصت ہو رہا ہوں۔

ڈیوڈ وارنر کی پی ایس ایل کے بقیہ میچز میں شرکت کی تصدیق

بین میکڈرموٹ بھی پی ایس ایل کیلیے دوبارہ پاکستان جانے کا پلان کر رہے ہیں' آسٹریلوی میڈیا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے ڈیوڈ وارنر نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) پر اعتماد کا اظہار کردیا۔ اس حوالے سے آسٹریلوی میڈیا کا کہنا ہے کہ کراچی کنگز کے کپتان ڈیوڈ وارنر پی ایس ایل کے بقیہ میچز میں شرکت کیلیے پاکستان واپس جائیں گے، وہ پی ایس ایل مکمل کرنے کیلیے بقیہ میچز میں شریک ہوں گے۔ آسٹریلوی میڈیا نے کہا کہ ڈیوڈ وارنر نے پی ایس ایل میں شرکت کی میڈیا کو تصدیق کی ہے۔ پی ایس ایل ملتوی ہونے کے بعد غیر ملکی کھلاڑی پاکستان سے چلے گئے تھے۔ آسٹریلوی میڈیا کا کہنا ہے کہ بین میکڈرموٹ بھی پی ایس ایل کیلیے دوبارہ پاکستان جانے کا پلان کر رہے ہیں۔ سیز فائر کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) پی ایس ایل دوبارہ شروع کرنے کا پلان کر رہا ہے، پی سی بی نے پی ایس ایل کے دوبارہ شروع کرنے کے لیے فرنچائزز سے میٹنگز کی ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور پی ایس ایل فرنچائزز نے پاکستان سپر لیگ 10 کے بقیہ میچز کیلیے 17 سے 25 مئی کی ونڈو پر اتفاق کرلیا ہے۔

ساجد سدپارہ نے بغیر آکسیجن 7 ویں بلند ترین چوٹی ڈھولاگیری سر کر لی

چوٹی نیپال میں واقع ہے اور کوہ پیمائی کی دنیا میں اسے ایک خطرناک اور چیلنجنگ پہاڑ سمجھا جاتا ہے

گلگت (این این آئی) پاکستان کے نوجوان اور باہمت کوہ پیما ساجد علی سدپارہ نے بغیر آکسیجن کے 7 ویں بلند ترین چوٹی ڈھولاگیری Dhaulagiri سر کرکے ایک اور تاریخی کارنامہ سر انجام دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی کوہ پیما ساجد علی سدپارہ نے دنیا کی ساتویں بلند ترین چوٹی ڈھولاگیری (8167 میٹر) کو بغیر اضافی آکسیجن اور کسی مدد کے کامیابی سے سر کرکے ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق پاکستانی کوہ پیما نے جس چوٹی کو سر کیا ہے وہ نیپال میں واقع ہے اور کوہ پیمائی کی دنیا میں اسے ایک خطرناک اور چیلنجنگ پہاڑ سمجھا جاتا ہے۔ سدپارہ کا سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اپنے پیغام میں کہنا تھا کہ الحمدللہ ڈھولاگیری سر کرلی ہے، بغیر آکسیجن اور بغیر کسی مدد کے، اس مہم کو 10 مئی کو کامیابی سے مکمل کیا۔ اس اہم کامیابی کو الپائن کلب آف پاکستان کے سیکریٹری کرار حیدری نے پاکستان اور عالمی کوہ پیمائی برادری کیلیے فخر کا لمحہ قرار دیا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ ساجد کی اس مہم میں سیون سمٹ ٹریکس نیپال اور سبروسو پاکستان نے تعاون کیا جبکہ ٹیکنیکل گیئر کیلاس کمپنی نے فراہم کیا۔ یاد رہے کہ ایسا پہلا مرتبہ نہیں ہوا کہ ساجد نے بغیر اضافی آکسیجن چوٹی سر کی ہو، 2023ء میں انہوں نے دنیا کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ کو بغیر آکسیجن کے سر کرلیا تھا، جو ایک نایاب عالمی کارنامہ ہے۔

پاک بھارت جنگ بندی کے بعد آئی پی ایل کو دوبارہ شروع کرنے کا اعلان

آئی پی ایل کے بقیہ میچز 17 مئی سے 3 جون تک 6 شہروں میں کھیلے جائیں گے' بھارتی کرکٹ بورڈ

نئی دہلی (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد بھارتی کرکٹ بورڈ نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کو دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ آئی پی ایل کو گزشتہ ہفتے پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کے باعث معطل کر دیا گیا تھا۔ 9 مئی کو بھارت نے پاکستان پر حملوں کے بعد پاک فوج کی جوابی کارروائیوں کے باعث آئی پی ایل کو غیر معینہ مدت تک کے لیے منسوخ کر دیا تھا۔ اس سے ایک دن قبل آئی پی ایل کا دھرم شالہ میں کھیلا جانے والا میچ بھی روک دیا گیا تھا اور اسٹیڈیم کی لائٹس بند کر دی گئی تھی جبکہ غیر ملکی کھلاڑیوں نے آئی پی ایل چھوڑ کر اپنے وطن جانے کے لیے پروازوں کی دستیابی دیکھنا شروع کر دی تھی۔ تاہم ہفتے کو پاکستان کی جانب سے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے اور دونوں ملکوں کے درمیان جنگ بندی کے بعد اب آئی پی ایل کو دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے مطابق آئی پی ایل کے بقیہ میچز 17 مئی سے 3 جون تک 6 شہروں میں کھیلے جائیں گے۔ بی سی سی آئی کا کہنا ہے کہ 17 مئی کو رائل چیلنجرز بنگلور اور دفاعی چیمپئن کولکتہ نائٹ رائیڈرز کے درمیان میچ کھیلا جائے گا۔

gettyimages
Credit: Dan Istitene

اٹلی: ٹینس ٹورنامنٹ میں کھلاڑی ریٹرن شارٹ کھیل رہا ہے

ٹاپ سیڈڈ آریانا سبالینکا اور کوکو گف اٹالین اوپن ٹینس ویمنز سنگلز کوارٹر فائنل راؤنڈ میں داخل

روم (این این آئی) بیلاروس کی نامور ٹینس سٹار، عالمی نمبر ون اور ایونٹ کی ٹاپ سیڈڈ آریانا سبالینکا اور امریکی ٹینس سٹار کوکو گف اپنی فتوحات کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئی۔ 27 سالہ بیلاروسی ٹینس سٹار تین گرینڈ سلام کی چیمپئن اور عالمی نمبر ون آریانا سبالینکا نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے ٹاپ 16 راؤنڈ میچ میں یوکرین کی حریف ٹینس کھلاڑی مارٹا اولیہونا کوسٹیوک کو شکست دی۔ اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ اٹلی میں جاری ہے جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ 27 سالہ بیلاروسی ٹینس سٹار تین گرینڈ سلام کی چیمپئن اور عالمی نمبر ون آریانا سبالینکا نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے پری

انگلینڈ کی ایما راڈوکانو کا اٹالین اوپن ٹینس ویمنز سنگلز چوتھے راؤنڈ میں سفر تمام

21 سالہ امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کیا

روم (این این آئی) انگلینڈ کی نامور ٹینس سٹار ایما راڈوکانو اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے چوتھے راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ سے باہر ہوگئیں۔ 21 سالہ امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 2021 کی یو ایس اوپن چیمپئن 22 سالہ برطانوی حریف کھلاڑی ایما راڈوکانو کو ہرا کر کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ اٹلی میں جاری ہے جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں کے چوتھے راؤنڈ میچ میں 21 سالہ امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 22 سالہ برطانوی نامور ٹینس سٹار ایما راڈوکانو کو سٹریٹ سیٹس میں 1-6 اور 2-6 سے شکست دے کر نہ صرف ٹورنامنٹ سے باہر کر دیا بلکہ کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا، جہاں ان کا مقابلہ 18 سالہ روسی ٹینس کھلاڑی میرا الیگزینڈروونا اینڈریوا سے ہوگا۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں کے چوتھے راؤنڈ میچ میں 21 سالہ امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 22 سالہ برطانوی نامور ٹینس سٹار ایما راڈوکانو کو سٹریٹ سیٹس میں 1-6 اور 2-6 سے شکست دے کر نہ صرف ٹورنامنٹ سے باہر کر دیا بلکہ کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔

SHOWBIZ
قوت

دوبارہ نہیں کرنا بیٹا، یہ فلم نہیں ہے، فہد مصطفیٰ کا بھارت کو انتباہ

بھارت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ یہ کوئی فلمی سین نہیں، حقیقی دنیا ہے اور یہاں ہر قدم کا موثر جواب دیا جاتا ہے

کراچی (این این آئی) معروف اداکار اور ٹیلی ویژن میزبان فہد مصطفیٰ نے بھارتی جارحیت پر پاکستانی قوم اور افواجِ پاکستان کے بھرپور جواب کو سراہا اور بھارت کو دوٹوک وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ دوبارہ نہ کرنا بیٹا ورنہ چھوڑیں گے نہیں۔ فہد مصطفیٰ نے نجی ٹی وی پر اپنے شو کے آغاز میں مسلح افواج کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور کہا کہ بھارت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ یہ کوئی فلمی سین نہیں، حقیقی دنیا ہے اور یہاں ہر قدم کا موثر جواب دیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان حال ہی میں ایک نازک صورتحال سے گزرا ہے جب بھارت نے پہلگام حملوں کا الزام لگا کر جنگ چھیڑنے کی کوشش کی۔ تاہم افواج پاکستان کی بھرپور دفاعی اور پھر آپریشن بنیان مرصوص کی صورت میں جوابی کارروائی سے بھارت کو جدید ترین جنگی طیاروں، ایئربیسز، بریگیڈ ہیڈکوارٹر، بلیسٹک میزائلوں کے ذخیرے اور لاتعداد چوکیوں کے نقصان کے بعد پسپائی اور ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا۔ معروف اداکار اور ٹیلی ویژن میزبان فہد مصطفیٰ نے بھارتی جارحیت پر پاکستانی قوم اور افواجِ پاکستان کے بھرپور جواب کو سراہا اور بھارت کو دوٹوک وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ دوبارہ نہ کرنا بیٹا ورنہ چھوڑیں گے نہیں۔ فہد مصطفیٰ نے نجی ٹی وی پر اپنے شو کے آغاز میں مسلح افواج کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور کہا کہ بھارت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ یہ کوئی فلمی سین نہیں، حقیقی دنیا ہے اور یہاں ہر قدم کا موثر جواب دیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان حال ہی میں ایک نازک صورتحال سے گزرا ہے جب بھارت نے پہلگام حملوں کا الزام لگا کر جنگ چھیڑنے کی کوشش کی۔ تاہم افواج پاکستان کی بھرپور دفاعی اور پھر آپریشن بنیان مرصوص کی صورت میں جوابی کارروائی سے بھارت کو جدید ترین جنگی طیاروں، ایئربیسز، بریگیڈ ہیڈکوارٹر، بلیسٹک میزائلوں کے ذخیرے اور لاتعداد چوکیوں کے نقصان کے بعد پسپائی اور ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا۔

اداکار جانی ڈیپ ایک بار پھر فلمی دنیا میں قدم جمانے کیلئے کوشاں

اب وہ اپنے فلمی کیریئر پر توجہ دے رہے ہیں، ان کی اگلی فلم 2026 میں ریلیز ہوگی

نیویارک (این این آئی) شوبز دنیا کے مشہور اور سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے اداکار جانی ڈیپ نے 650 ملین ڈالر گنوا دیے، وہ ایک بار پھر فلمی دنیا میں قدم جمانے کیلیے کوشاں ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 61 سالہ جانی ڈیپ ایک وقت فلمی دنیا میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے اداکار تھے، ان کی مجموعی دولت 900 ملین ڈالر تھی۔ رپورٹ کے مطابق اداکار کو ان کے حد سے زائد اخراجات نے تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا، وہ اپنی کمائی کا بڑا حصہ یعنی 650 ملین ڈالر گنوا چکے ہیں اور انہیں 100 ملین ڈالرز کا قرض بھی ادا کرنا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جانی ڈیپ نے چند سال قبل سابقہ اہلیہ اور اداکارہ ایمبر ہرڈ سے طویل قانونی جنگ لڑی، اب وہ اپنے فلمی کیریئر پر توجہ دے رہے ہیں، ان کی اگلی فلم 2026 میں ریلیز ہوگی۔ ہالی ووڈ کا نامور اداکار مقروض کیسے ہوگیا؟ اس نے 650 ملین ڈالرز کیسے گنوا دیے؟ ان کو اس مقام تک پرتعیش زندگی اور ناقص فنانشل منصوبہ بندی نے پہنچایا ہے، جانی ڈیپ نے اس دوران ہر ماہ 30 ہزار ڈالر کی شراب نوشی کی اور جزیرے خریدے، وہ اسی دوران 100 ملین ڈالر کے قرض میں بھی پھنس گئے۔ رپورٹ کے مطابق اداکار کو ان کے حد سے زائد اخراجات نے تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا، وہ اپنی کمائی کا بڑا حصہ یعنی 650 ملین ڈالر گنوا چکے ہیں اور انہیں 100 ملین ڈالرز کا قرض بھی ادا کرنا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جانی ڈیپ نے چند سال قبل سابقہ اہلیہ اور اداکارہ ایمبر ہرڈ سے طویل قانونی جنگ لڑی، اب وہ اپنے فلمی کیریئر پر توجہ دے رہے ہیں، ان کی اگلی فلم 2026 میں ریلیز ہوگی۔ ہالی ووڈ کا نامور اداکار مقروض کیسے ہوگیا؟ اس نے 650 ملین ڈالرز کیسے گنوا

بیٹی کو ان رشتوں کے متعلق سمجھایا جنہیں نبھانے میں کامیاب نہ ہوسکی، جویریہ عباسی

کراچی (یواین پی) ہر ماں کی کوشش ہوتی ہے کہ اولاد کی تربیت اور محبت میں کوئی کمی نہیں رہ جائے، والدین گو کہ مل کر اولاد کی شخصیت کو مکمل کرتے ہیں لیکن ایسی بھی مائیں ہیں جنہوں نے شوہر کے بغیر اپنی اولاد کی تربیت کی اور ساتھ ہی پیشہ وارانہ فرائض بھی انجام دیتی رہیں۔ اداکارہ جویریہ عباسی کا شمار بھی ایسی ہی ماؤں میں ہوتا ہے، گفتگو میں انہوں نے ماں بننے کے بعد زندگی میں آنے والی تبدیلی، بیٹی کی پرورش اور فیملی کے تعاون پر خصوصی گفتگو کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری کوشش رہی کہ بیٹی انزلہ کو خاندان سے جوڑ کر رکھوں، یعنی ددھیال ننھیال سب سے ملنا، میں یہ سمجھتی ہوں کہ بچوں کی پرورش میں نانی اور دادی دونوں کا بہت بڑا کردار ہوتا ہے، انزلہ کی نانی نے بیٹی کی پرورش میں بہت ساتھ دیا پھر دادا بھی موجود تھے ان کا بھی پیار ملا۔

پاکستانی فنکاروں کی تصاویر بھارتی فلموں اور گانوں کے پوسٹرز سے غائب

لاہور (یواین پی) پاک بھارت کشیدگی اور حالیہ جنگ کے بعد پاکستانی اداکاروں کی تصاویر بھارتی میوزک پلیٹ فارمز سے ہٹا دی گئیں۔ حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے تناظر میں متعدد بھارتی فلموں کے پوسٹرز اور گانوں کے پوسٹرز سے پاکستانی اداکاروں کی تصاویر ہٹا دی گئی ہیں۔ فواد خان کو فلم کپور اینڈ سنز کے گانے بدھو سا من کے پوسٹر سے ہٹا دیا گیا ہے، اور یہ گانا اب بھارت میں یوٹیوب پر دستیاب نہیں ہے تاہم فواد خان کی 2014 کی فلم خوبصورت کا پوسٹر تا حال تبدیل نہیں ہوا۔ اسی طرح ماہرہ خان کو فلم رئیس کے البم کور سے ہٹا دیا گیا ہے، جس میں اب صرف شاہ رخ خان نظر آرہے ہیں جبکہ ماہرہ غائب ہیں جو اس فلم میں ان کی ہیروئن تھیں۔ اداکارہ ماورا حسین کی فلم صنم تیری قسم کے پوسٹرز سے بھی ان کی تصویر کو اسپاٹیفائی اور یوٹیوب میوزک سے ہٹا دیا گیا ہے اور انہیں صنم تیری قسم 2 میں شامل کرنے سے بھی انکار کر دیا گیا ہے۔ یہ

ماں بننے کے بعد مجھ میں غصہ ختم ہوگیا ہے، زارا نور عباس

لاہور (یواین پی) پاکستانی اداکارہ زارا نور عباس نے انکشاف کیا ہے کہ ماں بننے کے بعد ان میں سے غصہ ختم ہوگیا ہے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ ان میں ہمدردی کے جذبات بڑھ گئے ہیں اور اب وہ اپنی والدہ کی پہلے سے زیادہ قدر کرنے لگی ہیں۔ زارا نور عباس نے بتایا کہ وہ اب وقت کی پابندی کرتی ہیں اور اگر کسی جگہ جانا ہو تو ساری تیاری مکمل کر لیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی پرورش کرنا انسان وقت کے ساتھ ساتھ ہی سیکھتا ہے اور وہ چاہتی ہیں کہ ان کی بیٹی ایک بااخلاق اور ہمدرد انسان بنے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی پرورش کرنا انسان وقت کے ساتھ ساتھ ہی سیکھتا ہے اور وہ چاہتی ہیں کہ ان کی بیٹی ایک بااخلاق اور ہمدرد انسان بنے۔

اداکارہ مشی خان نے کنگنا رناوت کو آڑے ہاتھوں لے لیا

کنگنا تمہیں پاکستانی فوج کا جواب کیسا لگا؟ مزہ آیا: مشی خان کا بھارتی اداکارہ کو جواب

کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ مشی خان نے ایک بار پھر بھارتی اداکارہ اور رکن اسمبلی کنگنا رناوت کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاک بھارت حالیہ کشیدگی میں بھی کنگنا رناوت نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے تاہم پاکستانی فنکاروں نے بھی منہ توڑ جواب دیا ہے، مشی خان نے اس سے قبل بھی کنگنا رناوت کو منہ توڑ جواب دیا تھا لیکن جب بھارتی اداکارہ کے ہوش ٹھکانے نہ آئے تو مشی خان نے آڑے ہاتھوں لے لیا۔ اپنے ایک ویڈیو پیغام میں مشی خان نے کنگنا رناوت کو پاکستان اور پاکستانی عوام کیخلاف ہرزہ سرائی پر کھری کھری سنا دی، مشی خان نے کہا کہ ایسا کرو ٹل گرانڈ چیلنج رکھ لیتے ہیں، میرا چیلنج ہے تمہارے لئے میرا ایک ہی مکا کافی ہوگا۔ واضح رہے کہ بھارتی جارحیت پر بھارتی شوبز سٹارز میں جن لوگوں نے اپنی نفرت آمیز بیانات سے ماحول کو مزید کشیدہ بنایا ہوا تھا ان میں کنگنا رناوت سرفہرست ہیں، بھارتی ہیروئن کنگنا رناوت مودی کی مداح ہیں اور حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی کی رکن اسمبلی بھی ہیں۔ کنگنا رناوت کی شوبز انڈسٹری میں وجہ شہرت ایسے بولڈ کردار کرنا ہیں جس سے دیگر اداکارائیں معذرت کرلیتی ہیں، کنگنا کی ایک وجہ شہرت ان کی بدزبانی بھی ہے اور شاید اسی وجہ سے بی جے پی جیسی انتہاپسند جماعت نے انہیں رکن اسمبلی بنایا ہے۔ اداکارہ مشی خان نے پاک فوج کے آپریشن بنیان مرصوص کی تعریف کرتے ہوئے پوچھا کہ کنگنا تمہیں پاکستان کا جواب فوجی جواب کیسا لگا؟ مزہ آیا، پاکستان اور اس کی عوام کیلیے برا کہنا تمہیں مہنگا پڑ گیا۔ مشی خان نے کنگنا رناوت کو مشورہ دیا کہ آئندہ کچھ بھی بولنے سے پہلے سوچا

10 مئی 2025، ایک ایسا دن جو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، اداکارہ مایا علی

اداکارہ کا فرنٹ لائن پر دشمن کا مقابلہ کرنے والے بہادروں کو خراج تحسین

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مایا علی نے پاک بھارت جنگ پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ 10 مئی 2025، ایک ایسا دن جو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، پاک فوج کی جانب سے آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی پر ملک کے کونے کونے میں جشن کا سماں ہے، ہر کوئی خوشی سے نہال ہے۔ وہیں پاکستانی اداکار بھی اپنے اپنے انداز میں خوشی کا اظہار کرتے نظر آرہے ہیں، سوشل میڈیا ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ مایا علی نے اپنے بیان میں کہا 10 مئی 2025 کا دن ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، انہوں نے فرنٹ لائن پر دشمن کا مقابلہ کرنے والے بہادروں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ پاکستان کی مسلح افواج نے بھارت کے مسلسل جارحانہ اقدامات کا منہ توڑ جواب آپریشن بنیان مرصوص سے دے دیا ہے، جس کی کامیابی پر آج ملک بھر میں یوم تشکر منایا جا رہا ہے۔ ارکامیابی پر ملک کے کونے کونے میں جشن کا سماں ہے، ہر کوئی خوشی سے نہال ہے۔ وہیں پاکستانی اداکار بھی اپنے اپنے انداز میں خوشی کا اظہار کرتے نظر آرہے ہیں، سوشل میڈیا ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ مایا علی نے اپنے بیان میں کہا 10 مئی 2025 کا دن ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، انہوں نے فرنٹ لائن پر دشمن کا مقابلہ کرنے والے بہادروں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ پاکستان کی مسلح افواج نے بھارت کے مسلسل جارحانہ اقدامات کا منہ توڑ جواب آپریشن بنیان مرصوص سے دے دیا ہے، جس کی کامیابی پر آج ملک بھر میں یوم تشکر منایا جا رہا ہے۔



بنیان مرصوص پر فلم بنانے کا عندیہ، اورنگزیب احمد کا کردار کون نبھائے گا؟ بحث چھڑ گئی

سوشل میڈیا پر ایئر وائس مارشل اورنگزیب احمد کی قائدانہ صلاحیتوں اور جرات مندانہ بریفنگ کی ویڈیوز وائرل ہو رہی ہیں

[illegible]

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

ایپکا کے زیر اہتمام افواج پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی

ریلی کی قیادت ایپکا کے ضلعی صدر عبدالمجید گجر اور دیگر ضلعی راہنماؤں، نصراللہ ہنجرا، امجد فریدی، رانا صدف، احسان ہنجرا، اسحاق کھوکھر، چوہدری محمد امین، عطاء نون نے کی

پاکستان زندہ باد ریلی
پاک فوج زندہ باد
پاکستان پائندہ باد

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ایپکا کے زیر اہتمام افواج پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی جسکی قیادت ایپکا کے ضلعی صدر عبدالمجید گجر اور دیگر ضلعی راہنماؤں، نصراللہ ہنجرا، امجد فریدی، رانا صدف، احسان ہنجرا، اسحاق کھوکھر، چوہدری محمد امین، عطاء نون نے کی۔ ریلی ڈسٹرکٹ کمپلیکس سے شروع ہوکر ڈپٹی کمشنر آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر شرکاء ریلی نے انڈیا کے خلاف اور پاکستانی افواج کے حق میں زبردست نعرہ بازی کی۔ شرکاء ریلی نے کہا کہ نریندر مودی کے تکبر اور غرور کو خاک میں ملا کر پاکستانی افواج نے دنیا پر ثابت کردیا ہے کہ وہ ناقابل تسخیر ہیں۔

بھارت آج خطہ میں تنہا کھڑا ہے: رکن صوبائی اسمبلی خرم منظور منج

پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کی حیثیت سے دنیا بھر میں امن وسلامتی کا خواہاں ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی خرم منظور منج نے کہا ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کی حیثیت سے دنیا بھر میں امن وسلامتی کا خواہاں ہے اور اس کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرتا آرہا ہے مگر بھارت نے بارہا خطہ کے امن کو داؤ پر لگایا اور پڑوسی ممالک کے اندرونی معاملات میں بھی مداخلت کی یہی وجہ ہے کہ بھارت آج خطہ میں تنہا کھڑا ہے چین، بنگلادیش، نیپال اور افغانستان سمیت کوئی بھی ملک اس پر اعتماد کرنے کو تیار نہیں پاکستان پر جارحیت کے ارتکاب سے بھارت کی ساکھ مزید متاثر ہوئی اور اسکا دنیا کی پانچویں بڑی عسکری قیادت ہونے کا بھرم بھی ٹوٹ گیا ہے، افغانستان ہمارا پڑوسی اور برادر اسلامی ملک ہے ہماری خواہش ہے کہ انکے ساتھ پرامن بقائے باہمی کی بنیاد پر تعلقات ہوں لیکن بھارتی ایجنٹوں کے ذریعے افغانستان کی سرزمین سے پاکستان میں دہشتگردی کی کارروائیاں ہورہی ہیں خیبر پختونخواہ میں گزشتہ روز پولیس وین پر ہونے والا حملہ بھی اسی کی ایک کڑی ہے پاکستانی حکومت بین الاقوامی برادری کو بھارت کا اصل چہرہ دکھائے اور بھارت کے دہشت گردی میں ملوث ہونے کے ثبوت عالمی برادری کے سامنے رکھے تاکہ بھارت کی فسطائیت اور جارحانہ عزائم کو نکیل ڈالنے میں مدد مل سکے۔

گندم کی کم قیمت کے باوجود روٹی نان بیکری مصنوعات مہنگی ہوگئیں

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گندم کی کم قیمت کے باوجود روٹی نان بیکری مصنوعات مہنگی ہو گئیں۔ بتایا گیا ہے کہ گندم کی قیمت میں واضح کمی کے باوجود روٹی، نان اور بیکری مصنوعات کی قیمتیں جوں کی توں ہیں، حکومت پنجاب کی جانب سے گندم کا حالیہ نرخ 2200 روپے فی من مقرر کیا گیا ہے تاہم مارکیٹ میں گندم سے تیار کردہ اشیا جیسے کہ روٹی، نان، بسکٹ، کیک اور دیگر بیکری مصنوعات کی قیمتوں میں کسی قسم کی کمی دیکھنے میں نہیں آئی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جب گندم کی بنیادی قیمت کم ہو چکی ہے تو پھر اس سے بنی اشیائی قیمتیں کم نہ ہونا حکومت کی پالیسی پر سوالیہ نشان ہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ روزمرہ استعمال کی اشیا خصوصاً گندم سے بنی مصنوعات کی قیمتوں میں فوری طور پر کمی کی جائے تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود سے اپیل کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر پرائس لسٹ کا معائنہ کریں اور خود ساختہ مہنگائی کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائیں۔ شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ حکومت جلد اس مسئلے کا نوٹس لے کر عوام کو درپیش معاشی دباؤ میں کمی لائے گی۔

مرکزی انجمن انصاریاں تحصیل کوٹ رادھا کشن کے زیر اہتمام اظہار تشکر ریلی

ریلی میں انجمن تاجران آل کوٹ رادھا کشن کے سینیئر عہدیداران، اور کوارڈینیٹر وفاقی وزیر ملک خالد عمر و دیگر نے شرکت کی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) مرکزی انجمن انصاریاں تحصیل کوٹ رادھا کشن کے زیر اہتمام اظہار تشکر ریلی نکالی گئی ریلی میں انجمن تاجران آل کوٹ رادھا کشن کے سینیئر عہدیداران، اور کوارڈینیٹر وفاقی وزیر ملک خالد عمر، سرپرست اعلی اتحاد اہلحدیث میاں خالد سیف اللہ، صدر مرکزی انجمن انصاریاں حاجی محمد سلیم انصاری، صدر انجمن آل تاجران کوٹ رادھا کشن، حاجی محمد اصغر سندھو، صدر پریس کلب شوکت رحمان خاں، باو محمد اکرم انصاری، ڈسٹری بیوٹر انو ویٹو فوڈ گروپ عبدالغفار بھٹی، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری حافظ خلیل الرحمٰن، پرنسپل قائد اعظم سکول حافظ افتخار یوسف نے خصوصی شرکت کی اس موقع پر مقررین کا کہنا ہے کہ پاک فوج نے بھارتی ڈرون اٹیک کا منہ توڑ جواب دیکر قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔ پوری قوم نے اپنی بہادر افواج پر مزید اعتماد اور فخر کا اظہار کیا ہے۔ بلکہ پوری قوم ہر لمحہ اپنی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہمیشہ ساتھ کھڑی رہیگی۔ ان شاء؟ پاکستان کی عوام اور فوج کے درمیاں خلیج پیدا کرنے کی تمام سازشیں ناکام ہی رہینگی۔ کیونکہ پوری اپنی پاک فوج سے والہانہ محبت رکھتی ہے اور ان ملک وقوم کے دفاع کیلئے تمام کاوشوں کو بے حد سراہتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر پاک فوج ہے تو ہمارا ملک پاکستان کا وجود قائم ہے جس کی وجہ سے پوری قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر ہے۔ اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ افواج پاکستان نے انڈیا کا غرور خاک میں ملا دیا۔ پوری قوم اور افواج پاکستان متحد ہیں۔ جرات اور حکمت سے اقدامات میں اللہ تعالی نے بڑی مدد کی۔ پاکستان آرمی کے کمانڈ افسروں اور جوانوں، پاکستان کے ایئر فورس کے بہادر پائلٹ قوم کے ہیرو بن گئے۔

بہادر افواج نے قوم کے سر فخر سے بلند کردیئے: اطہر سلطان مغل

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گلوبل یونین آف جرنلسٹس کے صدر اطہر سلطان مغل نے کہا ہے کہ بھارت کے خلاف تاریخی فتح پر گلوبل یونین آف جرنلسٹس سیاسی وعسکری قیادت کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ ہماری بہادر فوج نے آپریشن "بنیان مرصوص" کی کامیابی کیلئے جرات مندانہ کردار ادا کیا اور قومی تعصبات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ اصولی بیانیہ کو بھی پوری دنیا میں اجاگر کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تنظیمی میٹنگ میں کیا۔ دیگر شرکاء میں چیئرمین میاں مسعود احمد، جنرل سیکرٹری لالہ دلشاد احمد اور ایگزیکٹو ممبر میاں مدثر نواز مہر شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج نے آپریشن "بنیان مرصوص" کے ذریعے بھارتی جارحیت کے خلاف موثر جوابی کارروائی کر کے دشمن پر واضح کردیا کہ پاکستان اپنی سالمیت کا تحفظ اور جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپالپور کا صفائی ستھرائی اور بیوٹیفکیشن پلان کے کاموں کا جائزہ

شہر کے متعدد مقامات پر بیوٹیفکیشن پلان کے تحت مختلف امور کی چیکنگ کی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپالپور کا صفائی ستھرائی اور بیوٹیفکیشن پلان کے کاموں کا جائزہ، انہوں نے شہر کے متعدد مقامات پر بیوٹیفکیشن پلان کے تحت مختلف امور کی چیکنگ کی، انہوں نے روڈز کے ڈیوائڈرز، فٹ پاتھ اور زیبرا کراسنگ کے رنگ روغن کے کاموں کو احسن انداز میں سرانجام دینے کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھنے کی ہدایات جاری کیں، انہوں نے مختلف پارکس کی تزین و آرائش کے احکامات بھی جاری کیے، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے حویلی لکھا روڈ اور قصور روڈ پر ستھرا پنجاب مہم کے تحت صفائی کے لیے بنائی گئی ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ لیا اور متحرک انداز میں کام کرتے ہوئے تمام متعلقہ علاقوں کو پورا کرکٹ سے مکمل کلیئر کرنے پر زور دیا، انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی کے لیے بنائی گئی ٹیمیں محنت سے کام کرتے ہوئے اپنے فرائض اور انجام دیں اور اس سلسلہ میں عوامی شکایات کے ازالہ کو بھی ممکن بنایا جائے۔

10 مئی یوم عظمت وقار پاکستان ہے: پیر صاحب زکوڑی شریف

پاکستان نعمت خداوندی، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی عنایت اور اولیاء کرام کا فیضان ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے اس کے خلاف قوتیں درحقیقت نظریہ اسلام کی مخالف قوتیں ہیں۔ افواج پاکستان اور خصوصی طور پر پاکستان فضائیہ نے جس جوانمردی کا مظاہرہ کیا اس نے تاریخ حرب وضرب کے لئے ایک نئی تاریخ ایک نئی مثال قائم کردی ہے۔ اس کے اثرات اسلامی عسکری تناظر میں بہت سے ممالک پر مرتب ہوں گے۔ ہمارے بزرگوں کی محنت قربانیاں اس ملک کی تشکیل میں شامل ہیں۔ پاکستان ریفرنڈم میں صوبہ سرحد کا الحاق حضرت محدث ہزاروی پیر صاحب مانکی شریف پیر صاحب زکوڑی شریف کی لازوال کاوشیں ہیں۔ ہندوستان کی بالادستی ٹوٹ گئی ہندوستان کے پس پشت قوتوں کو اب ایک نئی سوچ لاحق ہوگئی خطے میں قوت اور سیاست کا نیا منظر نامہ ترتیب پائے گا۔ ان خیالات کا اظہار خانقاہ محبوب آباد شریف حویلیاں کے سجادہ نشین نقیب الاشراف مفکر اسلام ابوزین پیر سید محی الدین محبوب نے دربار شریف پر ایک خصوصی نشست اور سیالکوٹ مرکزی جنرل سیکرٹری مشائخ وعلماء کونسل ایس اے حکیم القادری ومرکزی ترجمان پیر مظہر حسین اعوان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ پیر صاحب حویلیاں شریف نے مزید کہا کہ فکری قوتوں کو اب فوراً مل کر غور فکر کرتے ہوئے تجاویز ترتیب دینا ہوں گی پیر صاحب نے مستقبل کے معاملات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اقتصادی تجارتی دفاعی تعلیمی اور سرمایہ کاری کی بنیاد پر وسیع اتحاد کی تشکیل زمینی حقائق کی بنیاد پر فوری ناگزیر ہے۔

لیسکو واپڈا رائیونڈ سب ڈویژن کا بجلی چوروں اور نادہندگان کیخلاف گھیرا تنگ

محلہ غوث پورہ اور مین بازار کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا دوران چیکنگ دو ڈائریکٹ سپلائی کے زریعے بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑلیا

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) لیسکو واپڈا رائیونڈ سب ڈویژن کا بجلی چوروں اور نادہندگان کیخلاف گھیرا تنگ، لیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد رمضان بٹ ایس ای سکینڈ سرکل جمشید زمان ایکسین لیسکو رائیونڈ ڈویژن محمد علی رضا کی واضح ہدایات کی روشنی میں گزشتہ رات ایس ڈی او رائیونڈ سب ڈویژن چوہدری محمد ندیم اختر نے اپنے سٹاف ایل ایس ڈی ایڈ آر سید علی حیدر نقوی میٹر انسپکٹر ناصر یعقوب لائن مین رانا خالد محمود چوہدری من فیض محمد غفار لائن مین اور رائیونڈ پولیس کے جوانوں کے ہمراہ محلہ غوث پورہ اور مین بازار کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا دوران چیکنگ دو ڈائریکٹ سپلائی کے زریعے بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑلیا جنکے خلاف متعلقہ تھانے میں فوری مقدمہ درج کروادیا گیا اور دو لاکھ جرمانہ عائد کردیا گیا دوسری کارروائی میں ڈیڈ ڈیفالٹر کے خلاف کارروائی میں دو نادہندگان کے میٹر عدم ادائیگی پر اتار لیئے اس موقع پر ایس ڈی او رائیونڈ سب ڈویژن چوہدری محمد ندیم اختر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا بجلی چور کسی بھی رعایت کا مستحق نہیں وہ چاہے کتنا بھی بااثر کیوں نہ ہو قانون کے شکنجے سے نہیں بچ سکتا ہم نے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کرپشن کو روکنا ہے یہی ہماری اتھارٹی کا مشن ہے لیسکو صارفین جو پورا مہینہ بجلی استعمال کرتے ہیں کو چاہیئے کہ وہ اپنا بل بروقت ادا کریں تاکہ وہ کسی بھی پریشانی سے بچ سکیں۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا ڈسٹرکٹ ہیلتھ کونسل کے اجلاس کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ کونسل کے اجلاس کی صدارت کی اور ضلع کے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج معالجہ کے لئے دستیاب طبی سہولیات پر بریفنگ لی۔ انہوں نے کہا کہ دستیاب وسائل کو شفاف انداز میں بروئے کار لائیں اور تمام تر ریکارڈ اپ ڈیٹ ہونا چاہیے۔ انہوں نے ادویات کی دستیابی، ریکارڈ اور مشینری کے فعال ہونے کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے کہا کہ درکار ضروریات کو ہیلتھ کونسل کے بجٹ سے مکمل کرنے کے لئے بھی اقدامات کیے جائیں۔

میونسپل کمیٹی چنیوٹ کی جانب سے غیر قانونی پلاٹنگ کے خلاف کارروائیاں جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میونسپل کمیٹی چنیوٹ کی جانب سے غیر قانونی پلاٹنگ کے خلاف کارروائیاں جاری تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی چنیوٹ نے جھنگ سرگودھا روڈ بائی پاس اور ملحقہ علاقوں میں جاری غیر قانونی پلاٹنگ کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی ہے۔ اس کارروائی کا مقصد شہری منصوبہ بندی کے اصولوں کی پاسداری کو یقینی بنانا اور عوام کو دھوکہ دہی پر مبنی سکیموں سے محفوظ رکھنا ہے۔ شہریوں کی جان ومال کے تحفظ اور شہر کی منظم ترقی کے لیے ایسے عناصر کے خلاف کارروائی ناگزیر ہے جو بغیر اجازت اور قانونی تقاضے پورے کیے بغیر زمین کی تقسیم اور فروخت میں ملوث ہیں۔ عوام الناس کو بھی ہدایت کی جاتی ہے کہ کسی بھی رہائشی سکیم میں پلاٹ خریدنے سے قبل میونسپل کمیٹی یا متعلقہ ادارے سے اس کی قانونی حیثیت کی تصدیق ضرور کریں۔

ریسکیو 1122 سمیت دیگر محکموں کی جانب ہنگامی حالات کے پیش نظر کلثوم سوشل سیکورٹی ہسپتال اوکاڑہ میں شہری دفاع کی تربیتی مشقوں کا عملی مظاہرہ پیش کیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ڈپٹی کمشنر/کنٹرولر سول ڈیفنس احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کے زیر اہتمام محکمہ پولیس، ریسکیو 1122 سمیت دیگر محکموں کی جانب ہنگامی حالات کے پیش نظر کلثوم سوشل سیکورٹی ہسپتال اوکاڑہ میں شہری دفاع کی تربیتی مشقوں کا عملی مظاہرہ پیش کیا گیا، اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر، ریسکیو حکام سمیت دیگر افسران و اہلکاران بھی موجود تھے، مشقوں میں کسی بھی ناگہانی صورتحال میں محکمہ سول ڈیفنس کی جانب سے شہری دفاع، لوگوں کو ریسکیو کرنے اور عوامی جان و مال کے تحفظ کے لیے امدادی سروسز فراہم کرنے کی مشقوں کا عملی مظاہرہ پیش کیا، اس سلسلہ میں بم ڈسپوزل اسکارڈ نے تمام حفاظتی پروٹوکولز کے ساتھ موقع سے ملنے والے آئی ای ڈی کو ناکارہ بنایا اور ریسکیو 1122 نے جدید مشینری کے ذریعے فرسٹ ایڈ، فائر فائٹنگ اور ریسکیو کیا۔

قوم اپنی فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح شانہ بشانہ کھڑی ہے

پاک فوج نے اپنی خدانہ صلاحیتوں کی وجہ سے اپنا لوہا منوایا بھارت کی ہردھرمی کے باعث اسے ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا

منچن آباد (چوہدری محمد مقصود تحصیل رپورٹر) پوری قوم اپنی فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح شانہ بشانہ کھڑی ہے پاکستان اسلام کا ناقابل تسخیر قلعہ ہے ان خیالات کا اظہار صدر بار ایسوسی ایشن منچن آباد محمد خالد شاہد بڑ ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری حافظ محمد سلیم بلوچ ایڈووکیٹ نے بار ایسوسی ایشن منچن آباد میں منعقدہ تقریب میں میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا کہ تفصیلات کے مطابق بھارتی جارحیت کے خلاف افواج کی شاندار کامیابی پر اظہار تشکر کا سلسلہ میں بار ایسوسی ایشن کی طرف سے اظہار تشکر کے سلسلہ میں ایک تقریب منعقد کی گئی اس موقع پر مٹھائی بھی تقسیم کی گئی محمد خالد شاہد بڑ ایڈووکیٹ، صدر حافظ محمد سلیم بلوچ ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری بار میاں خالد محمد وٹو ایڈووکیٹ سابق صدر چودری محمد مختار امین ایڈووکیٹ سابق صدر بار چوہدری اشفاق گجر ایڈووکیٹ محمد یونس چوٹیاں سابق جنرل سیکرٹری خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے اپنی خدانہ صلاحیتوں کی وجہ سے اپنالوہا منوایا بھارت کی ہردھرمی کے باعث اسے ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا اینٹ کا جواب پتھر سے دے کر پاکستان کا مورال بلند ہوا ہے، پاکستان فضائیہ نے وہ کام کر دیا جسے آنیوالی نسلیں ہمیشہ یاد رکھیں گی۔

جماعت اہلسنت پاکستان کا قومی ہیروز کو خراجِ عقیدت

افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کشمیر اور فلسطین سمیت تمام مظلوم اقوام کی حمایت کا عزم کرتے ہیں: قائدین کا خطاب

عارفوالا (نامہ نگار) جماعت اہلسنت پاکستان کا قومی ہیروز کو خراج عقیدت اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کشمیر اور فلسطین سمیت تمام مظلوم اقوام کی حمایت کا عزم کرتے ہیں قائدین کا خطاب جماعت اہلسنت پاکستان کے زیر اہتمام آج نشان حیدر شہید محمد محفوظ کے مزار پر ایک باوقار تقریب منعقد ہوئی جس میں شہید کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ شرکاء نے پاکستان کی سلامتی، ترقی اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی تقریب کے بعد شرکاء کا قافلہ ریلی کی صورت میں ڈی چوک اسلام آباد اور پھر نیشنل پریس کلب اسلام آباد کی جانب روانہ ہوا جہاں قائدین نے تقاریر کے ذریعے افواج پاکستان اور ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی بے مثال خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا ریلی میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جو قومی اتحاد اور مذہبی ہم آہنگی کا مظہر تھی ریلی کی قیادت جماعت اہلسنت پاکستان کے مرکزی اور ضلعی قائدین نے کی جن میں صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان القادری سروری، مرکزی سیکرٹری جنرل جماعت اہلسنت پاکستان، پروفیسر حمزہ مصطفائی، مرکزی سینئر جوائنٹ سیکرٹری، پیر سید شبیر حسین شاہ گیلانی، صوبائی امیر، قاری محمد اسلم ضیائی، ڈویژنل سیکرٹری جنرل، پیر محمد گلزار نقشبندی، رکن مرکزی مشاورتی کونسل، سید ساجد شاہ، ضلعی امیر اسلام آباد اور راجہ ریاضت حسین ضلعی سیکرٹری جنرل، جماعت اہلسنت پاکستان، اسلام آباد شامل تھے۔ پروفیسر حمزہ مصطفائی نے اپنے خطاب میں پائلٹ کامران بشیر کو بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کیا، جو کہ ایک عیسائی پاکستانی ہیں اور جنہوں نے حالیہ جنگ میں بھارتی طیارے مار گرائے۔ انہوں نے کہا کہ کامران بشیر کی خدمات اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاکستان تمام اقلیتوں سمیت سب کا وطن ہے، اور ہر شہری اس کے دفاع اور ترقی میں برابر کا کردار ادا کررہا ہے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل کا حاجی عبدالقیوم ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ

ہسپتال کی مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی، فارمیسی میں ادویات کا ریکارڈ چیک کیا سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر عباس نقوی بھی ان کے ہمراہ تھے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل کا حاجی عبدالقیوم ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ، ہسپتال کی مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی، فارمیسی میں ادویات کا ریکارڈ چیک کیا، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر عباس نقوی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل نے حاجی عبدالقیوم ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال کی مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور لواحقین سے طبی سہولیات بارے دریافت کیا۔ انہوں نے فارمیسی میں ادویات کا ریکارڈ بھی چیک کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال آنے والے تمام مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات اور مفت ادویات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔



CRIME
& COURT
جرم وسزا

گھر پر نامعلوم افراد کیجانب سے شدید فائرنگ کردی گئی

اہل محلہ کے مطابق گولیاں مرکزی گیٹ چیرتی گھر کے اندر دیواروں میں پیوست ہوگئیں

سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماڈل تھانہ سمبڑیال کی حدود میں واقعہ قصبہ بھوپال والا میں ایک گھر پر نامعلوم افراد کیجانب سے شدید فائرنگ کردی گئی۔ اہل محلہ کے مطابق گولیاں مرکزی گیٹ چیرتی گھر کے اندر دیواروں میں پیوست ہوگئیں۔ فائرنگ کے نتیجے میں گھر کے دروازے کھڑکیاں اور دیواروں میں سوراخ ہوگئے جبکہ گھر میں سوئے ہوئے افراد اوپری منزل پر ہونے کیوجہ سے محفوظ رہے۔ یہ گھر ٹھیکیدار محمد اسلم بٹ چک چوہدہ والے کا ہے جو کہ محلہ اسلام آباد نزد وسیم گجر ہاؤس بھوپالوالہ میں واقع ہے۔ شدید فائرنگ کے بعد علاقہ میں خوف وہراس پھیل گیا جبکہ متعلقہ پولیس بھی اطلاع کے بعد جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرکے مصروف تفتیش ہوگئی۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ پولیس فوری طور پر واقعہ میں ملوث ملزمان کو ٹریس کر کے انہیں قانون کے کٹہرے میں لائے۔

مقامی بازار میں دن دیہاڑے فائرنگ صلح کی کوشش کرنے والا ہوائی گولی کا شکار

صلح کی کوشش کرنے والا چوہدری رب نواز گجر زخمی ہوگیا طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مقامی بازار میں دن دیہاڑے فائرنگ صلح کی کوشش کرنے والا ہوا گولی کا شکار سابق سٹی ناظم مسلم لیگ ن کے رہنما غلام عباس گجر کا بھائی زخمی ہسپتال منتقل بتایا گیا ہے چھتہ بازار میں داماد سسر آفتاب اور اصغر کے درمیان چپقلش جاری تھی کہ سابق ناظم عباس گجر کے بھائی رب نواز گجر نے صلح کروانے کیلئے دونوں کے درمیان بیٹھک کروائی کہ مزید لڑائی سے بچا جا سکے اسی دوران کشیدگی بڑھنے پر گولیاں چل گئیں جس سے صلح کی کوشش کرنے والا چوہدری رب نواز گجر زخمی ہوگیا جسے دیہی مرکز صحت نارنگ میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد لاہور ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے صلح کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آنے پر اہل علاقہ میں گہری تشویش پائی جارہی ہے پولیس نے تفتیش کا آغاز کردیا ہے۔

منچن آباد واپڈا سب ڈویژن کے ملازمین کا ایس ڈی او کیخلاف احتجاج

ایس ڈی او واپڈا منچن آباد ہمیں بلاوجہ شوکاز نوٹس جاری کرتے ہیں جس کی وجہ سے ہماری پروموشن رک چکی ہے

ایس ڈی او واپڈا
نامنظور نامنظور

منچن آباد (چوہدری محمد مقصود تحصیل رپورٹر) منچن آباد واپڈا سب ڈویژن کے ملازمین نے ایس ڈی او واپڈا منچن آباد کے خلاف غیر اخلاقی اور ہتک رویے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ہم بارش طوفان ہو آندھی ہو ہم اپنی جان کے پرواہ کیے بغیر اپنی ڈیوٹی ایمانداری کے ساتھ انجام دیتے ہیں اس کے باوجود ایس ڈی او واپڈا منچن آباد نے ہمیں بلاوجہ شوکاز نوٹس جاری کرتے ہیں جس کی وجہ سے ہماری پروموشن رک چکی ہے اور انہوں نے مزید کہا کہ منچن آباد شہر کے رہائشی سات سے آٹھ ملازمین نے منچن آباد واپڈا آفس کے ایس ڈی او کے ہتک آمیز رویے کی وجہ سے اپنے تبادلے بہاولنگر کے دیگر شہروں میں کروالیے ہیں۔

نالہ پلکھو کے پل پر ٹرک اور رکشہ میں تصادم کے نتیجہ میں رکشہ مکمل تباہ

وزیرآباد (نامہ نگار) نالہ پلکھو کے پل پر ٹرک اور رکشہ میں تصادم کے نتیجہ میں رکشہ مکمل تباہ ڈرائیور رکشہ میں پھنس گیا ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے زخمی ڈرائیور کو مہارت سے نکالا زخمی رکشہ ڈرائیور عرفان کو تشویشناک حالت میں گوجرانوالہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ ٹرک ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔

اوکاڑہ کے نواح میں تیز رفتار رکشہ کی ٹکر سے خاتون موقع پر جاں بحق جبکہ ڈرائیور شدید زخمی ہوگیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں تیز رفتار رکشہ کی ٹکر سے خاتون موقع پر جاں بحق جبکہ ڈرائیور شدید زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ ڈھاری ناروان چوچک کی رہائش 55 سالہ زبیدہ بی بی زوجہ نیاز پیدل جارہی تھی کہ اچانک تیز رفتار رکشہ نے بے قابو ہو کر ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں خاتون موقع پر جاں بحق ہوگئی جبکہ رکشہ ڈرائیور شدید زخمی ہوگیا۔

ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے بدنام زمانہ منشیات فروش کو 14 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے بدنام زمانہ منشیات فروش کو 14 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ منڈی احمد آباد نے چھاپہ مار کر نواحی قصبہ ماہلہ بکن کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش محمد ثقلین ولد محمد اسلم سے 5 کلو 940 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا تھا جس کا فیصلہ سناتے ہوئے ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ محمد اشفاق نے مجرم کو 14 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔

مختلف واقعات میں 6 شہری موٹرسائیکلوں سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں 6 شہری موٹر سائیکلوں سے محروم۔ حبیب احمد کی سول ہسپتال کے باہر سے موٹر سائیکل نمبری 2414-LEW-07 چوری میلاد چوک سے محمد آصف کی موٹر سائیکل نمبری STL-3762 چوری گورنمنٹ کرسچن سکول کے باہر سے شاہد ندیم کے بیٹے عبدالہادی کی موٹر سائیکل نمبری AXP-5689 چوری پسرور روڈ سے شہروز سندھو کی موٹر سائیکل نمبری 3436-AWZ-25 گودام کے باہر سے چوری موترہ اڈہ سے مدثر علی کی موٹر سائیکل نمبری 3049-AYK-25 پیزاشاپ کے باہر سے چوری جامکے چیمہ کے اسامہ بن ظفر کی موٹر سائیکل نمبری 8825-ATG-23 گھر کے سامنے سے چوری پولیس نے مقدمات درج کرلئے۔

نارنگ پولیس کی کارروائی منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا

تھانہ نارنگ ملک نوید اقبال نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اشرف اور ذیشان حیدر سے دوکلو کے قریب چرس پکڑلی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کی کارروائی منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد کرکے ملزمان کو گرفتار کرلیا تفصیل کے مطابق ایس ایچ او تھانہ نارنگ ملک نوید اقبال نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اشرف اور ذیشان حیدر سے دوکلو کے قریب چرس اور زین علی اور حسن وغیرہ سے ناجائز اسلحہ برآمد کرکے مقدمات درج کرلیے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ نارنگ نوید اقبال نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کے خلاف مسلسل گھیرا تنگ کیا جارہا ہے کوئی بھی پولیس کی گرفت سے نہیں بچ سکے گا عوام کا تحفظ اور جرائم کا خاتمہ اولین ترجیح ہے ان شاء اللہ علاقے کو جرائم فری بنا کر ہی دم لیں گے معززین علاقہ میڈیا نمائندگان شہری جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس سے تعاون کریں تاکہ ملکر علاقے کو جرائم فری بنایا جاسکے۔

تھانہ شاہکوٹ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

ایس ایچ او رائے قمر عباس نے منشیات فروشوں کے قبضہ سے 1400 گرام چرس برآمد، مقدمہ درج

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) تھانہ شاہکوٹ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی ایس ایچ او رائے قمر عباس کی منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کارروائی، 1400 گرام چرس برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ شاہکوٹ رائے قمر عباس کی نگرانی میں پولیس ٹیم نے پیشہ ور منشیات فروش ظفر عرف کاکا کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1400 گرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کرلی۔ یہ کارروائی معمول کی گشت کے دوران عمل میں آئی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 270/25 بجرم 9(c)CNSA درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔ ایس ایچ او رائے قمر عباس کی منشیات کے خلاف موثر حکمت عملی اور بروقت کارروائی کو عوامی وسماجی حلقوں نے خوب سراہا ہے۔ ڈی پی او ساہیوال نے بھی شاباش دیتے ہوئے اسے ایک مثالی اقدام قرار دیا ہے۔

سرکل بھر میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں کا نان سٹاپ سلسلہ جاری

11 مختلف وارداتوں میں شہری، نقدی، طلائی زیورات، موبائل فونز ودیگر سامان سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سرکل بھر میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں کا نان سٹاپ سلسلہ جاری، 11 مختلف وارداتوں میں شہری، نقدی، طلائی زیورات، موبائل فونز ودیگر سامان سے محروم۔ پیرو چک کے غلام قادر کے اہل خانہ کی عدم موجودگی میں گھر کے تالے توڑ کر نقدی 1400000 روپے چوری کرکے لے گئے کانوان لٹ کے غلام مرتضیٰ کے گھر کے دروازے کا تالہ توڑ کر نقدی 50 ہزار روپے، طلائی زیورات اور استری چوری کرکے لے گئے وزیرآباد روڈ پر تین نامعلوم ملزمان نے رکشہ پر سوار ہارون، ڈرائیور اور سواری شہناز بی بی سے نقدی 7 ہزار روپے طلائی بالیاں، ٹاپس، انگوٹھی، دوعدد موبائل فون چوری ون کے کی بشریٰ بی بی کی عدم موجودگی میں گھر کے تالے توڑ کر لوہے کی الماری سے نقدی 400000 روپے، دوعدد طلائی کڑے، مالاسیٹ، انگوٹھیاں، جوسر مشین، کمبل، گھڑیاں، استریاں، لائسنسی رائفل 44 بور چوری کر کے لے گئے جنڈوساہی کچی پٹڑی پر دونامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر محمد احمد، ہمشیرہ، شاہد اکمل اور لیاقت علی سے نقدی 87 ہزار 500 روپے چھین کر لے گئے رنگانوالہ کے محمد عمر دراز سے دونامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 30 ہزار روپے اور دوعدد موبائل فون چھین کر لے گئے مالو مہے کے مقصود احمد سے دونامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 32 ہزار روپے چھین لی گوسند کے کے احسن منظور کے ڈیرہ سے نقدی 25 ہزار، بکرے اور برتن چوری آڈھا کے یاسر شفیق کے گھر سے نامعلوم عورت موبائل چوری کر کے لے گئی ستواں میں ارشد محمود کے کھیتوں سے دوعدد الیکٹرک موٹریں چوری میتراں والی امجد ادریس کے ڈیرہ سے موٹر بجلی چوری پولیس نے مقدمات درج کرلئے۔

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے تلہ گنگ کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ رانا صفدر شبیر کے ہمراہ تعلیمی اداروں کے اکیڈمک سسٹم کی کارکردگی اور انتظامی امور کے جائزہ کیلئے تفصیلی معائنہ کیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے تلہ گنگ کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ رانا صفدر شبیر کے ہمراہ تعلیمی اداروں کے اکیڈمک سسٹم کی کارکردگی اور انتظامی امور کے جائزہ کیلئے تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے منگل کے روز گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ٹمہ کھوٹ اور گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 تلہ گنگ کے معائنہ کے دوران کلاس رومز میں جا کر تدریسی عمل اور روشنی کے انتظامات جبکہ سکول کے احاطہ میں صفائی کا بغور جائزہ لیا۔ انہوں نے فروغ تعلیم کے ضمن میں حکومت پنجاب کی ترجیحات پر احسن عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے سٹی ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، صفائی کے انتظامات اور ہیلتھ کیئر سروسز ڈیلیوری کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں سے بھی علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی کے بارے میں دریافت کیا۔

نجی ہسپتال میں مبینہ غفلت سے حاملہ خاتون جاں بحق، ہسپتال سیل کردیا گیا

ورثاء نے ہسپتال انتظامیہ پر غفلت اور لاپرواہی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ غیر ذمہ دارانہ رویئے نے ان کی عزیزہ کی قیمتی جان لے لی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) نجی ہسپتال میں مبینہ غفلت سے حاملہ خاتون جاں بحق، ہسپتال سیل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق محسن وال 11 والا موڑ کے قریب ایک نجی ہسپتال میں ڈیلیوری کے دوران مبینہ غفلت کے باعث ایک حاملہ خاتون جان کی بازی ہار گئیں، ورثاء نے ہسپتال انتظامیہ پر غفلت اور لاپرواہی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ غیر ذمہ دارانہ رویئے نے ان کی عزیزہ کی قیمتی جان لے لی ذرائع کے مطابق خاتون کے ہاں جڑواں بچوں کی پیدائش ہوئی، جو تندرست ہیں، واقعے کی اطلاع ملنے پر ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر آصف محمود فوری طور پر موقع پر پہنچے اور ابتدائی تحقیقات کے بعد ہسپتال کو سیل کر دیا گیا، ڈاکٹر آصف محمود کا کہنا ہے کہ معاملہ پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کو بھجوادیا گیا ہے، جہاں مکمل انکوائری کے بعد قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، عوامی حلقوں کی جانب سے نجی ہسپتالوں کی نگرانی سخت کرنے اور غیر تربیت یافتہ عملے کے خلاف موثر اقدامات اٹھانے کا مطالبہ کیا جارہا ہے تاکہ آئندہ ایسے دلخراش واقعات سے بچا جاسکے۔

انسداد تجاوزات مہم کے تحت مختلف بازاروں اور روڈز پر دکانداروں کے خلاف کارروائیاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) انسداد تجاوزات مہم کے تحت مختلف بازاروں اور روڈز پر دکانداروں کے خلاف کارروائیاں، 2 دکانیں سیل، 20 ہزار جرمانہ اور متعدد دکانوں میں تجاوزات کا سامان قبضہ میں لے لیا گیا، سب ڈویژنل انفورسمنٹ افیسر وسیم جاوید کی زیر نگرانی اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے گڑ بازار، ہسپتال بازار، دیپالپور روڈ تجاوزات کے سامان کو قبضہ میں لے لیا، موبائل مارکیٹ میں تجاوزات کرنے والے دکانداروں کو 20 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا، عوامی شکایت پر دیپالپور چوک میں واقع اقبال سینٹر اور ارجی تجاوزات کے سامان کو بھی تحویل میں لے لیا گیا، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں کی جارہی ہیں اس سلسلہ میں تجاوزات کا باعث بننے والے دکانداروں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

ساہیوال انتظامیہ عید قربان پر شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لئے متحرک

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال انتظامیہ عید قربان پر شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لئے متحرک، کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے عید الضحیٰ پر اجتماعی قربانی مختص پوائنٹس پر کرنے کی ہدایت کردی، شہری سنت ابراہیمی کی ادائیگی گلیوں، بازاروں، پارکوں کی بجائے مختص پوائنٹس پر کریں۔ میونسپل کارپوریشن ان پوائنٹس پر پانی، پنکھوں، اور سایہ کا انتظام کرے۔ کمشنر کی ہدایت۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں میونسپل کارپوریشن اور پسپ پروگرام کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے جس میں ڈی جی پی ایچ اے راؤ ندیم اختر، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ شفیق احمد ڈوگر، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، ڈائریکٹر پی ایچ اے نیاز احمد مغل، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، سٹی مینیجر پسپ محمد اسجد خان سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے کہا کہ شہری صفائی کے حوالے سے انتظامیہ سے تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ صدر بازار اور پاکپتن بازار میں زیر تعمیر ڈرین کا کام جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کی جائے۔

قلعہ احمدآباد: سوشل ورکر اعظم بٹ کی قیادت میں پاک افواج سے اظہار یکجہتی وتشکر ریلی کا انعقاد

بہادر پاک افواج نے اقوام عالم میں پاکستان کا وقار بلند کردیا، دشمن ملک کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملادیا، ہم پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

قلعہ احمدآباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمدآباد سوشل ورکر اعظم بٹ نے بھارت کے خلاف آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی و تشکر ریلی نکالی۔ بہادر پاک افواج نے اقوام عالم میں پاکستان کا وقار بلند کردیا، دشمن ملک کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملادیا، ہم پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار نیاز حسین ماہر تعلیم نے اہلیان قلعہ احمدآباد کی طرف سے نکالی جانے والی شاندار ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہم اپنی بہادر افواج کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے ہمیں دنیا بھر میں سرخرو کیا اور ہم ہمیشہ افواج پاکستان اور ملک پاکستان سے محبت کرتے رہیں گے۔ انہوں نے سپوتان قلعہ احمد آباد راشد منہاس شہید، بریگیڈیئر سجاد علی، فلائٹ لیفٹیننٹ محمد عبداللہ اور کرنل زین العابدین کو بھی شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ ریلی کے شرکاء نے افواج پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی کا آغاز چوک کلاں احمد آباد سے محمد اعظم بٹ سوشل ورکر کی قیادت میں ہوا جب کہ لاری اڈا پر اختتام ہوا۔ افواج پاکستان کی شاندار کامیابی کی خوشی میں محمد اعظم بٹ نے شرکاء میں مٹھائی تقسیم کی۔

پاکستانی نژاد نوجوان حرکت قلب بند ہوجانے سے یورپ میں انتقال کرگئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستانی نژاد نوجوان کا حرکت قلب بند ہوجانے سے یورپ میں انتقال ہوگیا تفصیلات کے مطابق حاجی مرزا نذیر احمد اٹلی والے کے پاکستانی نژاد نوجوان بھتیجے اور حاجی مرزا محمد حنیف کے لخت جگر مرزا محمد تنویر کا گزشتہ دنوں اٹلی کے شہر اریزو میں اچانک حرکت قلب بند ہونے سے انتقال ہوگیا تھا مرحوم کی عمر سینتالیس سال تھی پسماندگان میں تین بیٹیاں اور ایک بیٹا چھوڑا ہے مرحوم اٹلی میں عرصہ دراز سے معروف کاروباری شخصیت کے طور پر پہچانے جاتے تھے جن کا جسد خاکی بروز جمعرات مورخہ 15 مئی 2025 کو پاکستان لایا جارہا ہے

نواحی گاؤں آہلووال میں دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات

چھت پر سوئے ہوئے میاں بیوی کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا، نامعلوم افراد فرار

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا کے نواحی گاؤں آہلووال میں دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات چھت پر سوئے ہوئے میاں بیوی کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا قتل کرنے کے بعد نامعلوم ملزمان موقع سے فرار ہوگئے مقتولین کی شناخت 45 سالہ خلیل عرف پپی اور 40 سالہ شازیہ بی بی کے نام سے ہوئی تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا کے نواحی گاؤں آہلووال میں دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات چھت پر سوئے ہوئے میاں بیوی کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا قتل کرنے کے بعد نامعلوم ملزمان موقع سے فرار ہوگئے مقتولین کی شناخت 45 سالہ خلیل عرف پپی اور 40 سالہ شازیہ بی بی کے نام سے ہوئی،، دوہرے قتل کی المناک واردات سے علاقہ میں خوف وہراس پھیل گیا اطلاع ملتے ہی تھانہ چھانگا مانگا پولیس، ڈی ایس پی چونیاں اور کرائم سین کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں پولیس نے نعشوں کو تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چونیاں منتقل کر دیا پولیس کے مطابق دوہرے قتل کا یہ معاملہ دیرینہ دشمنی کا شاخسانہ لگتا ہے۔

(ن) لیگ نے ہمیشہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے مثالی کردار ادا کیا: حاجی کالو فیروز پوریا

وطن عزیز کو ایٹمی طاقت سے ہمکنار کرنے کے کریڈٹ کی طرح پارٹی قیادت بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے گی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما حاجی کالو فیروز پوریا نے کہا ہے کہ (ن) لیگ نے ہمیشہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے مثالی کردار ادا کیا وطن عزیز کو ایٹمی طاقت سے ہمکنار کرنے کے کریڈٹ کی طرح پارٹی قیادت بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے گی اور ملک وقوم کو لاحق مشکلات و درپیش بحرانوں سے چھٹکارا دلائے گی ان شاء اللہ میاں محمد نواز شریف، میاں محمد شہباز شریف اور مریم نواز شریف کی قیادت میں پاکستان ایک بار پھر ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا پاکستانی عوام کا مستقبل روشن ہے جس کے لئے وفاقی وصوبائی حکومت بھرپور کردار ادا کررہی ہے۔ جبکہ مثبت معاشی عشاریے پاکستان کے لئے بہتر مستقبل کی نوید ہیں۔ (ن) لیگ کی حکومت میں پاکستان اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کرے گا وزیر اعظم شہباز شریف معاشی ترقی کے لئے سرگرم عمل ہیں اور پاکستان تاریخ کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف دن رات عوام کی خدمت کررہی ہیں اور پنجاب کی عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں آئندہ بھی وفاق اور پنجاب میں عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رہے گا میاں نواز شریف کی رہنمائی میں وفاقی اور پنجاب حکومت عوام کو مہنگائی سے نجات دلا کر دم لے گی عوامی فلاح وبہبود کی حکومتی پالیسیوں کے مثبت و تعمیری نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ جات 1

ہیں۔ترجمان پاک فوج کے مطابق شہید ہونے والے میں نائیک عبدالرحمان، لانس نائیک دلاور خان، لانس نائیک اکرام اللہ، اور نائیک وقار خالد شامل ہیں، جبکہ سپاہی عدیل اکبر اور نثار بھی وطن پر قربان ہوئے۔آئی ایس پی آر کے مطابق پاک فضائیہ کے سکواڈرن لیڈر عثمان یوسف، چیف ٹیکنیشن اورنگزیب بھی معرکہ حق کے دوران شہید ہوگئے، سینئر ٹیکنیشن نجیب سلطان، سینئر ٹیکنیشن مبشر اور کارپورل ٹیکنیشن فاروق بھی شہداء میں شامل ہیں۔ترجمان پاک فوج کے مطابق بھارتی فوج نے 6 اور 7 مئی کو بلا اشتعال حملے شروع کیے، بھارتی حملوں میں 40 عام شہری شہید ہوئے، جن میں 7 خواتین اور 15 بچے شامل تھے، بھارتی حملوں سے 27 بچوں اور 10 خواتین سمیت 121 افراد زخمی ہوئے۔آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ شہداء قوم کا فخر ہیں، شہداء کی قربانی جرات، جذبے اور حب الوطنی کی شاندار علامت ہے، ان کی عظیم قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا، زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں، قوم جارحیت کے سامنے پرعزم ہے، اس میں کوئی ابہام نہیں رہنا چاہیے۔ترجمان پاک فوج نے مزید کہا کہ پاکستان کی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، آئندہ کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔

بقیہ جات 2

پاک فضائیہ کے 5 اور پاک فوج کے 6 افسران و جوانوں کی شہادت پر انہیں نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے نہ صرف ملک کا بھرپور دفاع کیا بلکہ پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری پر کوئی آنچ نہیں آنے دی۔انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کے بہادر افسران و جوانوں نے وطن کی حفاظت کا اپنی قوم سے کیا ہوا عہد پورا کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ مجھ سمیت پوری قوم کو اپنے شہدا اور ان کے اہل خانہ پر فخر ہے، اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو قوم کبھی فراموش نہیں کرے گی۔وزیراعظم نے بھارتی جارحیت کے نتیجے میں 15 کم سن بچوں اور 7 خواتین سمیت 40 معصوم لوگوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا۔شہباز شریف نے کہا کہ ہم شہدائے وطن کو نہ بھولے ہیں نہ بھولیں گے اور انکے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، شہدا پیکیج کا اعلان کیا جاچکا، شہدا کے اہل خانہ کی کفالت کی ذمہ داری ریاست بھرپور طور سے انجام دیگی۔شہباز شریف نے شہدا کی بلندی درجات اور ان کے اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا کی اور کہا کہ آپریشن بنیان المرصوص نے بھارت کو بھرپور جواب دیا۔انہوں نے کہا کہ بنیان المرصوص نے بھارت کو واضح کردیا کہ اسے خطے میں موجود دوسرے ممالک کی سالمیت اور خودمختاری کا احترام کرنا ہوگا۔شہباز شریف نے کہا کہ معرکہ حق میں افواج پاکستان نے بھارت کی عددی برتری کی خوش فہمی اور غرور کو خاک میں ملا دیا۔وزیراعظم نے معرکہ حق میں زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعاء کی۔شہباز شریف نے کہا کہ ہم پرامن قوم ہیں، مگر کسی بھی جارحیت کا جواب دینا جانتے ہیں، آپریشن بنیان المرصوص اس کا واضح ثبوت ہے

بقیہ جات 3

کو خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے ارض وطن کے تحفظ کے دوران پاک فضائیہ کے 5 اور پاک فوج کے 6 افسران و جوانوں کی شہادت پر انہیں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔شہباز شریف نے کہا کہ ہم نے نہ صرف ملک کا بھرپور دفاع کیا بلکہ پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری پر کوئی آنچ نہیں آنے دی۔افواج پاکستان کے بہادر افسران و جوانوں نے وطن کی حفاظت کا اپنی قوم سے کیا ہوا عہد پورا کیا۔انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت پوری قوم کو اپنے شہدا اور ان کے اہل خانہ پر فخر ہے، اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو قوم کبھی فراموش نہیں کرے گی۔وزیراعظم نے کہا کہ آپریشن بنیان المرصوص نے بھارت کو بھرپور جواب دیا اور بھارت کو واضح کردیا کہ اسے خطے میں موجود دوسرے ممالک کی سالمیت اور خودمختاری کا احترام کرنا ہوگا۔ہم پرامن قوم ہیں، مگر کسی بھی جارحیت کا جواب دینا جانتے ہیں اور آپریشن بنیان المرصوص اس کا واضح ثبوت ہے۔وزیراعظم نے بھارتی جارحیت کے نتیجے میں 15 کم سن بچوں اور 7 خواتین سمیت 40 معصوم لوگوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ ہم شہدائے وطن کو نہ بھولے ہیں نہ بھولیں گے اور انکے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، شہدا پیکیج کا اعلان کیا جاچکا، شہدا کے اہل خانہ کی کفالت کی ذمہ داری ریاست بھرپور طریقے سے انجام دے گی۔

بقیہ جات 4

ہم اپنے سکھ بھائیوں کی میزبانی کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔دوسری طرف پاکستان سکھ گردوارہ پربندھک کمیٹی کے سربراہ اور وزیر برائے اقلیتی امور وانسانی حقوق پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے بھارت سے کرتارپور راہداری فوری کھولنے کا مطالبہ کیا ہے صوبائی وزیر نے بھارت سمیت دنیا بھر کے سکھوں کو دعوت دیتے ہوئے کہا کہ جون میں سکھوں کے پانچویں گرو ارجن دیو جی کے شہیدی دن اور مہاراجہ رنجیت سنگھ کی برسی منانے کیلئے وہ جب چاہیں پاکستان آسکتے ہیں، ہمارے دروازے ان کیلئے ہر وقت کھلے ہیں، پاکستان اور سکھوں کا رشتہ مضبوط ہے، جس کی بنیاد سکھ، مسلم دوستی پر قائم ہے۔سردار رمیش سنگھ نے کہا کہ حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران بھارت سمیت دنیا بھر کی سکھ برادری نے پاکستان کے موقف کا بھرپور ساتھ دیا جس پر پاکستان کی ریاست، عوام اور حکومت سکھوں کی وفاداری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بقیہ جات 5

اسی بینچ کے سربراہ کی منظوری کے بعد ہی عدالت عظمٰی کی ویب سائٹ پر پبلک کیا جائے گا۔ایکسپریس کو ایک ذمے دار ذریعہ نے بتایا کہ مخصوص نشستوں سے متعلق بارہ جولائی کے فیصلے کیخلاف نظرثانی اپیلوں پر جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عقیل عباسی کے اختلافی نوٹ آئینی بینچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان کی منظوری کے بعد ہی سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ ہو سکیں گے۔ماضی میں کوئی جج اگر کیس کے آغاز پر ہی اختلاف کرکے بینچ سے اٹھ کر چلا جاتا تو اسکی اختلافی رائے اسی وقت سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر پبلک کردی جاتی تھی۔چیف جسٹس پاکستان یحیٰی آفریدی کے نام لکھا گیا خط منظر عام پر آیا جس میں جسٹس عائشہ ملک نے چیف جسٹس سے کہا آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ نے دونوں ججز کا اختلافی نوٹ اپلوڈ نہیں کیا۔

بقیہ جات 6

کی رپورٹ کی ضرورت نہیں۔وزیرخزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ پر بات چیت 14 سے 23 مئی تک جاری رہے گی۔امریکہ کے ساتھ تجارتی مسائل جلد حل ہونے کی توقع ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ہدف امریکا سے کپاس، سویابین اور ہائیڈروکاربنز کی درآمدات میں اضافہ ہے۔محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ بھارت کو یکطرفہ طور پر معطل سندھ طاس معاہدہ واپس بحال کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارت سیز فائر کا خیرمقدم کرتے ہیں جو صدر ٹرمپ کی ثالثی سے ممکن ہوا، چیزیں معمول کی طرف بڑھتے ہوئے دیکھ رہے ہیں جو اچھی بات ہے۔وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ پیر کو پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں بہتری دیکھی گئی، دفاعی ضروریات کو یقینی بنانے کے سلسلے میں جو کرنا ہوگا، کیا جائے گا، جو کچھ کرنے کی ضرورت پڑے گی ہم کریں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ نیا بجٹ آنے میں ابھی تین چار ہفتے باقی ہیں، کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔

بقیہ جات 7

عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست نا قابل سماعت قرار دے کر مسترد کردی۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس چوہدری محمد اقبال نے بانی پی ٹی آئی کی دعویٰ کی کارروائی رکوانے کے لئے دائر درخواست پر محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے درخواست خارج کردی۔جسٹس چوہدری محمد اقبال بانی پی ٹی آئی کی درخواست مسترد کرنے کا تحریری فیصلہ جلد جاری کریں گے۔بانی پی ٹی آئی نے میاں شہباز شریف کے ٹرائل کورٹ میں دعوی کی کارروائی کو لاہور ہائیکورٹ چیلنج کیا تھا جس میں دعوی کی کارروائی رکوانے کے ہائیکورٹ سے استدعا کی گئی تھی۔جسٹس چوہدری محمد اقبال نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست کے قابل سماعت ہونے کے متعلق فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

بقیہ جات 8

زونز کا معائنہ کیا۔آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر عوام نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو مبارکباد پیش کی، وزیراعلیٰ نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگوائے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اچانک سبزی کی دکان پر پہنچ گئیں اور نرخ چیک کئے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گزشتہ روز اچانک مختلف پراجیکٹس کے دورے کئے اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زیر تعمیر روڈز، سٹریٹس اور نکاسی آب کے پراجیکٹس کا معائنہ کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زیر تکمیل پراجیکٹس میں معیار کو یقینی بنانے کا حکم دیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور ڈویلپمنٹ پلان کی بروقت تکمیل کی ہدایت بھی کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مقامی شہریوں سے بات چیت کرتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں دریافت کیا۔شہریوں نے لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے آغاز پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف لاہور ڈویلپمنٹ پلان پراجیکٹ دیکھتے دیکھتے سبزی کی دکان پر پہنچ گئیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خاتون کو گلے لگالیا اور سبزیوں کے ریٹ پوچھے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیاز، کریلے، آلو، گوبھی اور گوار کی پھلیاں کے نرخ دریافت کئے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے پوچھنے پر خاتون نے سبزیوں کے نرخ میں کمی کے بارے میں بتایا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سبزی کی دکان پر سرکاری نرخنامہ بھی چیک کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سارا دن مجھے فکر ہوتی ہے کہ عوام کے لئے کھانے پینے کی چیزیں مہنگی نہ ہو جائیں۔''جیتے رہیں، خوش رہیں'' وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ننھے بچے کو پاس بلا کر اظہار شفقت کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چوبرجی کے علاقے میں بازار کا دورہ کیا۔دکاندار وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو دیکھ کر پاس آ گئے۔شہریوں نے بازار کی نئی بننے والی سڑک عرصہ دراز سے ٹوٹی اور خراب ہونے کے بارے میں بتایا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ میں چاہتی تھی کہ خود جا کر دیکھوں کہ لاہور کے علاقوں کی گلیاں کیسی ہیں۔کوئی خدمت میرے لائق ہو تو بتائیں، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خیریت بھی دریافت کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو دیکھ کر شہری پاس آ گئے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صفائی اور پراجیکٹس کے بارے میں پوچھا۔اللہ تعالی آپ کو خوش رکھے، شہری کی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور محمد نواز شریف کو دعائیں۔شہری نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ کسی وزیراعلیٰ نے ہمارا یہاں بھی حال تک نہیں پوچھا، آپ یہاں آنے والی پہلی وزیراعلیٰ ہیں۔ہماری گلیاں ٹوٹی ہوئی تھیں، ہر طرف گندگی تھی، آپ نے سب ٹھیک کرایا، اللہ اجر دے۔اللہ تعالی آپ کے والد محترم اور قائد محمد نواز شریف صاحب کو صحت وسلامتی عطا فرمائے۔سالوں سے منتظر تھے کہ کوئی آئے، ہماری گلی صاف کروائے اور بنائے۔40 سال بعد ہماری گلی بنائی گئی، 15 دن پہلے کام شروع ہوا اور آج مکمل ہوچکی ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ میں گلیاں اور روڈز بنتے دیکھنا چاہتی تھی، اسی لئے خود آئی ہوں۔

بقیہ جات 9

جو ہم نے ہم پر الزام لگائے اس کی تحقیقات کی جائے، جتنا بڑا سرٹیفائیڈ دہشتگرد مودی ہے دنیا میں ایسا کوئی نہیں۔خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان کو اس جنگ میں ہر محاذ پر فتح ہوئی، پاکستان میں بی ایل اے جیسی تنظیمیں بھارت کی پیدا کردہ ہیں، بھارت دہشتگردی کی بات کرے گا تو ہم فوراً پہلگام واقعے کی تحقیقات کا مطالبہ کریں گے۔وزیر دفاع نے مزید کہا کہ کشمیر پر بات ہوگی تو سلامتی کونسل کی قراردادوں کا ذکر بھی آئے گا۔خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان کو اس جنگ میں ہر محاذ پر فتح ہوئی، پاکستان میں بی ایل اے جیسی تنظیمیں بھارت کی پیدا کردہ ہیں، بھارت دہشتگردی کی بات کرے گا تو ہم فوراً پہلگام واقعے کی تحقیقات کا مطالبہ کریں گے۔

بقیہ جات 10

کرانے کیلئے سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کی۔جسٹس ہاشم کاکڑ نے استفسار کیا کہ آپ عدالت میں موجود ہیں تو التواء کیوں دیں؟ سلمان صفدر نے جواب دیا کہ ظاہر جعفر ذہنی مریض ہے اس نکتے تو عدالتوں نے یکسر نظرانداز کیا گیا، کچھ دستاویزات جمع کرانا چاہتا ہوں جن سے کیس یکسر تبدیل ہوجائے گا، عدالتوں نے سپریم کورٹ کے جاری کردہ فیصلوں کو بھی نظرانداز کیا۔جسٹس باقر نجفی نے سوال کیا کہ کیا ذہنی مریض ہونے کا نکتہ ٹرائل کورٹ اور ہائی کورٹ میں اٹھایا گیا تھا؟ سلمان صفدر نے جواب دیا کہ ٹرائل کورٹ اور ہائی کورٹ نے اس نکتے کو نظرانداز کیا تھا۔جسٹس ہاشم کاکڑ نے پوچھا کہ یہ نکتہ آپ آج بھی اٹھا سکتے ہیں تو الگ درخواست دینے سے کیا ہوگا؟ ہماری عدالت میں کیس جج یا وکیل کے مرنے پر ہی ملتوی ہوتا ہے، بیس سال ڈیتھ سیل میں رہنے والے کو بری کریں تو وہ کیا سوچتا ہوگا؟ ملزم بریت کے بعد ہمارے سامنے ہو تو فائل اٹھا کر ہمارے منہ پر مارے۔جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا کہ قصور سسٹم کا نہیں، ہمارا ہے جو غیرضروری التواء دیتے ہیں، آپ نے جو درخواست دینی ہے دے دیں اس پر فیصلہ کر لینگے۔سلمان صفدر نے مؤقف اپنایا کہ آج تک ملزم کی ذہنی حالت جاننے کیلئے میڈیکل بورڈ تشکیل نہیں دیا گیا، وکیل مدعی شاہ خاور نے کہا کہ اس درخواست کی بھرپور مخالفت کرتا ہوں، جسٹس باقر نجفی نے ریمارکس دیے کہ درخواست آنے تو دیں پھر مخالفت کیجئے گا۔عدالت نے فریقین کے اتفاق رائے سے سماعت 19 مئی تک ملتوی کردی۔

بقیہ جات 11

کا مسلسل الزام لگا رہے ہیں۔برکھادت سوشل میڈیا پر کہہ رہی تھیں کہ جموں میں پاکستانی ڈرونز دیکھے اور پکڑے گئے ہیں۔برکھادت کے خیال میں مودی کی تقریر کے جواب میں ایسا ہوا ہے جبکہ بھارتی فوج نے واضح کردیا ہے کہ ایسا کوئی ڈرون کہیں رپورٹ نہیں ہوا۔تاہم بھارتی فوج کا کہنا تھا کہ پاکستان کی طرف سے کسی بھی ڈرون کی کوئی اطلاع نہیں ہے، صورت حال پرامن اور مکمل کنٹرول میں ہے۔

بقیہ جات 12

رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 7 مئی کو ہونے والی پاک بھارت فضائی جھڑپ میں پاکستان نے واضح کامیابی حاصل کی۔امریکی جریدہ کی رپورٹ میں کہا گیا اگرچہ بیشتر دفاعی ماہرین کا اندازہ تھا کہ بھارت کی عددی برتری اور وسائل کی بنیاد پر اس کا پلڑا بھاری رہے گا، لیکن پاکستانی فضائیہ نے حیران کن کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کو بھرپور جواب دیا۔جھڑپ کے دوران پاکستان نے چین کے جدید J-10C طیارے اور PL-15 میزائلوں کی مدد سے بھارت کے 5 طیارے مار گرائے۔ان میں سے 3 طیارے فرانسیسی ساختہ رافیل تھے، جنہیں بھارت نے اپنی فضائی طاقت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا ہے۔رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ پاکستان کی جانب سے کامیابی کے باقاعدہ دعوے کیے گئے، جن کی بھارتی فوج یا حکومت نے کوئی تردید نہیں کی، جو بھارت کی دفاعی پوزیشن کو مشکوک بناتا ہے۔رپورٹ کے مطابق یہ جھڑپ مغربی دنیا کے لیے بھی چینی دفاعی ٹیکنالوجی کی طاقت کا ایک کھلا پیغام تھی، اور یہ ظاہر کرتی ہے کہ چینی ہتھیار جدید اور مؤثر ثابت ہو رہے ہیں۔

بقیہ جات 13

ڈار نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کرم اور ہماری بہادر افواج کی قربانیوں کے نتیجے میں پاکستان نے ایک مختصر مگر نہایت کٹھن جنگ میں فتح حاصل کی، قوم نے یکجہتی کا مظاہرہ کیا، فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہوئی اور دنیا نے دیکھا کہ پاکستانی قوم کبھی جھک نہیں سکتی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک جنگ نہیں تھی، یہ ہماری غیرت، ہمارے جذبے اور ہمارے ایمان کا امتحان تھا جس میں ہم سرخرو ہوئے۔انہوں نے کہا کہ آیئے آج ہم سب اس عظیم کامیابی پر شکر ادا کریں اور ان شہدا کو خراج عقیدت پیش کریں جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر وطن کی عزت بچائی۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہمارے شہدا کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔آمین

بقیہ جات 14

پورٹس کیلئے پروازیں شروع کردیں۔ملک بھر کا حج فلائٹ آپریشن بھی تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہے، سعودی ایئرلائن نے لاہور اور اسلام آباد کیلئے بھی پروازیں شروع کردیں۔ایئرلائن ذرائع کا بتانا ہے کہ جدہ سے لاہور اسلام آباد کی سعودی ایئر کی پروازیں آپریٹ کی جارہی ہے۔3 بڑے ایئرپورٹس سے ملکی اور غیرملکی پروازوں کی منسوخی 15 رہ گئی ہے، پاکستان سے حج پروازوں کو معمول پر لانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔فلائٹ شیڈول کے مطابق سیالکوٹ، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد اور ملتان سے آج کوئی پرواز منسوخ نہیں۔بحرین، دوحا، سیالکوٹ اور مدینہ، اسلام آباد کی قومی ایئرلائن کی پروازیں لاہور منتقل ہوگئی۔

بقیہ جات 15

دہشتگردی کو جنگ سے جوڑ کر عالمی رائے عامہ کو گمراہ کرنا چاہتے ہیں۔سینیٹر شیری رحمان کا کہنا تھا کہ پاکستان مودی کو یہ خطرناک منصوبہ معمول بنانے کی اجازت نہیں دے گا۔

بقیہ جات 16

اس کے تمام اندازے غلط تھے۔نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان اس شرط پر آمادہ ہوا کہ بھارت مزید اشتعال انگیز کارروائیاں نہیں کرے گا۔

بقیہ جات 17

مودی نے اعتراف کرلیا کہ جنگ کا آغاز بھارت نے کیا تھا، پاکستان جنگ بندی کی خواہش کرنا چاہتا تو پہلے ہی کرلیتا۔عرفان صدیقی نے کہا کہ جب بھارت نے 10 مئی کو شکست کھائی تو جنگ بندی کی خواہش ظاہر کی، مودی کو اب بھارت کے عوام چھنگ لڑنی ہے، انہیں اب عالمی سطح پر بھی جواب دینا ہوگا۔واضح رہے کہ کل شام بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے پاکستان سے شکست کے بعد بھارتی قوم سے خطاب کیا تھا، جس میں انہوں نے کہا کہ جوہری حملے کی دھمکی سے بلیک میل نہیں ہوں گے۔

بقیہ جات 18

الشرع عراق میں ہونے والے عرب لیگ کے آئندہ سربراہی اجلاس میں شرکت نہیں کریں گے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ شامی وفد کی قیادت وزیر خارجہ اسعد الشیبانی کریں گے جو عرب سربراہی اجلاس میں اپنے ملک کی نمائندگی کریں گے۔ذرائع نے واضح کیا کہ شامی وفد کی قیادت وزیر خارجہ اسعد الشیبانی کریں گے، جو بغداد میں اپنے ملک کی نمائندگی کریں گے۔

بقیہ جات 19

مطابق یہ مشق سعودی عرب کے شمال مغربی علاقے میں دونوں جانب کی خصوصی افواج کی یونٹوں کی شرکت کے ساتھ منعقد ہوئی۔مشق کا مقصد فوجی تعاون کو مضبوط بنانا، آپریشنل تجربات کا تبادلہ کرنا اور حصہ لینے والی خصوصی افواج کی یونٹوں کی جنگی کارکردگی اور میدانی تیاری کی سطح کو بڑھانا ہے۔

بقیہ جات 20

توسیع کردی گئی۔مسلم لیگ (ن) کا دفتر اور کلمہ چوک پر کنٹینر جلانے سمیت نو مئی کے چھ مقدمات میں پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنان کی عبوری ضمانتوں پر سماعت کے دوران عدالت نے اپوزیشن لیڈر عمرایوب، فواد چوہدری سمیت دیگر کی عبوری ضمانت میں 16 جون تک توسیع کردی۔عدالت میں فواد چوہدری، علی امتیاز، کرامت کھوکھر سمیت دیگر نے حاضری مکمل کروائی، بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خانم عدالت میں پیش نہیں ہوئیں، وکیل نے ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست دی۔پی ٹی آئی رہنما عمرایوب کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست دائر کی گئی، وکیل نے عدالت کو بتایا کہ عمرایوب ہسپتال داخل ہیں، عدالت میں پیش نہیں ہو سکتے۔انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے آئندہ سماعت پر ملزمان کے وکلا کو ضمانتوں پر حتمی دلائل کیلئے طلب کر لیا، دیگر ملزمان عبوری ضمانت کی میعاد ختم ہونے پر عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔جے آئی ٹی کے تفتیشی افسران نے تفتیشی رپورٹ پیش کی جس میں علیمہ خان اور عظمٰی خان سمیت تمام ملزمان گناہ گار قرار دیئے گئے ہیں۔

بقیہ جات 21

یہ پابندیاں ایسے وقت میں عائد کی جارہی ہیں جب ایران اور امریکہ نے مسقط میں تہران کے جوہری پروگرام پر مذاکرات کا چوتھا دور شروع کیا ہے۔اس سے قبل اسلامی جمہوریہ نے یورینیم کی افزودگی پر اپنی وابستگی کا اعادہ کیا تھا جسے واشنگٹن پہلے ہیریڈ لائن" قرار دے چکا ہے۔

بقیہ جات 22

پاکستان نے یہ تاثر ختم کردیا کہ بھارت ساؤتھ ایشیا کا اسرائیل ہے۔انسداد دہشتگردی عدالت لاہور کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چودھری کا کہنا تھا کہ پاکستان کی ایئر فورس نے چند گھنٹوں میں بھارت کے 5 طیارے گرائے، بھارتی جارحیت کے جواب میں پاکستان نے 20 ایئر بیسز تباہ کیں۔انہوں نے کہا کہ نیوکلیئر بہت بعد کی بات ہے، ٹریڈیشنل وار میں پاکستان نے بھارت کو دھول چٹائی ہے، پاکستان کو جو کرنا چاہیے تھا وہ کیا، پوری قوم افواج پاکستان، پاک فضائیہ کی شکر گزار ہے، دنیا میں تاثر پھیلا ہوا تھا کہ ہندوستان ساؤتھ ایشیا کا اسرائیل ہے، پاکستان نے یہ بھی تاثر ختم کیا کہ ہندوستان ساؤتھ ایشیا کا اسرائیل ہے۔

بقیہ جات 23

؟ کب تک آپ کیساتھ فنکشن منائیں گے اور کیوں منائیں؟ انہوں نے کہا کہ اب قوم ہم آواز ہے اور بہتر ہے اس اتحاد کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کی رہائی ہو۔بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی سے پارٹی رہنماؤں کو ملاقاتوں کی اجازت ہو، اب سیاسی ماحول میں تناؤ میں کمی ہونی چاہیے۔

بقیہ جات 24

رہا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ان توقعات کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ریاض کے دورے سے حاصل ہونے والی مثبت سیاسی اور اقتصادی اہمیت سے تقویت مل رہی ہے کیونکہ یہ ان کے عہدہ سنبھالنے کے بعد ان کا پہلا غیر ملکی دورہ ہے۔اس سے توانائی، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں ایک سٹریٹجک شراکت دار کے طور پر سعودی عرب کے ساتھ امریکہ کے تعلقات کی اہمیت بھی ظاہر ہورہی ہے۔اس دورے کو دوطرفہ تعاون کو نئی سطحوں تک لے جانے کے موقع کے طور پر بھی دیکھا جارہا ہے۔خاص طور پر دونوں فریقوں کی طرف سے باہمی سرمایہ کاری کو بڑھانے اور تجارتی تبادلے کے دائرہ کار کو وسیع کرنے پر زور دینے کے پیش نظر یہ خیال درست ہے اور زیادہ جامع اور پائیدار اقتصادی شراکت داری قائم کرنے کی مشترکہ خواہش کی عکاسی کر رہا ہے۔سعودی ادارہ شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق 2024 کے آخر تک گزشتہ پانچ سالوں میں مملکت اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم تقریبا 603 بلین ریال (160.8 بلین ڈالر) سے تجاوز کر گیا ہے۔گزشتہ پانچ سالوں میں امریکہ کو سعودی برآمدات کی مالیت تقریبا 278 بلین ریال رہی جو 2020 کے 31 بلین ریال سے بڑھ کر 2021 میں 53.5 بلین ریال، پھر 2022 میں 87.1 بلین ریال، 2023 میں 58.49 بلین ریال اور پھر 2024 میں 47.95 بلین ریال ہو گئی۔امریکہ سے سعودی عرب کی جانب درآمدات کے حوالے سے ادارہ شماریات کے اعداد وشمار سے پتہ چلتا ہے کہ گزشتہ پانچ سالوں میں یہ درآمدات 325 بلین ریال رہیں جو 2020 میں 55.1 بلین ریال سے بڑھ کر 2024 میں 73.74 بلین ریال تک پہنچ گئیں۔

بقیہ جات 25

ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک پریس کانفرنس میں انہوں نے اس دورے کی اہمیت پر زور دیا۔عرب ٹی وی کے مطابق امریکی صدر کا طیارہ سعودی دار الحکومت ریاض میں اترے گا۔یہ ٹرمپ کا نئی صدارتی مدت کے اعلان کے بعد پہلا غیر ملکی دورہ ہوگا۔یہ دورہ اس بات کا اشارہ ہے کہ سعودی عرب اور خلیجی ممالک اب عالمی سطح پر ایک اہم جغرافیائی و سیاسی مقام کے حامل ہیں۔نہ صرف وہ علاقائی استحکام کے لیے ایک مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں، بلکہ اپنی مضبوط معیشت اور اصلاحاتی رجحانات کی بنا پر بھی توجہ کا مرکز ہیں۔

بقیہ جات 26

والے افراد و قبائلی عمائدین ہیں، جو ضلعی انتظامیہ سے ملاقات کے بعد واپس جارہے تھے۔پولیس کا کہنا ہے کہ واردات کے بعد ملزمان فرار ہوگئے۔

بقیہ جات 27

ہوا۔بازار حصص کا 100 انڈیکس ایک ہزار 269 پوائنٹس کے اضافے سے ایک لاکھ 18 ہزار 567 پر آ گیا۔آج اب تک کے کاروبار کے دوران انڈیکس ایک لاکھ 20 ہزار 67 پوائنٹس کی بلندی پر بھی پہنچا۔اسٹاک مارکیٹ کے 100 انڈیکس 4 اپریل کو ایک لاکھ 20 ہزار 796 کی بلند ترین سطح پر تھا۔گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس ایک لاکھ 17 ہزار 279 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ جات 28

کے پیچھے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی رہی۔واضح رہے کہ کچھ روز قبل چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے بھی کہا تھا کہ بھارت کے ساتھ سیز فائر ہوسکتا ہے تو پی ٹی آئی کے ساتھ بھی سیاسی سیز فائر ہونا چاہیے۔

بقیہ جات 29

دیا ہے کہ استغاثہ نے کیس میں ابھی فرحت عباس کی جانب سے مجرمانہ سازش رچانے کے الزام کو ثابت کرنا ہے، درخواست گزار سے کوئی برآمدگی نہیں ہوئی، ریکارڈ سے پتہ چلتا ہے کہ درخواست گزار نے کیس کی تحقیقات میں تعاون کیا ہے۔درخواست گزار کے پولیس کی جانب سے گرفتاری، تذلیل اور کیس کی تحقیقات میں تعاون کرنے کے باوجود ہراسگی کے خدشہ کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔جسٹس نعیم اختر افغان کی جانب سے ضمانت قبل از گرفتاری کی سماعت کے 4 صفحات پر مشتمل حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ اب تک کے ریکارڈ، ابتدائی تفتیش کے مطابق کیس درخواست گزار کے خلاف مزید انکوائری کا متقاضی ہے۔درخواست گزار کو 9 مئی واقعہ کی 12 مئی 2023 کو ہونیوالی ایف آئی آر میں نامزد نہیں کیا گیا، اسے مدعی کے 10 جون کے ضمنی بیان کے بعد سوشل میڈیا پروٹیس، آڈیو، ویڈیو کلپس کی بنیاد پر کیس میں ملوث کیا گیا، یہی الزام شریک ملزم امتیاز محمود پر لگایا گیا ہے، جن کی پہلے ہی اسی عدالت سے ضمانت قبل از گرفتاری منظور کی جا چکی ہے۔کیس کی تفتیش میں مسلسل تعاون پر درخواست گزار کو عبوری ضمانت قبل از گرفتاری کا حقدار قرار دیا جاتا ہے، درخواست گزار کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مزید تفتیش میں تعاون کرے۔

بقیہ جات 30

کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے قومی کانفرنس بلانے کا خیرمقدم کرتے ہیں۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ کی بحالی اور بھارتی آبی جارحیت کا خاتمہ ہی خطے میں امن لائے گا۔انہوں نے کہا کہ پاک بھارت مذاکرات ہونا اچھی بات ہے لیکن میز پر مضبوط موقف ناگزیر ہے، مودی نے ہوش میں آنے کے بعد خطاب میں پھر اپنی قوم کو دھوکا دیا۔لیاقت بلوچ کا مزید کہنا تھا کہ انڈیا کا اپنے ملک میں چناؤ؟ میں پاکستان کے خلاف جنگی جنون نہیں چلے گا۔

بقیہ جات 31

کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نیا ترانہ ''اے وطن'' جاری کر دیا۔نیا ترانہ قومی یکجہتی اور دفاعی عزم کی علامت ہے۔ترانہ آپریشن ''بنیان مرصوص'' میں تینوں مسلح افواج کی شاندار کامیابی کے موقع پر جاری کیا گیا ہے۔ترانے میں دفاعی طاقت اور افواج کے جوانوں کی قربانیوں کو سراہا گیا ہے۔

بقیہ جات 32

سے لدے ہوئے ٹرک غزہ کی پٹی میں داخل ہونا شروع ہوگئے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب اسرائیلی صدر آئزک ہرزوگ نے عالمی برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ غزہ کے رہائشیوں میں امداد کی براہ راست تقسیم کے لیے پیش کی گئی اسرائیلی منصوبہ بندی کی حمایت کرے۔

بقیہ جات 33

اور افواج متحد ہو کر مقابلہ کریں گے۔خیال رہے کہ بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی نے قوم سے خطاب کیا لیکن وہ آف کلر نظر آئے، انہوں نے اپنی تقریر میں پہلگام واقعے کو ظلم قرار دیا اور پاکستان پر روایتی الزامات کو دہرایا۔

بقیہ جات 34

انٹرنل سکیورٹی فنڈ سے دی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ 50 کروڑ کی گرانٹ سے سول ڈیفنس کیلئے جدید آلات خریدے جائیں گے۔ان آلات میں مائن ڈیٹیکٹر، سیفٹی کیمرے، الیکٹرک سائرن، آگ بجھانے کے آلات، بم دھماکے سے بچاؤ کے بلینکٹ اور آئی ٹی کا سامان شامل ہے۔ماڈرن آلات کی بدولت ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے سول ڈیفنس کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا۔سول ڈیفنس کے جدید آلات کی خریداری کیلئے فنڈز کی منظوری کابینہ کمیٹی برائے امن و امان نے دی۔سول ڈیفنس قانونی تقاضوں پر عمل کرتے ہوئے رواں مالی سال کے دوران گرانٹ کو استعمال کرے گا۔دوسری جانب سول ڈیفنس صوبہ بھر میں نوجوانوں کو رجسٹریشن کے بعد رضاکار کی تربیت فراہم کریگا۔سیکرٹری داخلہ پنجاب کی ہدایت پر گزشتہ 5 دنوں میں سول ڈیفنس اور ریسکیو 1122 نے صوبہ بھر میں 118,289 افراد کو تربیتی مشقیں کروائی ہیں۔ان تربیتی مشقوں میں دشمن کے حملے یا حادثے کی صورت میں ہنگامی انخلا، آگ بجھانے اور فرسٹ ایڈ بارے سکھایا گیا۔ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ صوبہ بھر میں جاری تربیتی مشقوں کے دوران طلبا اور دیگر شہریوں کو ہنگامی حالات سے نمٹنے بارے راہنمائی فراہم کی جارہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ دفاع وطن کیلئے سول ڈیفنس اور ریسکیو 1122 صوبہ بھر میں مشترکہ تربیتی مشقیں کروا رہے ہیں۔ترجمان نے بتایا کہ سول ڈیفنس کو کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے پیشگی تیاری مکمل کرنے کا ٹاسک دیا گیا ہے۔

بقیہ جات 35

مطابق کچی آبادی، پرانا چمن سے 20 کلوگرام افیون قبضے میں لی گئی، ایک اور کارروائی کے دوران پرانا پسنی روڈ، کوہ مراد، کیچ کے قریب جھاڑیوں میں اسمگلنگ کے لیے چھپائی گئی 12 کلو ہیروئن برآمد کی گئی۔سرائے عالمگیر، منڈی بہاء الدین روڈ پر یونیورسٹی کے قریب ملزمان سے 12 کلوگرام چرس برآمد کی گئی، برآمد شدہ منشیات گاڑی میں مہارت سے چھپائی گئی تھی۔ترجمان اے این ایف کے مطابق گرفتار ملزمان نے تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا، کاک پل ایکسپریس وے اسلام آباد کے قریب کارروائی کے دوران ہائی ایس اور موٹر سائیکل میں سوار ملزمان سے 12 کلو چرس برآمد کی۔اس کے علاوہ آر سی ڈی روڈ حب میں مسافر بس سے 10.8 کلو چرس، جنرل بس ٹرمینل پشاور کے قریب افغان باشندے سے 2 بچگانہ پیڈز میں چھپائی گئی 5 کلو آئس جبکہ شاہی قلعہ سرکلر روڈ لاہور کے قریب کارروائی کے دوران ملزمان سے 706 گرام آئس، 1124 ایکسٹسی گولیاں اور 200 گرام آئس برآمد کی گئی۔مذکورہ کارروائیوں کے دوران ایک خاتون سمیت 14 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جن کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا۔

بقیہ جات 36

رکھا ہے، مرکزی درخواست میں فریق نمبر 12 کو غلط فریق بنایا گیا ہے۔سید اقتدار حیدر نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ وہ وکیل کو مرکزی درخواست واپس لینے کا حکم دے، وکیل حدیث مبارکہ کی روشنی میں از خود درخواست واپس لے لے۔

بقیہ جات 37

کی مذکورہ دفعہ کے تحت بورڈ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ رجسٹرڈ شخص کے کاروباری احاطے میں ان لینڈ ریونیو کے افسران تعینات کرے تاکہ وہاں مصنوعات کی پیداوار، ترسیل، فروخت، اسٹاک کی صورت حال اور ریکارڈ کے رکھ رکھاؤ کی نگرانی کی جاسکے۔ایف بی آر کی ہدایات کے مطابق، اس نگرانی کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد اس کے نتائج پر مشتمل رپورٹ بورڈ کو پیش کی جائے گی۔افسران اور اہلکاروں کو 2 جون 2025 تک ان اداروں میں تعینات کیا گیا ہے۔

بقیہ جات 38

شہریوں سے ان کے مسائل دریافت کیے، جس کے بعد قانونی حل کے لیے احکامات جاری کیے، ڈی پی او نے اشتہاری مجرمان اور سنگین نوعیت کے مقدمات میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کرکے مقدمات کو میرٹ پر یکسو کرنے کا حکم دیا، انہوں نے کہا کہ تھانوں کے اچانک دوروں کا مقصد پولیس افسران کی کارکردگی کو جانچنا اور استعدادکار میں اضافہ کرنا ہے۔

بقیہ جات 39

طلبا وطالبات کو رول نمبر سلپس ان کے متعلقہ اداروں کی وساطت سے جبکہ پرائیویٹ طلبا وطالبات کو رول نمبر سلپس ان کے داخلہ فارمز پر دیئے گئے پتوں پر ارسال کی جارہی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ مذکورہ رول نمبر سلپس بورڈ کی ویب سائٹ www.bisefsd.edu.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں مزید رہنمائی یا معلومات کیلئے کنٹرولر امتحانات فیصل آباد کے دفتری فون نمبر 0412517710 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے بتایا کہ اکیڈمک سیشن 2021-23 تا 2024-26 کا پہلا پیپر 20 مئی بروز منگل کو سوکس اور بزنس میتھ کامرس گروپ جبکہ 21 مئی بروز بدھ کو فزکس، ایجوکیشن اور پرنسپلز آف اکنامکس کے پیپرز ہوں گے۔انہوں نے بتایا کہ امتحانات کے شفاف انعقاد کیلئے بھرپور اقدامات کئے جا ئیں گے۔

بقیہ جات 40

ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ عمران احمد نے 9 سال قبل پسند کی شادی کرکے کوٹری میں رہائش اختیار کی ہوئی تھی، واقعہ غیرت کے نام پر قتل کا لگتا ہے اور لاشیں 3 دن پرانی ہیں، لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کردی گئیں ہیں۔

بقیہ جات 41

۔بلوم برگ نے نشاندہی کی کہ اگر بھارت اور پاکستان امن معاہدے پر متفق ہو جائیں تو خطے کی معیشت میں زبردست ترقی کا امکان ہے۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق جنگ کے ابتدائی 48 گھنٹوں میں بھارتی سرمایہ کاروں کو اسٹاک مارکیٹس کی گراوٹ کے باعث 83 ارب ڈالر (تقریباً 23.5 کھرب پاکستانی روپے) کا نقصان اٹھانا پڑا، جو کہ ایک 4.19 کھرب ڈالر کی معیشت کے لیے بڑا دھچکا تھا۔جس کی سالانہ برآمدات 821 ارب ڈالر اور غیر ملکی سرمایہ کاری کا ذخیرہ 514 ارب ڈالر ہے۔دوسری جانب امریکی مالیاتی ادارے ''اسٹینڈرڈ اینڈ پورز (S&P)'' نے خبردار کیا کہ ایک طویل جنگ غیر ملکی سرمایہ کاروں کی بھارت میں سرمایہ کاری اور سپلائی چین کی منتقلی کے منصوبوں کو پیچیدہ بنا سکتی ہے۔

بقیہ جات 42

اور زرعی کاروبار سے وابستہ افراد کے مفادات کا تحفظ اور ان کی نمائندگی کو یقینی بنانا ہے۔تنظیم کی قیادت اور سرپرستی کے لیے معروف کاروباری و زراعت سے وابستہ شخصیات شفقات علی، میاں شوکت علی، حسن علی، محمد ایوب خان گھلو، چوہدری واجد علی، ہارون شفیق چوہدری، میاں راجان سلطان پیرزادہ اور شکیل احمد کو نامزد کیا گیا ہے جو اس تنظیم کے بانی ارکان ہوں گے۔فارمرز ایسوسی ایشن پاکستان کا مقصد کسانوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم مہیا کرنا اور زرعی پالیسی سازی میں فعال کردار ادا کرنا ہے۔

بقیہ جات 43

فارم پر جاتا ہے اور اس کے حق میں فیصلہ ہو جاتا ہے تو حکومت سے اپنے رقم واپس لینے کے لئے جس طرح کے حالات کا سامنا کرنا پڑے گا وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔انہوں نے کہا کہ ایف بی آر محصولات کے شارٹ فال کو پورا کرنے کیلئے اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے پالیسی بنائے۔

بقیہ جات 44

ے 1433 اور ماڈل ٹاؤن سے 1465 اشتہاری مجرمان حراست میں لئے گئے ہیں۔کینٹ ڈویژن سے 1617، سول لائنز سے 916، سٹی سے 1744، اقبال ٹاؤن سے 2348، صدر سے 966 اور ماڈل ٹاؤن سے 819 عدالتی مفرور پابند سلاسل کئے گئے ہیں۔اسی طرح کینٹ ڈویژن سے 531، سول لائنز سے 312، سٹی سے 1136، اقبال ٹاؤن سے 921، صدر سے 457 اور ماڈل ٹاؤن سے 342 عادی مجرمان گرفتار کئے گئے ہیں۔سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اشتہاریوں کے خلاف کارروائیوں سے جرائم میں کمی آئی ہے۔سی سی پی او لاہور نے سنگین وارداتوں میں ملوث مجرمان کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کیلئے آپریشنز اور انوسٹی گیشن ونگز مشترکہ کارروائیاں کریں۔بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کیلئے ہیومن انٹیلی جنس کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اشتہاری و عادی مجرمان اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر بھی نظر رکھی جائے۔

بقیہ جات 45

سپاہیوں پر فخر ہے، جنہوں نے ایمان، تقوی اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ دشمن کو منہ توڑ جواب دیا یقیناً یہ کامیاب آپریشن وطن عزیز کے تحفظ کی روشن علامت ہے پاک فوج نے ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کردیا ہے کہ وہ وطن عزیز کی سرحدوں کی محافظ ہی نہیں بلکہ نظریاتی اساس کی امین بھی ہے۔

بقیہ جات 46

دشمن جان لے کہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کا انجام عبرتناک ہوگا، مودی سرکار کی مکاری صرف بھارت ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے خطرہ بن چکی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج نے دشمن کے دانت کھٹے کردیئے، پاکستان نے ہر محاذ پر بھارت کو منہ توڑ جواب دے کر واضح کردیا ہے کہ ہم اپنی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، پاکستان نے دنیا کو بتا دیا کہ ہم ہرگز جنگ نہیں چاہتے لیکن اگر پاکستان پر کسی نے جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو اس کو ایسا جواب دیا جائے گا کہ دشمن ہمیشہ یاد رکھے گا۔

بقیہ جات 47

بھی معاملات ہیں انہیں حل اور ختم کرنے کی ضرورت ہے۔جمشید اقبال چیمہ کے ہمراہ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنی فورسز پر فخر کرتی ہے جنہوں نے ہمارا سر فخر سے بلند کیا۔بھارت حملہ کرکے یہ سوچ رہا تھا کہ شاید پاکستان اپنا دفاع نہیں کرسکتا اس کی وجہ یہ تھی مودی یہ سوچ رہا تھا کہ شاید پاکستانی قوم آپس میں لڑ رہی یہ تقسیم ہیں جب ہم حملہ کریں گے یہ متحد نہیں ہونگی ملک کے اندر انتشار پھیلے گا اور ہم کامیاب ہو جائیں گے لیکن اس کے سارے خیالی پلاؤ منصوبے ناکام ہوئے۔انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں غیور قوم اپنی غیور فورسز کے ساتھ مل کر سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنی اور ہم نے دنیا کو بتا دیا کہ ذمہ دار قومیں اور زندہ قومیں مشکل وقت میں اسی طرح کرتی ہیں۔سوشل میڈیا پاکستانی نوجوانوں نے بغیر کسی تفریق کے صف بندی دکھائی اور پاکستان کو جس طرح کی فتح نصیب ہوئی اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔

بقیہ جات 48

ہیں، جنہوں نے چند گھنٹوں میں بھارت کا گھمنڈ خاک میں ملادیا اور دنیا کو یہ پیغام دے دیا کہ جو پاکستان کے خلاف قدم اٹھائے گا، اسے توڑ دیا جائے گا۔ملکی سلامتی اور خودمختاری ہر حال میں مقدم اور عزیز ہے۔پاک فوج کے جوان، پاکستان میں بھارت کے حامی قادیانیوں کے خلاف بھی پوری قوت کے ساتھ آپریشن کر کے اس فتنے سے دھرتی کو پاک کریں۔

بقیہ جات 49

پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور لیبر ڈیپارٹمنٹ* کی توجہ اس اہم معاملے کی طرف مبذول کرانے کی ضرورت ہے۔مزدوروں کو 37,000* روپے ماہانہ کم از کم اجرت* کا حق دیا جائے، اور پیٹرول پمپ مالکان پر لیبر قوانین کی پابندی یقینی بنائی جائے۔ضلعی انتظامیہ، خاص طور پر *ڈپٹی کمشنر فیصل آباد*، کو چاہیے کہ وہ پیٹرول پمپ ورکرز کے خلاف ہونے والے استحصال کے خلاف فوری نوٹس لیں اور مالکان کو مزدوروں کے حقوق دینے پر مجبور کریں۔سخت گرمی میں کام کرنے والے ان محنت کشوں کے لیے صحت کی سہولیات اور مناسب معاوضہ یقینی بنایا جائے۔-تمام پیٹرول پمپ ورکرز کو لیبر ڈیپارٹمنٹ میں رجسٹرڈ کیا جائے۔12 گھنٹے کی شفٹ کے بجائے 8 گھنٹے کی معیاری ڈیوٹی متعارف کرائی جائے۔گرمی کی شدت میں اضافی الاؤنس اور صحت کی سہولیات فراہم کی جائیں۔کم از کم اجرت (37,000 روپے) پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔وزیراعلیٰ پنجاب سے اپیل ہے کہ وہ اس معاملے پر فوری توجہ دیں اور مزدوروں کے استحصال کو روکنے کے لیے ٹھوس اقدامات کریں۔محنت کشوں کے حقوق کا تحفظ ہی ترقی کی ضمانت ہے!

بقیہ جات 50

لے گئے۔ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے تفتیشی ٹیم کو ہدایات دی ہیں کہ ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے مغوی کو بحفاظت بازیاب کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اس اغوا کی واردات کو ''ریڈ لائن'' کے طور پر لیا جارہا ہے اور ملزمان کو پکڑ کر قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔پولیس کی تفتیشی ٹیم نے جائے وقوعہ سے برآمد ایمبولینس سمیت تمام شواہد کا جائزہ لینا شروع کر دیا۔فیصل کامران نے مزید کہا کہ تمام وسائل بروئے کار لا کر ملزمان کو ہر صورت پکڑا جائے گا اور وہ بچ نہیں سکیں گے۔مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے اور متعلقہ ایس پی سمیت دیگر افسران بھی موقع پر موجود ہیں۔

بقیہ جات 51

اور پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے۔مصنوعی بارڈر پر مصنوعی جنگ کے روح پرور مناظر، موک فائرنگ، دشمن کو بری طرح پچھاڑ دیا۔طلبہ نے دشمن سے مصنوعی جنگ جیتنے پر چیس پریڈ کر کے فتح کا جشن منایا۔ننھے طلبہ نے سرحدی گاؤں کے کچے گھروں کے ماڈل بھی بنائے۔طلبہ نے پاک فوج کی کامیابیوں کا تالیاں بجا کر خیر مقدم کیا۔ننھی بچیوں نے قومی پرچم لہرائے اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے۔طالبات نے پاک فوج کے حق میں بینرز اٹھا کر جلوس نکالے۔چوک کے گرلز سکول کی طالبات نے مارچ کیا اور نعرے لگا کر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا۔طلبہ نے پینٹنگ اور پوسٹر بنا کر پاک دھرتی سے محبت کا اظہار کیا۔سکولوں میں جنگ کے علامتی سائرن بجائے گئے، بچوں نے قومی ترانے اور نغمے پیش کیے۔ننھے بچوں نے امن اور اپنے ہیروز کی سلامتی کے لئے خصوصی دعائیں کیں۔''آپریشن بنیان مرصوص'' کے حوالے سے پوسٹر اور ڈرائنگ کے مقابلے بھی ہوئے۔ننھے بچوں نے پراثر نغمے اور نظمیں بھی پیش کیں۔ننھے طلبہ نے پاک فوج کے سربراہ اور سپاہیوں کو محبت بھرے خط لکھے۔سکول اسمبلی کے دوران بچوں نے پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے اور گرمجوشی سے وطن عزیز سے محبت کا اظہار کیا۔

بقیہ جات 52

کے 5 لاکھ افراد شدید غذائی قلت کا شکار ہیں۔گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں 50 سے زائد افراد اسرائیلی وحشیانہ بمباری سے شہید ہوچکے ہیں۔18 مارچ سے ابتک 2 ہزار 8 سو فلسطینی مسلمان مرد و خواتین اور بچے شہید ہوچکے ہیں جبکہ اسرائیل اس جنگ میں 65 ہزار سے زائد بچوں، خواتین اور نوجوانوں کو شہید کرچکا ہے۔عالمی برادری اور مسلم حکمران بے حسی کی تصویر بن چکے ہیں جو قابل مذمت ہے۔ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے مسئلہ کشمیر اور فلسطین پر کسی کمزوری کا مظاہرہ کیے بغیر اس کے لیے ہر محاذ پر کوششیں تیز کی جائیں۔پوری قوم مسئلہ کشمیر اور فلسطین پر یکجہتی کا مظاہرہ کرے اور مسلم حکمران فلسطینی مسلمانوں کی عملی مدد کیلئے فوری اقدامات کریں۔

بقیہ جات 53

اٹھا سکیں۔رمیش سنگھ اروڑہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتوں کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے اسکالرشپ اسکیم کی شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے اسکروٹنی کے عمل کو مکمل طور پر میرٹ اور شفاف بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔صوبائی وزیر نے ایک جدید اور جامع ڈیجیٹل سسٹم متعارف کرانے کی تجویز دی، جس میں اقلیتوں سے متعلق تمام ڈیٹا یکجا ہو۔انہوں نے کہا کہ ایک ایسی موبائل ایپ اور پورٹل بنائی جائے جس میں ای اسکالرشپس، گرانٹس، شکایات کا اندراج، اور دیگر تمام معلومات دستیاب ہوں۔ہمیں نادرا کے ساتھ مل کر اس نظام کو مربوط اور محفوظ بنانا ہوگا تاکہ ہر مستحق تک اس کا حق بروقت پہنچے انہوں نے مزید کہا کہ اقلیتوں کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے محکمہ اقلیتی امور کے پاس تمام ضروری ڈیٹا اور شکایت ازالہ نظام موجود ہونا چاہیے۔رمیش سنگھ اروڑہ نے تمام اداروں کو ہدایت دی کہ باہمی تعاون سے ایک ایسا مثالی ماڈل تیار کیا جائے جو نہ صرف شفاف ہو بلکہ اقلیتی برادری کے لیے حقیقی ریلیف ثابت ہو۔اجلاس میں پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی، پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ، بینک آف پنجاب، سیکرٹری انسانی حقوق علی بہادر قاضی، ایڈیشنل سیکرٹری رضوانہ نوید اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ جات 54

کو ایوارڈ تقسیم کرنے کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈیرہ غازی خان، سرگودھا اور ٹریفک ملتان کے 23 افسران واہلکاروں کو ایوارڈز سے نوازا۔ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ڈی جی خان کی 10 رکنی ٹیم کو لاکھانی اور جھنگی چیک پوسٹوں پر خوارجی دہشتگردوں کے مسلسل 03 حملے ناکام بنانے پر تعریفی اسناد اور نقد انعامات سے نوازا گیا۔سرگودھا پولیس کی 07 رکنی ٹیم کو تھانہ ترکھاں والا کے علاقے میں لگی آگ پر فوری قابو پانے اور رہائشی علاقوں میں پھیلنے سے بچانے پر ایوارڈ دیئے گئے۔ٹریفک پولیس ملتان کی 06 رکنی ٹیم کو آگاہی مہم کے ذریعے ڈرائیونگ ٹریننگ سکولز میں شہریوں کی تعداد بڑھانے پر ایوارڈز دیئے گئے۔آئی جی پنجاب نے بہترین کارکردگی پر پولیس ٹیموں کو شاباش دی اور مزید تندہی سے فرائض ادائیگی کی ہدایت کی۔تقریب میں ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز ڈاکٹر محمد عابد خان، ایس ایس پی اسد سرفراز، اے آئی جی فنانس نداعمر چٹھہ اور اے آئی جی ویلفیئر عبدالرحیم شیرازی سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ جات 55

ہو کر اندھا دھند فائرنگ کرتے ہوئے مخالفین دو سگے بھائیوں احسان شبیر اور فیصل شبیر کو قتل اور ان کے رشتہ دار جبار ظفر کو شدید زخمی کر دیا جبکہ ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے۔جن کو ہسپتال منتقل کر کے تھانہ صدر پولیس نے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا محمد صہیب اشرف نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کے خلاف فوری کارروائی کا حکم دے دیا ہے۔ملزمان کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ جات 56

افراد ایسے ہیں جو "تباہ کن " سطح کی بھوک کا شکار ہیں، جبکہ بچوں میں 71 ہزار سے زائد غذائی قلت کے کیسز متوقع ہیں، جن میں 14 ہزار سے زائد کیسز شدید سطح کے ہوں گے۔غزہ کو مارچ 2025 سے اسرائیلی فوجی محاصرے کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے امدادی سامان اور تجارتی اشیا کی ترسیل تقریباً بند ہو چکی ہے۔اقوام متحدہ کی نائب ڈائریکٹر بیتھ بیچڈول کے مطابق مارچ سے جاری محاصرہ غزہ میں انسانی بحران کو مزید گہرا کر رہا ہے، اور صورتحال بہت خطرناک ہو چکی ہے۔"اسرائیل نے رپورٹ پر ردعمل دیتے ہوئے قحط کے خطرے کو مسترد کیا اور دعویٰ کیا کہ وہ امداد کی فراہمی کی کوشش کر رہا ہے، جبکہ حماس پر امداد چوری کرنے کا الزام بھی لگایا۔دوسری جانب حماس نے ان الزامات کی تردید کرتے ہوئے اسرائیل پر غذا کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کا الزام لگایا ہے۔

بقیہ جات 57

ادا کیا ہے۔وزیراعظم کے ترجمان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ تحقیقات سے مشروط ہے، اس لیے اس پر مزید کوئی بیان جاری نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ جات 58

مطابق واقعہ ڈرائیور کی ذاتی دشمنی کی وجہ سے پیش آیا ہے۔پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ جات 59

ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آپریشن بنیان المرصوص نے دشمن کی نیندیں اڑا دیں، پاکستان کا قیام کلمہ اور دوقومی نظریہ کی بنیاد پر ہوا، اور یہ نظریہ آج بھی ہمارے قومی تشخص کی اساس ہے، جمعیت علما اسلام ہمیشہ سے نظریہ پاکستان کی علمبردار اور تحفظ اسلام کی اولین صف میں رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ آج دنیا بھر میں اسلام دشمن قوتیں بالخصوص بھارت اور اسرائیل ایک گٹھ جوڑ کے تحت مسلمانوں کو نشانہ بنانے کے درپے ہیں۔ان کا مقصد امت مسلمہ کو تقسیم، کمزور اور منتشر کرنا ہے۔تاہم پاکستان کی بہادر افواج نے اسرائیلی ساختہ طیارہ مار گرا کر نہ صرف ملکی سلامتی کا دفاع کیا بلکہ اسرائیل اور اس کے حامیوں کو دوٹوک پیغام دیا کہ پاکستان اسلامی نظریہ کا قلعہ ہے اور کسی بھی قسم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

بقیہ جات 60

عملی مرتب کر رہی ہے اس حوالے سے معیشت میں حصہ ڈالنے والے تمام شعبوں کو پیشگی آگاہ کیا جائے تاکہ اس پر تجاویز سامنے آسکیں۔حکومت سے اپیل ہے کہ آئندہ بجٹ میں پہلے سے ٹیکس دینے والوں پر مزید بوجھ ڈالنے کی پالیسی کو ترک کیا جائے اور جو شعبے ٹیکس نیٹ سے باہر ہیں ایف بی آر کو ان کے لئے متحرک کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان معاشی طور پر آگے کی طرف بڑھ رہا ہے لہٰذا ایسا کوئی اقدام نہ اٹھایا جائے جس سے تعطل آنے کے خدشات ہوں۔خادم حسین نے کہا کہ حکومت ایف بی آر کو دیئے گئے لامحدود اختیارات پر نظر ثانی کرے، ایف بی آر کی مانیٹرنگ کی جائے کیونکہ اس کے بلا جواز نوٹسز اور اقدامات سے ٹیکس دہندگان متنفر ہو رہے ہیں جس سے ٹیکس محصولات کا پورا ہونا سوالیہ نشان بن رہا ہے گا۔

بقیہ جات 61

تھے، ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے کالرز پر فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر ملزمان کو ٹریک کرنا شروع کیا۔سیف سٹی فیصل آباد نے فیشل ریکوگنیشن ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزم کی فوری شناخت کی۔پولیس نے سیف سٹی کی نشاندہی پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ترجمان سیف سٹیز نے کہا کہ سیف سٹی پروجیکٹ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات سرگرم ہے، شہری کسی بھی ایمرجنسی یا واردات کی صورت میں فوری طور پر 15 پر کال کریں۔

بقیہ جات 62

ہو سکی، اور 1913 میں علیحدگی ہو گئی۔علامہ اقبال تاعمر ان کے اخراجات اور نان نفقہ کے ذمہ دار رہے۔ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی دوسری شادی 1910 میں مختار بیگم کے ساتھ ہوئی جو 1924 میں پہلے بچے کی پیدائش کے دوران انتقال کر گئیں، جس کے بعد علامہ محمد اقبال کی تیسری شادی سردار بیگم سے ہوئی تھی جو جسٹس جاوید اقبال اور منیرہ اقبال کی والدہ تھیں۔واضح رہے کہ سردار بیگم کی جمع پونجی سے جاوید منزل (موجودہ علامہ اقبال میوزیم) کی سات کنال زمین خریدی گئی تھی لیکن ان کو اس گھر میں صرف تین دن رہنا ہی نصیب ہوا۔سردار بیگم کا انتقال 23 مئی 1935 کو ہوا اور ان کو لاہور میں بی بی پاک دامناں سے ملحقہ قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا

بقیہ جات 63

زیادہ ہو سکتی ہے۔" خفیہ نیشنل یونٹی گورنمنٹ (این یو جی) کے زیر انتظام ساگانگ علاقے میں وسطی میانمار کے قصبے ڈیپاین میں واقع یہ سکول منڈالے سے تقریباً 160 کلومیٹر 100) میل (شمال میں ہے اور 28 مارچ کے زلزلے کے مرکز سے زیادہ دور نہیں ہے۔

بقیہ جات 64

قوم کے بلند ارادوں کو کوئی شکست نہیں دے سکتا، صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ اگر کسی نے ہمارے ملک کو میلی آنکھ سے دیکھا تو پاک افواج کے ساتھ ساتھ عوام بھی جارحیت کا جواب دینے کے لیے تیار ہیں، ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید، ڈی پی او راشد ہدایت اور آرمی افسران کے ہمراہ سی ایم ایچ کا دورہ کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر انہوں نے بھارتی ڈرونز سے زخمی ہونے والے پاک فوج کے جوانوں اور دو افراد کی عیادت کی، دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ رب نواز، زخمی افراد کے اہل خانہ اور اہل علاقہ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، صوبائی وزیر زراعت، ضلعی و آرمی افسران نے زخمیوں کو وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، کرسچن کمیونٹی کے زخمی ہونے والوں کی صحت یابی کے لیے نواحی علاقے کے پاسٹر نے خصوصی دعا بھی کی، اس موقع پر زخمیوں کے اہل خانہ اور اہل علاقہ نے پاک افواج کے کامیاب آپریشن پر مسلح افواج کے حق میں بھرپور نعرہ بازی کی۔

بقیہ جات 65

میں جو جولائی 2023 سے کنٹرول پیریڈ کے لیے ہے، فروری 2025 کے ایف سی اے سے جزوی لوڈ، اوپن سائیکل اور ڈیگریڈیشن کروز کے ساتھ ساتھ اسٹارٹ اَپ لاگت کے حوالے سے 3 ارب روپے کی عارضی رقم برقرار رکھی ہے۔ان اخراجات کو حتمی فیول کاسٹ ویری ایشن سے ایڈجسٹ کرنے کی اجازت دی گئی ہے تاکہ مستقبل میں صارفین پر اضافی بوجھ نہ پڑے۔

بقیہ جات 66

کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں مین کیمپس میں بی ایس باٹنی، زوالوجی، فزکس، کیمسٹری، بائیو کیمسٹری، شماریات اور ریاضی (ایوننگ) کے ڈگری پروگرام شروع کرنے کی منظوری دی۔اجلاس میں سب کیمپس بورے والا وہاڑی میں بی ایس کیمسٹری، بی ایس باٹنی اور بی ایس زوالوجی (مارننگ) اور بی ایس سافٹ ویئر انجینئرنگ ایوننگ ڈگری پروگرامز کی بھی منظوری دی گئی۔

بقیہ جات 67

کے لیے اہلیت کا معیار دوبارہ (آر کیو ایف 6-یعنی گریجویٹ سطح) تک بڑھا دیا گیا۔امیگریشن سیلری لسٹ ختم کردی گئی، جس کے تحت کم تنخواہ پر بھرتی کی اجازت تھی۔سوشل کیئر ویزا روٹ بند کر دیا جائے گا، تاہم پہلے سے موجود درخواست دہندگان 2028 تک ویزا کی توسیع کر سکیں گے۔

بقیہ جات 68

دور کا انتظار کر رہے ہیں اور ان کی کامیابی کی امید کر رہے ہیں، نے ایرانی قیادت سے لبنان میں ایرانی "سپاہ پاسداران انقلاب" کے کسی بھی افسر کو نہ رکھنے کی درخواست کی ہے۔یہ اس خوف سے کیا جارہا ہے کہ اسرائیل ان میں سے کسی کو بھی قتل کرسکتا ہے تاکہ تہران کو شرمندہ کیا جاسکے اور واشنگٹن کے ساتھ اس کے جاری مذاکرات میں خلل ڈالا جاسکے۔اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو ایران پر دباؤ ڈالنے اور اس کی جوہری تنصیبات کے کام میں رکاوٹ ڈالنے اور اسے افزودگی سے روکنے کے لیے اپنی پوری کوشش کریں گے۔اطلاعات کے مطابق انقلابی گارڈ کے افسران لبنان آتے ہیں۔

بقیہ جات 69

تنظیمی ڈھانچے کو ختم کرنے اور مسلح جدوجہد کو ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔اس کے ساتھ ہی وہ سرگرمیاں بھی ختم ہوگئی ہیں جو اس جماعت کے نام سے جاری تھیں۔

بقیہ جات 70

مائیک ہکابی سے ملاقات کے بعد کیا گیا۔اسرائیلی حکومت کے بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ یہ مذاکرات اسرائیل کی طرف سے جنگ بندی کے بغیر ہوں گے۔نیتن یاہو کے دفتر نے مزید بتایا کہ وزیراعظم نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بھی ٹیلی فون پر بات کی ہے اور غزہ میں حماس کے قبضے میں موجود دوہری شہریت رکھنے والے اسرائیلی -امریکی قیدی "عیدان الیگزینڈر" کی رہائی میں مدد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ٹرمپ نے اسرائیل سے اپنی وابستگی کا اعادہ کیا اور نیتن یاہو کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنے کی خواہش ظاہر کی۔

بقیہ جات 71

ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک پریس کانفرنس میں انہوں نے اس دورے کی اہمیت پر زور دیا۔عرب ٹی وی کے مطابق امریکی صدر کا طیارہ سعودی دار الحکومت ریاض میں اترے گا۔یہ ٹرمپ کا نئی صدارتی مدت کے اعلان کے بعد پہلا غیر ملکی دورہ ہوگا۔یہ دورہ اس بات کا اشارہ ہے کہ سعودی عرب اور خلیجی ممالک اب عالمی سطح پر ایک اہم جغرافیائی و سیاسی مقام کے حامل ہیں۔نہ صرف وہ علاقائی استحکام کے لیے ایک مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں، بلکہ اپنی مضبوط معیشت اور اصلاحاتی رجحانات کی بنا پر بھی توجہ کا مرکز ہیں۔

بقیہ جات 72

سپاہیوں پر فخر ہے، جنہوں نے ایمان، تقوی اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ دشمن کو منہ توڑ جواب دیا یقیناً یہ کامیاب آپریشن وطن عزیز کے تحفظ کی روشن علامت ہے پاک فوج نے ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کردیا ہے کہ وہ وطن عزیز کی سرحدوں کی محافظ ہی نہیں بلکہ نظریاتی اساس کی امین بھی ہے۔

بقیہ جات 73

۔بلوم برگ نے نشاندہی کی کہ اگر بھارت اور پاکستان امن معاہدے پر متفق ہو جائیں تو خطے کی معیشت میں زبردست ترقی کا امکان ہے۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق جنگ کے ابتدائی 48 گھنٹوں میں بھارتی سرمایہ کاروں کو اسٹاک مارکیٹس کی گراوٹ کے باعث 83 ارب ڈالر (تقریباً 23.5 کھرب پاکستانی روپے) کا نقصان اٹھانا پڑا، جو کہ ایک 4.19 کھرب ڈالر کی معیشت کے لیے بڑا دھچکا تھا۔جس کی سالانہ برآمدات 821 ارب ڈالر اور غیر ملکی سرمایہ کاری کا ذخیرہ 514 ارب ڈالر ہے۔

بقیہ جات 74

اور زرعی کاروبار سے وابستہ افراد کے مفادات کا تحفظ اور ان کی نمائندگی کو یقینی بنانا ہے۔تنظیم کی قیادت اور سرپرستی کے لیے معروف کاروباری و زراعت سے وابستہ شخصیات شفقات علی، میاں شوکت علی، حسن علی، محمد ایوب خان گھلو، چوہدری واجد علی، ہارون شفیق چوہدری، میاں راجان سلطان پیرزادہ اور شکیل احمد کو نامزد کیا گیا ہے جو اس تنظیم کے بانی ارکان ہوں گے۔فارمرز ایسوسی ایشن پاکستان کا مقصد کسانوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم مہیا کرنا اور زرعی پالیسی سازی میں فعال کردار ادا کرنا ہے۔

بقیہ جات 75

فارم پر جاتا ہے اور اس کے حق میں فیصلہ ہو جاتا ہے تو حکومت سے اپنے رقم واپس لینے کے لئے جس طرح کے حالات کا سامنا کرنا پڑے گا وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔انہوں نے کہا کہ ایف بی آر محصولات کے شارٹ فال کو پورا کرنے کیلئے اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے پالیسی بنائے۔

بقیہ جات 76

سپاہیوں پر فخر ہے، جنہوں نے ایمان، تقوی اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ دشمن کو منہ توڑ جواب دیا یقیناً یہ کامیاب آپریشن وطن عزیز کے تحفظ کی روشن علامت ہے پاک فوج نے ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کردیا ہے کہ وہ وطن عزیز کی سرحدوں کی محافظ ہی نہیں بلکہ نظریاتی اساس کی امین بھی ہے۔

بقیہ جات 77

کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے قومی کانفرنس بلانے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ کی بحالی اور بھارتی آبی جارحیت کا خاتمہ ہی خطے میں امن لائے گا۔انہوں نے کہا کہ پاک بھارت مذاکرات ہونا اچھی بات ہے لیکن میز پر مضبوط موقف ناگزیر ہے۔

بقیہ جات 78

ہو کر اندھا دھند فائرنگ کرتے ہوئے مخالفین دو سگے بھائیوں احسان شبیر اور فیصل شبیر کو قتل اور ان کے رشتہ دار جبار ظفر کو شدید زخمی کر دیا جبکہ ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے۔جن کو ہسپتال منتقل کر کے تھانہ صدر پولیس نے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا محمد صہیب اشرف نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کے خلاف فوری کارروائی کا حکم دے دیا ہے۔ملزمان کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ جات 79

افراد ایسے ہیں جو "تباہ کن " سطح کی بھوک کا شکار ہیں، جبکہ بچوں میں 71 ہزار سے زائد غذائی قلت کے کیسز متوقع ہیں، جن میں 14 ہزار سے زائد کیسز شدید سطح کے ہوں گے۔غزہ کو مارچ 2025 سے اسرائیلی فوجی محاصرے کا سامنا ہے۔

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل
صاحب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ
تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع ابدال متوفی راؤ حبیب احمد خان ولد خلیل الرحمٰن وارثان خلیل الرحمٰن والد زرینہ والدہ راشدہ خاتون دختر متوفی پہلے فوت شدہ زندہ ثریا خانم بیوہ، عتیق الرحمٰن، انیس الرحمٰن، شفیق الرحمٰن، حفیظ الرحمٰن، عزیز الرحمٰن پسران، رانا صغیر احمد داماد، ساجدہ خاتون دختر متوفی، رانا نبیل احمد، رانا عمیر احمد، ربیعہ صغیر، دوہتگان متوفی ہیں۔ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

پنجاب بھر کے سکولوں میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی اور یوم تشکر، جشن کا سماں

پنجاب کے تعلیمی اداروں میں ''آپریشن بنیان مرصوص'' کی کامیابی پر سکول اسمبلی، ڈرائنگ، پینٹنگ کے مقابلے، ملی نغمے اور ترانے پیش کئے گئے

طلبہ نے پاک فوج کی کامیابیوں کا تالیاں بجا کر خیر مقدم کیا، ننھی بچیوں نے قومی پرچم لہرائے، علامتی سائرن، ننھے بچوں کی امن اور اپنے ہیروز کی سلامتی کے لئے دعائیں

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب بھر کے سکولوں میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی اور یوم تشکر منایا گیا۔ پنجاب کے تعلیمی اداروں میں ''آپریشن بنیان مرصوص'' کی کامیابی پر جشن کا سماں تھا۔ طلبہ نے پاک فوج کے سربراہ کی تصاویر بھی اٹھا رکھی تھیں اور ننھے بچوں نے یونیفارم پہن کر مارچ کیا۔ ننھی طالبات نے پاک فضائیہ کے جانبازوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ طلبہ نے افواج پاکستان کی جرات اور شجاعت کو سلام پیش کیا۔ قصور کے طلبہ کی ریلی کی قیادت کرنے کے لئے صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خود پہنچ گئے۔ طلبہ نے پاکستان زندہ باد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

لیہ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شبیر احمد ڈوگر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور مسجد اقصیٰ مسلمانوں کی ریڈ لائن ہے: ضیاء الدین انصاری

اسرائیلی فوج امریکہ کی سرپرستی میں فلسطین غزہ کے مسلمانوں کی نسل کشی کر رہی ہے، غزہ میں مکانات، ہسپتال، مساجد اور پناہ گاہیں تباہ ہوچکی ہیں، 5 لاکھ افراد شدید غذائی قلت کا شکار ہیں

اسرائیلی وحشیانہ بمباری سے 18 مارچ سے ابتک 2 ہزار 8 سو فلسطینی مسلمان مرد وخواتین اور بچے شہید ہوچکے ہیں، غزہ میں اسرائیلی وحشیانہ بمباری کی شدید الفاظ میں مذمت



امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور مسجد اقصیٰ مسلمانوں کی ریڈ لائن ہے کشمیر اور فلسطین کے عوام کو حق خودارادیت ملنا چاہیے۔ مسئلہ کشمیر اور مسئلہ فلسطین کے حل کیلئے پاکستان موثر کردار ادا کرے۔ اسرائیلی فوج امریکہ کی سرپرستی میں فلسطین غزہ کے مسلمانوں کی نسل کشی کر رہا ہے۔ غزہ میں مکانات، ہسپتال، مساجد اور پناہ گاہیں مکمل تباہ ہوچکے ہیں، غزہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

حزب اللہ کا ایرانی پاسداران انقلاب کے افسروں سے لبنان چھوڑنے کا مطالبہ

زیادہ تر افسران الضاحیہ الجنوبیہ اور البقاع میں نگرانی سے دور مقامات پر رہتے ہیں، ذرائع

بیروت (این این آئی) سلطنت عمان میں امریکی۔ایرانی مذاکرات جاری ہیں اور لبنان میں ان کے حقائق کی پیروی کی جا رہی ہے۔ خاص طور پر "حزب اللہ "میں ان کے ہتھیاروں کے مستقبل اور لبنان میں عمومی صورتحال پر ان کے اثرات کے پیش نظر اس گروپ کے حوالے سے کام جاری ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق حزب اللہ "کے عہدیدار، جو سلطنت عمان میں مذاکرات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت اہم اجلاس

صوبائی وزیر کا اسکالرشپس اور ڈیجیٹل نظام کو بہتر بنانے پر زور

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اقلیتی برادری کے لیے جاری اسکالرشپ اسکیمز کے مختلف مراحل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اسکالرشپ کے لیے درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 مئی سے بڑھا کر 20 مئی کردی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ طلباء اس سہولت سے فائدہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

قیدیوں کی ڈیل کے حوالے سے بات چیت، نیتن یاہو کا وفد کو دوحہ بھیجنے کا فیصلہ

یہ مذاکرات اسرائیل کی طرف سے جنگ بندی کے بغیر ہوں گے، اسرائیلی حکومت کا بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کے دفتر نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیل ایک وفد دوحہ روانہ کرے گا تاکہ مشرق وسطی کے لیے امریکی ایلچی اسٹیو وٹکوف کی جانب سے پیش کی گئی اس تجویز پر بات چیت کی جاسکے جس کا مقصد غزہ میں قید یرغمالیوں کی رہائی کے لیے معاہدے تک پہنچنا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ فیصلہ نیتن یاہو کی وٹکوف اور اسرائیل میں امریکی سفیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

بہترین کارکردگی کے حامل افسران واہلکاروں میں ایوارڈ تقسیم کرنیکی تقریب

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈیرہ غازی خان، سرگودھا اور ٹریفک ملتان کے 23 افسران واہلکاروں کو ایوارڈز سے نوازا

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ شکست خوردہ دشمن دہشت گردی کے ذریعے ملکی سالمیت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرسکتا ہے۔ آئی جی پنجاب نے پولیس فورس کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان بھارت جاری کشیدگی کے تناظر میں پنجاب پولیس کے چیلنجز اور خطرات میں اضافے کا خدشہ ہے۔ دشمن حساس مقامات، چینی و غیر ملکی باشندوں، ڈویلپمنٹ پراجیکٹس اور بارڈر ایریاز پولیس چوکیوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنٹرل پولیس آفس میں بہترین کارکردگی کے حامل افسران و اہلکاروں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

لیہ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد شاہد ملک ڈی ایچ کیو ہسپتال کے معائنہ پر مریض کی خیریت معلوم کر رہے ہیں

لاہور، ڈیفنس فیز 6 سے معروف ڈاکٹر طاہر جمیل کا مبینہ اغواء

کلینک سے واپس گھر جاتے ہوئے دو موٹر سائیکل سواروں نے روکا اور ساتھ لے گئے

واردات کو ''ریڈ لائن'' کے طور پر لیا جا رہا ہے، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی متاثرہ خاندان سے ملاقات

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے ڈیفنس فیز 6 سے معروف ڈاکٹر طاہر جمیل کے مبینہ اغواء کا واقعہ پیش آیا، جس کی اطلاع ملتے ہی لاہور پولیس مکمل متحرک ہوگئی۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران موقع پر پہنچے اور جائے وقوعہ کے تمام شواہد کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرہ خاندان سے بھی ملاقات کی اور انہیں مغوی کی جلد بحفاظت بازیابی کی یقین دہانی کرائی۔ پولیس ترجمان کے مطابق ڈاکٹر طاہر جمیل 62 سال کی عمر کے حامل ہیں اور ڈی ایچ اے فیز 6 کے رہائشی ہیں۔ وہ اپنے کلینک سے واپس اپنے گھر آ رہے تھے کہ راستے میں دو موٹر سائیکل سواروں نے انہیں روکا اور اپنے ساتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

سرگودھا میں گھریلو ناچاقی پر قتل ہونے والے

2 مقتولین بھائیوں کو سپرد خاک کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں گھریلو ناچاقی پر قتل ہونے والے 2 مقتولین بھائیوں کو سپرد خاک کر دیا گیا اور وقوعہ کے زخمی کی حالت بھی تشویشناک بتلائی جا رہی ہے پولیس مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔ جاں بحق جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہوگیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا بھلوال کے علاقہ اجنالہ میں گھریلو ناچاقی پر مسلح افراد نے احسان کے گھر داخل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

بھارتی جارحیت میں زخمیوں کا حوصلہ قابل تعریف، صوبائی وزیر

عوام نے متحد ہوکر بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، پاکستانی قوم کے بلند ارادوں کو کوئی شکست نہیں دے سکتا، عاشق حسین کرمانی

صوبائی وزیر اور افسران نے زخمیوں کو وزیراعظم، آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی جانب سے پھولوں کے گلدستے پیش کیے

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ بھارتی بزدلانہ جنگی کارروائیوں کے دوران زخمی ہونے والے افراد کا حوصلہ قابل تعریف ہے، بھارتی جنگی عزائم کے خلاف مسلح افواج کے ساتھ ساتھ عوام نے بھی عظیم جوش و جذبے کا مظاہرہ کیا، صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ جنگی صورتحال کے دوران پاکستان کے عوام نے متحد ہو کر بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، انہوں نے کہا کہ ملکی سالمیت کے لیے پاکستانی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

وہاڑی: اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی غزالہ کنول اجلاس میں تاوان وآبیانہ ریکوری یقینی بنانے کیلئے محکمہ انہار کے افسران کو ہدایات دے رہی ہیں

برطانوی وزیراعظم کے گھر آگ لگنے کی تحقیقات جاری

واقعہ تحقیقات سے مشروط ہے، اس لیے اس پر مزید کوئی بیان جاری نہیں کیا جائے گا، ترجمان

لندن (این این آئی) برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر کے گھر آگ لگنے کی تحقیقات جاری ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق شمالی لندن میں وزیراعظم کیئر اسٹارمر کے گھر رات کے وقت آگ لگی تھی جس میں کسی شخص کو کوئی نقصان نہیں پہنچا تھا۔ برطانوی پولیس نے اس حوالے سے تحقیقات شروع کردی ہیں، مقامی وقت کے مطابق رات ڈیڑھ بجے کے قریب آگ لگنے کی اطلاع موصول ہوئی تھی۔ میٹروپولیٹن پولیس کے مطابق واقعے میں گھر کے داخلی دروازے کو نقصان پہنچا ہے، مزید تحقیقات جاری ہیں۔ برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے ہنگامی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کا شکریہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

پاک فوج نے دشمن کا جدید ٹیکنالوجی پر غرور خاک میں ملا دیا' جے یو آئی (س)

مودی سرکار کی مکاری صرف بھارت ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے خطرہ بن چکی

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، سرپرست اعلی لاہور مولانا خلیل الرحمٰن حقانی، سیکرٹری اطلاعات قاری رحمت اللہ لاشاری، مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری عبد الحمید تونسوی، احمد بلوچ دیگر نے اپنے مشترکہ بیان کہا ہے کہ پاک فوج نے دشمن کا جدید ٹیکنالوجی پر غرور خاک میں ملا دیا، وطن عزیز کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

زرعی ماہرین معیاری تحقیقی امور اور ہنرمند

افرادی قوت کی تیاری کو یقینی بنانے کے لئے تمام

ممکنہ کاوشیں عمل میں لائیں، ڈاکٹر ذوالفقار علی

مکوآنہ (این این آئی) زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے کہا ہے کہ زرعی ماہرین معیاری تحقیقی امور اور ہنر مند افرادی قوت کی تیاری کو یقینی بنانے کے لئے تمام ممکنہ کاوشیں عمل میں لائیں تاکہ زرعی چیلنجز سے نبرد آزما ہوا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اکیڈمک کونسل کے اجلاس کی صدارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

ترکیہ کے خلاف لڑنے والی کردستان ورکرز

پارٹی تحلیل، ہتھیار ڈالنے کا اعلان کر دیا

انقرہ (این این آئی) ترکیہ میں کرد علاحدگی پسند گروپ کردستان ورکرز پارٹی پی کے کے نے چالیس سالہ مسلح جدوجہد ترک کرتے ہوئے جماعت کو تحلیل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق "پی کے کے" کا اسلحہ جمع کرنے کا عمل آئندہ جون کے آخر تک مکمل ہو جائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

لاہور: محنت کش پھل فروخت کرنے کیلئے کاٹ رہا ہے

آپریشن بنیان المرصوص قادیانیوں کے خلاف بھی کیا جائے' مولانا علیم الدین شاکر

پاکستان کیخلاف سازشیں کرنیوالے قادیانی انڈیا کی ذلت آمیز اور عبرتناک شکست سے سبق حاصل کریں

لاہور (این این آئی) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلی مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہر للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ آپریشن بنیان المرصوص قادیانیوں کے خلاف بھی کیا جائے، پاکستان کیخلاف سازشیں کرنیوالے قادیانی انڈیا کی ذلت آمیز اور عبرتناک شکست سے سبق حاصل کریں، بھارت، اسرائیل، امریکہ اور قادیانی ایک کے سکے کے دو رخ ہیں جو اسلام کیخلاف سازشیں کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری، اچھرہ میں علما اور تاجروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اپنی پاک فوج کے جوانوں کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں، جنہوں نے چند گھنٹوں میں بھارت کا گھمنڈ خاک میں ملا دیا اور دنیا کو یہ پیغام دے دیا کہ جو پاکستان کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

مودی کا خطاب عندیہ دے رہا کوئی ایڈونچر کرسکتا ہے، مسرت چیمہ

مضبوط اتحاد کیلئے بلوچستان، خیبر پختونخواہ، خاص طور پر عمران خان سے متعلق معاملات کو حل کرنیکی ضرورت ہے

حکومت کسانوں کو حقیقی معنوں میں ریلیف دے، جمشید اقبال چیمہ / انسداد دہشتگردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ نریندر مودی کا اپنی عوام سے کیا گیا خطاب عندیہ دے رہا ہے کہ دشمن نے اپنی شکست کو قبول نہیں کیا اور اپنی شرمندگی کو مٹانے کے لئے وہ کوئی ایڈونچر کر سکتا ہے، ہمیں پیشگی بھارت کو ایک بار پھر یہ پیغام دینا چاہیے کہ ہم آپس جھگڑوں کا شکار نہیں ہیں اور فیصلہ سازوں کو بلوچستان، خیبر پختونخواہ اور خاص طور پر بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے متعلق جو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

لاہور: سوشل ویلفیئر وبیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ کا اسسٹو ڈیوائسز حاصل کرنے والے افراد باہمی معذوری کیساتھ گروپ فوٹو

سول ڈیفنس کی جدت کیلئے 500 ملین روپے کے فنڈز جاری

مائن ڈیٹیکٹر، سنیک کیمرے، الیکٹرک سائرن، آگ بجھانے کے آلات، بم دھماکے سے بچاؤ کے بلینکٹ خریدے جائینگے

ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے پیشگی تیاری مکمل کرنے کی ہدایات، 10 لاکھ رضا کاران کی رجسٹریشن کا ہدف بھی دیدیا گیا، ترجمان محکمہ داخلہ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر دفاع وطن کیلئے محکمہ داخلہ پنجاب نے نہایت اہم اقدام اٹھایا ہے اور سول ڈیفنس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے 500 ملین روپے کے فنڈز جاری کیے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے سول ڈیفنس کو صوبہ بھر سے 10 لاکھ رضا کاران کی رجسٹریشن کا ٹارگٹ بھی دیدیا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق سول ڈیفنس کیلئے گرانٹ محکمہ داخلہ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

اے این ایف نے 16 کروڑ 54 لاکھ مالیت کی منشیات برآمد کر لی

مختلف کارروائیوں میں 1943.706 کلوگرام منشیات پکڑی گئی، خاتون سمیت 14 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک کے مختلف شہروں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 16 کروڑ 54 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات تحویل میں لے لی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق تعلیمی اداروں اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ کارروائیوں کے دوران 1943.706 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی، جس کی مالیت 16 کروڑ 54 لاکھ روپے سے زائد ہے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ڈی ایچ اے ڈی ایچ اے کراچی (چھوٹا بخاری) میں 2 موٹر سائیکل سواروں سے 1 کلوگرام آئس برآمد کی گئی جبکہ بلوچستان کیعلاقے سارانان، ضلع پشین میں حمید کراس کے قریب کارروائی کے دوران 1870 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ اعلامیے کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

لاہور: پی ٹی آئی کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ اور جمشید چیمہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایف بی آر نے 21 مشروبات تیار کرنے

والی کمپنیوں میں افسران تعینات کر دیئے

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 21 مشروبات تیار کرنے والی کمپنیوں میں پیداوار اور فروخت کی نگرانی کے لیے 50 سے زائد ان لینڈ ریونیو افسران و اہلکاران تعینات کر دیئے۔ اس سلسلے میں ایف بی آر نے چیف کمشنران لینڈ ریونیو، لارج ٹیکس پیئرز آفس لاہور کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی دفعہ 40-بی اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 کی دفعہ 45(2) کے تحت مشروبات بنانے والے صنعتی یونٹس کی نگرانی کریں۔ فیڈرل ایکسائز ایکٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

فیصل آباد بورڈ نے 20 مئی سے شروع

ہونیوالے گیارہویں جماعت کے پہلے سالانہ

امتحانات کی رول نمبر سلپس جاری کر دیں

مکوآنہ (این این آئی) اعلی و ثانوی تعلیمی بورڈ فیصل آباد نے 20 مئی سے شروع ہونیوالے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر، انٹرمیڈیٹ پارٹ ون) کے پہلے سالانہ امتحانات 2025 میں حصہ لینے والے طلبا وطالبات کی رول نمبر سلپس جاری کر دی ہیں۔ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے شعبہ تعلقات عامہ کے ترجمان ساجد نقوی کے مطابق ریگولر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

''فارمرز ایسوسی ایشن پاکستان'' کے

نام سے تنظیم کی رجسٹریشن کیلئے ڈی

جی ٹی او کو درخواست جمع

لاہور (این این آئی) کسانوں اور زرعی کاروبار کے مسائل کو اجاگر، پالیسی سازی میں موثر تجاویز دینے کیلئے ''فارمرز ایسوسی ایشن پاکستان'' کے نام سے تنظیم کی رجسٹریشن کیلئے ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ 2013 کے تحت ڈائریکٹر جنرل (ریگولیٹر) ٹریڈ آرگنائزیشنز کو باضابطہ درخواست جمع کرا دی گئی۔ تنظیم کے قیام کا مقصد ملک بھر کے کسانوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

ڈی پی او کا اچانک دورہ، ناقص کارکردگی پر محرر معطل

عدم ریکارڈ اور صفائی کے ناقص انتظامات تھے، ایس ایچ او سے اظہار وجوہ طلب

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے تھانہ ستگھرہ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے عدم تکمیل ریکارڈ اور ناقص صفائی پر محرر تھانہ کو معطل کر کے چارج شیٹ کر دیا، مزید برآں، ایس ایچ او ستگھرہ سے ناقص سپرویژن پر اظہار وجوہ طلب کر لیا، دوران دورہ، انہوں نے تھانہ کے فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ، حوالات اور دیگر تمام متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

کوٹری' 9 سال قبل پسند کی شادی کرنے پر ایک ہی گھر کے 4 افراد قتل

چاروں افراد کو کسی تیز دھار آلے سے قتل کیا گیا ہے اور ہلاک افراد کا تعلق بلوچستان سے ہے' پولیس

جامشورو (این این آئی) جامشورو کی تحصیل کوٹری خدا کی بستی میں ایک گھر سے 4 افراد کی لاشیں برآمد ہوئیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایس پی جامشورو ظفر صدیقی نے بتایا کہ گھر سے ملنے والی لاشیں کی شناخت عمران احمد خان اہلیہ عالیہ اور اس کے 2 کمسن بچوں کی ہیں۔ ظفر صدیقی کے مطابق چاروں افراد کو کسی تیز دھار آلے سے قتل کیا گیا ہے اور ہلاک افراد کا تعلق بلوچستان سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

تنازع طویل ہوتا تو بھارت کو پاکستان سے کہیں زیادہ نقصان ہوتا' ماہرین

بھارت اور پاکستان امن معاہدہ کرلیں تو خطے کی معیشت میں زبردست ترقی کا امکان' بلوم برگ

لاہور (این این آئی) ممتاز بین الاقوامی میڈیا اداروں جیسے "بلوم برگ"، امریکی مالیاتی انٹیلی جنس ایجنسیوں، بھارتی معیشت دانوں، سابق سکیورٹی اہلکاروں اور عالمی خطرات کا تجزیہ کرنے والی مشاورتی کمپنیوں کے ماہرین نے حالیہ پاک بھارت مختصر مگر اہم جنگ کے دوران واضح کیا کہ اگر یہ تنازع طویل ہوتا تو بھارت کو پاکستان کے مقابلے میں کہیں زیادہ معاشی نقصان برداشت کرنا پڑتا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

نارووال: گورنمنٹ ہائی سکول کے طلباء اور اساتذہ معرکہ حق اور آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر پاک فوج کیساتھ اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ میں الیکشن ایکٹ میں ترامیم کیس سماعت کیلئے مقرر

لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس خالد اسحاق 16 مئی کو کیس کی سماعت کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے الیکشن ایکٹ میں ترامیم سے متعلق کیس سماعت کیلئے مقرر کر دیا۔ جسٹس خالد اسحاق 16 مئی کو کیس کی سماعت کریں گے، عدالت نے امریکی نژاد شہری سید اقتدار حیدر کے تحریری دلائل کو منظور کر رکھا ہے۔ عدالت نے رجسٹرار آفس کو تحریری دلائل کو درخواست کا حصہ بنانے کی ہدایت بھی کی ہے۔ سید اقتدار حیدر کا تحریری دلائل میں کہنا ہے کہ میری غیر موجودگی میں میرے تحریری دلائل کو فیصلے میں مدنظر رکھا جائے۔ فریق نمبر 12 پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کو ماکے ساتھ الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ نہیں، الیکشن کمیشن نے پاکستان پارلیمنٹیرینز کو بطور سیاسی جماعت رجسٹرڈ کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

کراچی: اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر سے یو کے کے ڈپٹی ہائی کمشنر ملاقات کر رہے ہیں

حکومت ٹیکس ترمیمی آرڈیننس کو فی الفور واپس لے' جمیل اختر بیگ

2 مئی کے اقدام سے لاکھوں ٹیکس دہندگان میں شدید تشویش پائی جاتی ہے' سابق صدر لاہور ٹیکس بار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر جمیل اختر بیگ نے کہا ہے حکومت ٹیکس ترمیمی آرڈیننس کو فی الفور واپس لے، حکومت کے 2 مئی کے اقدام سے لاکھوں ٹیکس دہندگان میں شدید تشویش پائی جاتی ہے، مذکورہ ٹیکس ترمیمی آرڈیننس کے فوائد کم اور نقصانات زیادہ ہوں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آج تک ایف بی آر نے طے شدہ قوانین کا درست طریقے سے استعمال نہیں کیا بلکہ اختیارات سے تجاوز کیا گیا جس کے نتیجے میں 2700 ارب کے کیسز عدالتوں میں زیر التواء ہیں۔ ترمیمی آرڈیننس کے تحت بغیر نوٹس کے بینکوں سے ٹیکس دہندگان کی رقم نکلوائی جاسکے گی، زبردستی ٹیکس ریکوریاں کی جائیں گی، اگر ایسے صورتحال میں ٹیکس دہندہ کسی اپیل کے پلیٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

لاہور پولیس اشتہاری وعادی مجرمان اور عدالتی مفروران کے خلاف متحرک

10800 سے زائد اشتہاری مجرمان، 3600 سے زائد عادی مجرمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس اشتہاری و عادی مجرمان اور عدالتی مفروران کے خلاف متحرک ہے، رواں سال اب تک 10800 سے زائد اشتہاری مجرمان، 8400 سے زائد عدالتی مفرور اور 3600 سے زائد عادی مجرمان گرفتار کیے گئے ہیں۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ کینٹ ڈویژن سے 2402، سول لائنز سے 914، سٹی سے 2289، اقبال ٹاؤن سے 2301، صدر سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

پاک افواج نے ایمان کے ساتھ دشمن کو شکست دی' محمد سلیم قادری

بنیان مرصوص صرف ایک آپریشن نہیں یہ افواجِ پاکستان کی غیر متزلزل قربانیوں کا مظہر ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک لاہور کے جوائنٹ سیکرٹری لاہور محمد سلیم قادری نے کہا ہے کہ پاک افواج نے ایمان کے ساتھ دشمن کو شکست دی، فوج نے جس جرات سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا وہ پوری قوم کیلئے باعث فخر ہے، بنیان مرصوص صرف ایک آپریشن نہیں بلکہ یہ افواج پاکستان کی غیر متزلزل قربانیوں کا مظہر ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ قوم کو اپنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

پیر ہاڑی سے بٹگرام آنے والی اسکول وین پر فائرنگ' 5 بچے زخمی

واقعہ ڈرائیور کی ذاتی دشمنی کی وجہ سے پیش آیا ہے۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا

بٹگرام (این این آئی) پیر ہاڑی سے بٹگرام آنے والی اسکول وین پر فائرنگ سے 5 بچے زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کے زخمیوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔ اب تک ہونے والی تحقیقات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

آپریشن بنیان المرصوص نے دشمن کی نیندیں اڑا دیں' جے یو آئی

جمعیت علما اسلام ہمیشہ سے نظریہ پاکستان کی علمبردار اور تحفظِ اسلام کی اولین صف میں رہی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

کاروباری برادری کی آئندہ مالی

سال کے بجٹ سے بہت سی توقعات

وابستہ ہیں، خادم حسین

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ کاروباری برادری کی آئندہ مالی سال کے بجٹ سے بہت سی توقعات وابستہ ہیں، ایف بی آر کو لا محدود اختیارات دینے سے مسائل بڑھ رہے ہیں جس کا نوٹس لیا جانا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں کن ذرائع سے ریونیو بڑھانے کی حکمت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ سیف سٹی

کیمروں کی مدد سے گرفتار

لاہور (این این آئی) متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کو سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق فیصل آباد سے مختلف وارداتوں کی یکے بعد دیگرے کالز ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر موصول ہوئیں، ملزمان شہریوں سے قیمتی اشیا چھین کر فرار ہو جاتے تھے، ملزمان وارداتوں میں ایک ہی طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے ہر واردات کے بعد موٹر سائیکل تبدیل کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

سرگودھا: طالبات یونیورسٹی آف سرگودھا میں منعقدہ پینٹنگز کی نمائش میں دلچسپی لے رہی ہیں

میانمار میں سکول پر فوجی رجیم کا فضائی حملہ، 17 افراد ہلاک

ممکن ہے کہ بعض لوگ حملے کے بعد لاپتہ ہوگئے ہوں، ہلاک شدگان کی تعداد زیادہ ہوسکتی ہے، این یو جی

ینگون (این این ائی) میانمار کی خفیہ حکومت نے کہا کہ پیر کو فوجی حکومت کے فضائی حملے میں حزب اختلاف کے زیر قبضہ علاقے میں ایک سکول میں کم از کم 17 طلبا ہلاک اور 20 دیگر زخمی ہوگئے حالانکہ تباہ کن زلزلے کے بعد جنگ بندی نافذ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خفیہ نیشنل یونٹی گورنمنٹ (این یو جی) کے زیر انتظام ساگانگ علاقے میں وسطی میانمار کے قصبے ڈیپاین میں واقع یہ سکول منڈالے سے تقریبا 160 کلومیٹر (100 میل) شمال میں ہے اور 28 مارچ کے زلزلے کے مرکز سے زیادہ دور نہیں ہے۔ این یو جی کے ترجمان نے فون لاٹ نے کہا کہ "ہمارے پاس موجود اب تک کی معلومات کے مطابق 17 طلبا ہلاک اور 20 زخمی ہوئے ہیں۔ ممکن ہے کہ بعض لوگ بم سے ہونے والے نقصان کی وجہ سے لاپتہ ہوگئے ہوں اس لیے ہلاک شدگان کی تعداد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

مفکر پاکستان شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد

اقبال کی اہلیہ سردار بیگم کی برسی 23 مئی کو

منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) مفکر پاکستان شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی اہلیہ سردار بیگم کی برسی 23 مئی کو منائی جائے گی۔ سردار بیگم جسٹس جاوید اقبال اور منیرہ اقبال کی والدہ تھیں اور علامہ اقبال کی تیسری زوجہ تھیں۔ علامہ اقبال کی پہلی شادی زمانہ طالبعلمی میں کریم بی بی کے ساتھ ہوئی، جن کا تعلق گجرات کے ایک اعلی خاندان سے تھا۔ یہ شادی 4 مئی 1893 کو ہوئی لیکن کامیاب ثابت نہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 یاسمین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

لاہور: شہری پیر ملکی بازار سے خریداری کر رہے ہیں